آپکو امریکا آنے پرخوش آمدید:
نئے آبادکاروں (امیگرنٹس) کے لئے رہنمائی

U.S. Citizenship and Immigration Services

M-618-U

آپکو امریکا آنے پرخوش آمدید:

نئے آبادکاروں (امیگرنٹس) کے لئے رہنمائی

U.S. Citizenship
and Immigration
Services

U.S. GOVERNMENT OFFICIAL EDITION NOTICE

Use of ISBN Prefix

This is the Official U.S. Government edition of this publication and is herein identified to certify its authenticity. Use of the 0-16 ISBN prefix is for U.S. Government Printing Office Official Editions only. The Superintendent of Documents of the U.S. Government Printing Office requests that any reprinted edition clearly be labeled as a copy of the authentic work with a new ISBN.

The information presented in *Welcome to the United States: A Guide for New Immigrants* is considered public information and may be distributed or copied without alteration unless otherwise specified. The citation should be:

U.S. Department of Homeland Security, U.S. Citizenship and Immigration Services, Office of Citizenship, *Welcome to the United States: A Guide for New Immigrants*,Washington, DC, 2007.

USCIS has purchased the right to use many of the images in *Welcome to the United States: A Guide for New Immigrants*. USCIS is licensed to use these images on a non-exclusive and non-transferable basis. All other rights to the images, including without limitation and copyright, are retained by the owner of the images. These images are not in the public domain and may not be used except as they appear as part of this guide.

This guide contains information on a variety of topics that are not within the jurisdiction of DHS/USCIS. If you have a question about a non DHS/USCIS issue, please refer directly to the responsible agency or organization for the most current information. This information is correct at the time of printing; however, it may change in the future.

آپکو امریکا آنے پرخوش آمدید:

نئے آبادکاروں (امیگرنٹس) کے لئے رہنمائی

امریکا کا مستقل باشندہ بننے پر ہم آپکو مبارکبادی دیتے ہیں۔ امریکا کے صدر اور امریکا کے عوام کی جانب سے ہم آپکو خوش آمدید کہتے ہیں اور چاہتے ہیں کہ آپکو امریکا میں ہر کامیابی نصیب ہو۔

دنیا کے ہر گوشے سے آنے والے امیگرنٹس کو خوش آمدید کہنا امریکا کی طویل تاریخ ہے۔ امیگرنٹس نے اس ملک کو جو کچھ دیا ہے امریکا اس کی قدر دانی کرتا ہے۔ امیگرنٹس ملک کو بہتر بنانے اور ایک آزاد اور متعدد مواقعوں والے ملک کی حیثیت سے اسکے ورثے کو محفوظ رکھنے کا سلسلہ جاری رکھے ہوئے ہیں۔

امریکا کے مستقل باشندے کی حیثیت سے آپ نے اس ملک کو اپنا گھر کہنے کا فیصلہ کیا ہے۔ جیسے جیسے آپ اپنی منزل مقصود پانے کے لئے کام میں مصروف ہوتے ہیں، کچھ وقت اس ملک، اس کی تاریخ اور اسکے لوگوں کے بارے میں واقفیت بڑھانے کے لئے بھی نکالیں۔ اب یہ آپ کا حق بھی بنتا ہے اور آپکی ذمہ داری بھی کہ آپ اس ملک کے مستقبل کو ڈھالیں اور اس کی مسلسل کامیابی کو یقینی بنائیں۔

اب اس عظیم ملک کے باشندے کی حیثیت سے آپ اپنی زندگی کا آغاز جو کررہے ہیں، دلچسپ مواقع آپ کے منتظر ہیں۔ ہم آپکو امریکا آنے پر خوش آمدید کہتے ہیں۔

یو ایس سٹزن اینڈ امگریشن سروسز (USCIS)

امریکا میں آباد ہونا

کیا آپ ایک مستقل باشندے کی حیثیت سے اپنے حقوق سے آگاہ ہیں؟
دیکھئے صفحہ 6-

کیا آپکے پاس اپنی ضرورت کے تمام اہم دستاویز موجود ہیں؟
دیکھئے صفحہ 7-

کیا آپکو ملازمت کی ضرورت ہے؟
دیکھئے صفحہ 21-

کیا آپکو رہائش کے لئے جگہ درکار ہے؟
دیکھئے صفحہ 14-

کیا آپکو ہیلتھ کیئر (طبّی خدمات) کی ضرورت ہے؟
دیکھئے صفحہ 27-

کیا آپکے بچے ہیں؟
دیکھئے صفحہ 32-

کیا آپکو پتا ہے کہ ناگہانی ضرورت، یا امرجنسی کی صورت میں آپکو کیا کرنا چاہیئے؟ دیکھئے صفحہ 42-

کیا آپکو انگریزی سیکھنے کی ضرورت ہے؟
دیکھئے صفحہ 37 -

کیا آپ امریکہ کے بارے میں اور جاننا چاہتے ہیں؟
دیکھئے صفحہ 48-

کیا آپ شہری بننا چاہتے ہیں؟
دیکھئے صفحہ 56-

فہرست عنوان

آپکو امریکا آنے پرخوش آمدید: نئے آبادکاروں (امیگرنٹس) کے لئے رہنمائی i
وفاقی محکمے اور ایجنسئاں iv
مزید معلومات کے لئے v

اس گائڈ کے بارے میں 1
مدد حاصل کرنا 2
اپنی کمیونٹی کی سرگرمیوں میں حصہ لیں 3

ایک مستقل باشندے کی حیثیت سے آپکے حقوق اور آپکی ذمّہ داریاں 5
آپکے حقوق اور ذمّہ داریاں 6
مستقل باشندے کی حیثیت کو برقرار رکھنا 7
اگر آپ ایک مشروط باشندے ہیں 8
قانونی مدد کی تلاش 9
مستقل باشندوں کے لئے مجرمانہ رویّے کے نتائج 11

امریکا میں آباد ہونا 13
رہائش کی جگہ تالاش کرنا 14
سوشل سیکیورٹی نمبر حاصل کرنا 17
آپنے پیسوں کی نگاہ داشت کرنی 19
ملازمت کی تالاش 21
ٹیکسز (محصول) کی ادائگی 24
امریکا میں سفر کرنا 26
اپنی صحت کی دیکھ بھال کرنا 27
دیگر وفاقی منفعتی پروگرام 29

تعلیم اور بچوں کی دیکھ بھال 31
تعلیم 32
علی تعلیم: کالج اور یونورسٹیز 36
تعلیم بالغاں 37
انگریزی سیکھنی 37
بچوں کی دیکھ بھال 38

امرجنسی (ناگہانی ضرورت) اور تحفظ 41
امرجنسی میں مدد: 911 کال کریں 42
اپنے گھر اور اپنی فیملی کو محفوظ رکھنا 43
ہوملینڈ سیکیورٹی ایڈوائزری سسٹم فار ٹیررسٹ اٹیکس(دہشت گرد حملوں کے لئے وطن کا حفاظتی مشاورتی نظام) 44

امریکا کے بارے میں معلومات حاصل کرنا 47
ہم جو عوام ہیں: امریکا میں شہری کا کردار 48
امریکا کا آغاز کیسے ہوا 48
"ایک زیادہ کامل اتحاد" پیدا کرنا 50
وفاقی حکومت کیسے کام کرتی ہے 52
قانون ساز شعبہ: کانگریس 52
دی اگزیکیوٹو برانچ: دی پریزڈنٹ (انتّظامیہ شعبہ: صدر) 54
دی جوڈشل برانچ: دی سپریم کورٹ (عدالتی شعبہ: سپریم کورٹ) 54
ریاستی اور مقامی حکومت 54

امریکی سٹیزن (شہری) بننا 57
امریکی شہری کیوں بنا جائے؟ 58
نیچرلائزیشن: شہری بننا 58

امریکا آج کے دن (نقشہ) 65

وفاقی تعطیلات 66

فوٹو کریڈٹس 66

آپ اپنی منزل کی طرف گامزن ہیں 67

وفاقی محکمے اور اجنسیئاں

اگر آپکو کسی سوال کے بارے میں شک ہے کہ اسکا جواب کس محکمے سے ملیگا، تو سب سے پہلے 1-800-FED-INFO (یا 1-800-333-4636) کو کال کر کے پوچھیں کہ آپکو کہاں کال کرنا چاہیئے۔ کمزور سماعت والے 1-800-326-2996 کال کر سکتے ہیں۔

آپ وفاقی محکموں اور ایجنسیز کے بارے میں عام معلومات کے لئے http://www.USA.gov بھی ویزٹ کر سکتے ہیں۔

محکمہ تعلیم (ED)
Department of Education
U.S. Department of Education
400 Maryland Avenue SW
Washington, DC 20202
فون: 1-800-872-5327
کمزور سماعت والوں کے لئے: 1-800-437-0833
http://www.ed.gov

مساوی مواقع برائے روزگار کمیشن (EEOC)
Equal Employment Opportunity Commission
U.S. Equal Employment Opportunity Commission
1801 L Street NW
Washington, DC 20507
فون: 1-800-669-4000
کمزور سماعت والوں کے لئے: 1-800-669-6820
http://www.eeoc.gov

محکمہ برائے صحت و انسانی خدمات (HHS)
Department of Health and Human Services
U.S. Department of Health and Human Services
200 Independence Avenue SW
Washington, DC 20201
فون: 1-877-696-6775
http://www.hhs.gov

ڈپارٹمنٹ آف ہوملینڈ سکیورٹی (DHS)
(محکمہ برائے تحفظ وطن)
Department of Homeland Security
U.S. Department of Homeland Security
Washington, DC 20528
http://www.dhs.gov

یو ایس سٹزن اینڈ امگریشن سروسز (USCIS)
U.S. Citizenship and Immigration Services
فون: 1-800-375-5283
کمزور سماعت والوں کے لئے: 1-800-767-1833
http://www.uscis.gov

یو ایس کسٹمز اینڈ بارڈر پروٹکشن (CBP)
(امریکی محصول و سرحدی تحفظ)
U.S. Customs and Border Protection
فون: 202-354-1000
http://www.cbp.gov

یو ایس امگریشن اینڈ کسٹمز انفارسمنٹ (ICE) (امریکی امگریشن اور کسٹمز کا نفاذ)
U.S. Immigration and Customs Enforcement
http://www.ice.gov

ڈپارٹمنٹ آف ہاؤزنگ اینڈ اربن ڈولپمنٹ (HUD)
(محکمہ برائے رہائش و شہری ترقی)
Department of Housing and Urban
U.S. Department of Housing and Urban Development
451 7th Street SW
Washington, DC 20410
فون: 202-708-1112
کمزور سماعت والوں کے لئے:202-708-1455
http://www.hud.gov

محکمہ انصاف (DOJ)
(امریکن محکمہ انصاف)
Department of Justice
U.S. Department of Justice
950 Pennsylvania Avenue NW
Washington, DC 20530-0001
فون: 202-514-2000
http://www.usdoj.gov

انٹرنل ریونیو سروس (IRS)
Internal Revenue Service
فون: 1-800-829-1040
کمزور سماعت والوں کے لئے: 1-800-829-4059
http://www.irs.gov

سیلیکٹو سروس سسٹم (SSS)
Selective Service System
Registration Information Office
PO Box 94638
Palatine, IL 60094-4638
فون: 847-688-6888
کمزور سماعت والوں کے لئے: 847-688-2567
http://www.sss.gov

سوشل سیکیورٹی ایڈمنسٹریشن (SSA)
Social Security Administration
Office of Public Inquiries
6401 Security Boulevard
Baltimore, MD 21235
فون: 1-800-772-1213
کمزور سماعت والوں کے لئے: 1-800-325-0778
http://www.socialsecurity.gov
یا http://www.segurosocial.gov/espanol/

ڈیپارٹمنٹ آف سٹیٹ (DOS)
Department of State
U.S. Department of State
2201 C Street NW
Washington, DC 20520
فون: 202-647-4000
http://www.state.gov

مزید معلومات کے لئے:

ہماری ویب سائٹ http://www.uscis.gov کو استعمال کریں۔برائے مہربانی http://www.welcometousa.gov کو بھی استعمال کریں جو کہ نئے آبادکاروں کی معلومات کا وسیلہ ہے۔

کسٹومر سروس کو 1-800-375-5283 پر، یا (کمزور سماعت والے) 1-800-767-1833 پر کال کریں۔

USCIS کے فارمز حاصل کرنے کے لئے 1-800-870-3676 کال کریں، یا USCIS کی ویب سائٹ پر دیکھیں۔

اس گائڈ کے بارے میں

امریکہ میں اپنی نئی زندگی سے مانوس ہونے میں آپکو وقت لگے گا۔ اس گائڈ میں وہ بنیادی معلومات درج ہیں جو آپکو امریکہ میں آباد ہونے اور ان چیزوں کو تلاش کرنے میں مدد دینگی، جو آپکو اورآپکی فیملی کوروز مرہ کی زندگی کے لئے درکار ہیں۔ اس میں آپکی قانونی حیثیت کے بارے میں اور ان ایجنسیؤں اور تنظیموں کے بارے میں جو آپکو دستاویزات یا ضروری خدمات مہیّا کرتی ہیں کی اہم معلومات خلاصے کی شکل میں درج ہے۔

ایک مستقل باشندے کی حیثیت سے آپکو چاہیئے کہ آپ اس ملک اوراسکے عوام اور نظام حکومت کے بارے میں سیکھنا شروع کریں۔ اس گائڈ کو استعمال کر کے ایک نئے امیگرنٹ کی حیثیت سے اپنے حقوق اور ذمہ داریؤں کے بارے میں پتا کیجئے، یہ معلوم کیجئے کہ ہماری وفاقی، ریاستی، اور مقامی حکومتیں کس طرح کام کرتی ہیں، اور یہ سیکھئے کہ اس ملک کو ڈھالنے میں اہم تاریخی واقعات نے کیا کردار ادا کیا ہے۔ یہ گائڈ اپنی کمیونٹی میں دلچسپی لینے کی اہمیت کی بھی وضاحت کرتا ہے اور اس میں آپکی مدد کے لئے تجاویز پیش کرتا ہے۔

یہ گائڈ حقوق، ذمہ داریؤں، اور مستقل باشندوں سے متعلق طریق کار کا ایک عام خلاصّہ مہیّا کرتی ہے۔ زیادہ مخصوص اور مفصّل معلومات کے لئے یو ایس سٹزن اینڈ امگریشن سروسز (USCIS) کے قوانین، ضوابط، فارمز اور رہنمائی سے رجوع فرمایئں۔ امیگراشن سے متعلق اپنے مخصوص سوال یا معاملے کے لئے آپکو ہمیشہ ان زیادہ تفصیلی وسائل سے صلاح کرنی چاہئے۔ آپکے کام کی زیادہ تر معلومات USCIS کی ویب سائٹ http://www.uscis.gov پر دستیاب ہے۔ آپ USCIS کے فارم 1-800-870-3676 پر کال کرکے حاصل کر سکتے ہیں اور مزید معلومات کے لئے کسٹومر سروس کو 1-800-375-5283 پر، یا کمزور سماعت والے 1-800-767-1833 پر کال کر سکتے ہیں۔

مدد حاصل کرنا

یہ گائڈ آپکو ابتدائی مدد مہیّا کریگی، لیکن امریکا میں زندگی کے بارے میں آپکے سب سوالوں کے جواب نہیں دے سکتی۔ مزید معلومات کے لئے آپ شاید کسی وفاقی، ریاستی، یا مقامی حکومت کے دفتر سے رابطہ کرکے آپکو جن خدمات کی ضرورت ہے انکے بارے میں پوچھنا چاہیں، یا کسی ایسی مقامی تنظیم سے صلاح کرنا چاہیں جو امیگرنٹس کو نئی زندگی اپنانے میں مدد کرتی ہے۔ نیچے درج مفت وسائل کی مدد سے آپ یہ دفاتر اور تنظیمیں تالاش کر سکتے ہیں۔

پبلک لائبریری

امریکا میں پبلک لائبریریاں مفت ہوتی ہیں اور انکے دروازے ہر ایک کے لئے کھلے ہوتے ہیں۔ لائبریریزتقریباً ہر کمیونٹی میں واقع ہوتی ہیں۔ لائبریری کا عملہ تقریباً ہر موضوع پر معلومات ڈھونڈنے میں آپکی مدد کر سکتا ہے اور آپکو ایک لائبریری کارڈ دے سکتا ہے، جس کے ذریعہ آپ کتابوں اور وڈیو ٹیپس جیسی اشیاء بلا معاوضہ ادھار لے سکتے ہیں۔ اکثر لائبریریز آپکے پڑھنے کے لئے مقامی اخبارات بھی رکھتی ہیں اور کمپیوٹر جو آپ انٹرنیٹ پر سرچ کرنے کے لئے استعمال کر سکتے ہیں۔ لائبریری کے عملے سے کہیں کہ وہ آپکو کمپیوٹر پرانٹر نیٹ کی سرچ کرنا سکھا دیں۔

بعض لائبریریاں انٹرنیٹ پر تلاش کا طریقہ سکھانے کے لئے مفت کلاسیں کراتی ہیں۔ بعض لائبریریاں انگریزی زبان کی ٹیوٹرنگ یا کلاسیں اور بچوں اور بڑوں کے لئے دیگر پروگرام بھی کراتی ہیں۔

آپکی لوکل (مقامی) فون کی کتاب

آپکی لوکل ”فون بک“ (ٹیلیفون ڈریکٹری) وفاقی، ریاستی، اور مقامی کمیونٹی سروسز کے فون نمبر اور انکے بارے میں اہم معلومات رکھتی ہے۔ فون بک میں امرجنسی، یا ناگہانی ضرورت سے متعلق معلومات، مقامی نقشے، اور فون سروس حاصل کرنے کے طریقے دئے گئے ہیں۔سفید صفحات میں انفرادی لوگوں کے نمبر ہیں، پیلے صفحوں پر کاروباروں کے اور تنظیموں کے نمبر اور پتے موجود ہیں، اور نیلے صفحات پر مقامی، ریاستی، اور وفاقی حکومتوں کے دفاتر کے فون نمبر اور پتے درج ہیں۔ آپ اپنے فون پر بھی، 411 ڈائل کر کے امریکا میں کسی بھی جگہ کا کوئی مخصوص فون نمبر حاصل کر سکتے ہیں۔ ہو سکتا ہے کہ آپکے شہر کی اپنی کمیونٹی فون بک ہو۔

انٹر نیٹ

انٹر نیٹ کے ذریعہ آپ بہت سے معلومات کے سر چشموں سے رابطہ کر سکتے ہیں، بشمول وفاقی،ریاستی، اور مقامی حکومتوں کی ایجنسیز کے ساتھ۔ زیادہ تر گورنمنٹ کی ویب سائٹس کے آخر میں ''.gov'' آتا ہے۔ اگر آپکے پاس گھر پر کمپیوٹر نہیں ہے، تو آپ اپنی پبلک لائبریری میں ایک کمپیوٹر استعمال کر سکتے ہیں، یا کسی ''انٹر نیٹ کیفے'' میں جاکر، انٹر نیٹ کیفے ایک ایسی بزنس ہے جو کمپیوٹرپر انٹر نیٹ کا استعمال ایک فیس لیکر مہیّا کرتی ہے۔ آپ انٹر نیٹ کو ملازمت ڈھونڈنے، رہائش تلاش کرنے، اپنے بچوں کے لئے سکولوں کے بارے میں معلومات حاصل کرنے، اور اپنی مدد کے لئے کمیونٹی کی تنظیموں اور وسائل کے بارے میں پتا لگا سکتے ہیں۔ انٹر نیٹ پر آپکو اہم خبریں اورحالات حاضرہ بھی ملتے ہیں اور امریکی زندگی، امریکا کی تاریخ اور حکومت، اور اپنی مقامی کمیونٹی سے متعلق دلچسپ معلومات بھی۔ نئے آبادکاروں کے لئے وفاقی حکومت کے مہیاکردہ تمام وسائل کی معلومات کے لئے http://www.welcometousa.gov کی ویب سایٹ پر جائیں۔

کام کی بات: ایک امیگرنٹ کے طور پر آپ کو یہ معلوم ہونا چاہیئے کہ بے ایمان لوگوں نے گورنمنٹ کی ویب سائٹس سے ملتی جلتی ویب سائٹس بنا لی ہیں تاکہ آپکو مغالطے میں ڈال کر آپ سے فائدہ اٹھا سکیں۔ یاد رکھیں کہ یو ایس سٹزن اینڈ امگریشن سروسز (USCIS) کی سرکاری ویب سائٹ http://www.uscis.gov ہے۔

امیگرنٹس کی مدد کرنے والی کمیونٹی۔۔ اورمذہب کی بنیادوں پر قائم تنظیمیں

کئی کمیونٹیز میں ایسی تنظیمیں ہیں جو امیگرنٹس کو مفت یا بہت کم قیمت پر امداد فراہم کرتی ہیں۔ یہ تنظیمیں آپکو اپنی کمیونٹی کے بارے میں اور ان خدمات کے بارے میں جو آپکو بحیثیٹ ایک امیگرنٹ دستیاب ہیں، جاننے میں مدد کر سکتی ہیں۔ آپ ان تنظیموں کو تلاش کرنے کے لئے انٹر نیٹ پر ڈھونڈ سکتے ہیں، اپنی فون بک میں دیکھ سکتے ہیں، مقامی پبلک لائبریری میں دریافت کر سکتے ہیں، یا اپنی مقامی گورنمنٹ سوشل ایجنسی سے پتا کر سکتے ہیں۔

اپنی کمیونٹی کی سرگرمیوں میں حصہ لیں

اپنی کمیونٹی کے معاملات میں شریک ہونے سے آپکی اجنبیّت ختم ہو جایئگی۔ کمیونٹی معلومات کا بھی ایک اچھا سر چشمہ ہے۔ کمیونٹی میں شمولیّت حاصل کرنے کے کچھ طریقے یہ ہیں:

- اپنا تعارف کرایئں اور اپنے ہمسایئوں سے واقفیت کریں۔
- کمیونٹی کی ایسی تنظیموں سے بات کریں، یا انکو ویزٹ کریں، جو امریکا میں سیٹل ہونے کے لئے امیگرنٹس کی مدد کرتی ہیں۔
- اپنی عبادت گاہ میں کسی گروہ میں شامل ہو جایئں۔
- اپنے پڑوس کی کسی اسوسیئشن میں شرکت کریں۔ یہ آپکے قریبی علاقے کے لوگوں کا ایسا گروہ ہے جو محلے کو متاثر کرنے والی چیزون پر مل کر کام کرنے کے لئے ملتا ہے۔
- کسی کمیونٹی کی تنظیم میں، سکول میں، یا عبادت گاہ میں رضاکارانہ کام کریں۔
- انگریزی کی کسی کلاس میں داخلہ لیں۔

آپ ڈپارٹمنٹ آف ہاؤزنگ اینڈ اربن ڈولپمنٹ کی ویب سائت، http://www.hud.gov سے کمیونٹی میں حصہ لینے کے مزید طریقوں کے بارے میں پتا کر سکتے ہیں۔ ''کمیونٹیز'' کے سیکشن میں کمیونٹی کے بارے میں معلومات اور شرکت سے متعلق تجاویز ڈھونڈیں۔

مزید معلومات کے لئے:

ہماری ویب سائٹ http://www.uscis.gov کو استعمال کریں۔برائے مہربانی http://www.welcometousa.gov کو بھی استعمال کریں جو کہ نئے آبادکاروں کی معلومات کا وسیلہ ہے۔

کسٹومر سروس کو 1-800-375-5283 پر، یا (کمزور سماعت والے) 1-800-767-1833 پر کال کریں۔

USCIS کے فارمز حاصل کرنے کے لئے 1-800-870-3676 کال کریں، یا USCIS کی ویب سائٹ پر دیکھیں۔

ایک مستقل باشندے کی حیثیّت سے آپکے حقوق اور آپکی ذمہ داریاں

ایک مستقل باشندے کی حیثیّت سے آپ سے توّقع کی جاتی ہے کہ آپ امریکہ کے ساتھ احترام اوروفاداری کا رویّہ رکھینگے اور ہمارے ملک کے قوانین کی تعمیل کرینگے۔ ایک مستقل باشندہ ہونے کا یہ بھی مطلب ہے کہ آپ کے نئے حقوق اور نئی ذمہ داریاں ہیں۔

مستقل باشندہ ہونا ایک ”مراعات“ ہے، ”حق“ نہیں۔ مخصوص صورتوں میں امریکی حکومت آپ سے آپکی مستقل باشندے کی حیثیت واپس لے سکتی ہے۔ اگر آپ امریکہ میں رہنا اور کام کرنا چاہتے ہیں اور ایک دن امریکی شہری بننا چاہتے ہیں، تو آپکو اپنی مستقل باشندے کی حیثیت کو برقرار رکھنا ہوگا۔ اس سیکشن میں آپ سیکھینگے کہ مستقل باشندہ ہونے کا کیا مطلب ہے اور آپ اپنی مستقل باشندے کی حیثیت کس طرح برقراررکھ سکتے ہیں۔

آپکے حقوق اور ذمہ داریاں

آپ اس وقت بطورایک مستقل باشندے کے جو کچھ کرتے ہیں، بعد میں اس سے آپکی امریکی شہری بننے کی اہلیت متاثر ہو سکتی ہے۔ امریکی شہری بننے کے عمل کو ”نیچرلائزیشن“ کہا جاتا ہے۔

ایک مستقل بقشندے کی حیثیت سے آپ کو حق پہنچتا ہے کہ آپ:

- امریکا میں کہیں بھی مستقل طور پر رہیں اور کام کریں۔
- اہل ہوجانے پر امریکی شہری بننے کے لئے درخواست دیں۔
- اپنے شوہر یا بیوی اور غیر شادی شدہ بچوں کے لئے امریکا میں رہنے کے لئے ویزا درخواست کریں۔
- اہل ہونے کی صورت میں سوشل سیکیورٹی، سپلیمنٹری سیکیورٹی آمدنی، اور میڈیکیئر کے منفعت حاصل کریں۔
- امریکا میں جائداد کے مالک بنیں۔
- اپنی ریاست یا علاقے میں ڈرائورز لائسنس کے لئے اپلائی کریں۔
- امریکا سے باہرجائیں اور واپس آیئں، مخصوص شرائط کے تحت۔
- پبلک سکول اور کالج میں تعلیم حاصل کریں۔
- امریکا کی مسلح افواج کے مخصوص شعبوں میں بھرتی ہوں۔
- بندوق جیسا آتشین اسلحہ خریدیں یا اپنی ملکیّت میں رکھیں، بشرطیکہ اسکے خلاف کوئی مقامی یا ریاستی پابندیاں نہ ہوں۔

ایک مستقل باشندے کی حیثیّت سے آپکی ذمہ داری ہے کہ:

- تمام وفاقی، ریاستی، اور مقامی قوانین کی تعمیل کریں۔
- وفاقی، ریاستی، اور مقامی انکم ٹیکسز ادا کریں۔
- اگر آپ 18 سے 26 برس کے درمیان کی عمر کے مرد ہیں، تو سیلیکٹو سروس (امریکی مسلح افواج) کے ساتھ اندراج کریں۔ ہدایات کے لئے دیکھیں صفحہ 8۔
- اپنی مستقل باشندے کی حیثیّت برقرار رکھیں۔
- مستقل باشندہ ہونے کا ثبوت ہر وقت اپنے ساتھ رکھیں۔
- جب بھی اپنی رہائش تبدیل کریں، تو تبدیلی کے دس 10 دن کے اندر اندرڈپارٹمنٹ آف ہوم لینڈ سیکیورٹی (DHS) کو اپنے نئے پتے سے تحریرا مطلع کریں۔ ہدایات کے لئے دیکھیں صفحہ 8۔

مستقل باشندوں کو انکی امریکا میں قانونی حیثیّت کے ثبوت کے طور پر ایک قانونی پرمننٹ ریزڈنٹ کارڈ ”Permanent Resident Card“ (Form I-551) جاری کیا جاتا ہے۔ بعض لوگ اس کو ”گرین کارڈ“ کہتے ہیں۔ اگر آپ ایک مستقل باشندہ ہیں جسکی عمر 18 سال یا اس سے اوپر ہے، تو آپکو اپنی امیگریشن کی حیثیّت کا ثبوت اپنے ساتھ رکھنا چاہیئے۔ کسی امیگریشن افسر کے کہنے پریہ اسکو دکھانا چاہیئے۔ آپکا کارڈ دس سال کے لئے بنتا ہے اور اسکی جائز مدّت ختم ہونے سے پہلے اسکا رنیوٗ کرا لینا ضروری ہے۔ اپنے پرمننٹ ریزڈنٹ کارڈ کو رنیو کرانے یا اس کی جگہ نیا بنوانے کے لئے آپکو Form I-90 داخل کرنا ہوگا۔ یہ فارم آپکو http://www.uscis.gov پر، یا USCIS فارمز لائن کو کال کرنے پر مل سکتا ہے۔ Form I-90 داخل کرنے کی ایک فیس ہے۔

آپکا پرمننٹ ریزڈنٹ کارڈ دکھاتا ہے کہ آپکو امریکا میں رہنے اور کام کرنے کی اجازت ہے۔ آپ اپنا پرمننٹ ریزڈنٹ کارڈ امریکا میں دوبارہ داخل ہونے کے لئے بھی استعمال کر سکتے ہیں۔ اگر آپ 12 ماہ سے زیادہ امریکا سے باہر رہے ہیں، تو آپکو مستقل باشندے کی حیثیت سے امریکا میں دوبارہ داخل ہونے کے لئے مزید دستاویزات دکھانے کی ضرورت ہوگی۔ امریکہ سے 12 ماہ سے زیادہ عرصہ باہر رہنے کے بعد ملک میں دوبارہ داخل ہونے کے لئے جو دستاویزات درکار ہیں ان پر مزید معلومات کے لئے صفحہ 7 دیکھیں۔

دیگر اہم دستاویزات

آپ اپنے دیس سے جو اہم دستاویزات لائے ہیں انکو کسی محفوظ جگہ پر رکھیں۔ ان دستاویزات میں آپکا پاسپورٹ، پیدائش کا سرٹیفکیٹ،شادی کا سرٹیفکیٹ، طلاق کا سرٹیفکیٹ، ہائی سکول یا کالج کی پڑھائی مکمل کرنے کے ڈپلوما، اور حاصل کی ہوئی مخصوص ٹریننگ یا مہارتوں کے سرٹیفکیٹ شامل ہیں۔

مستقل باشندے کی حیثیت برقرار رکھنا

اپنی مستقل باشندے کی حیثیت برقرار رکھنے کے لئے آپکو بعض چیزیں کرنی ہونگی۔ اگر آپ مستقبل میں امریکی شہریت کے لئے درخواست دینے کا ارادہ رکھتے ہیں، تو بھی ان چیزوں کا خیال رکھنا ضروری ہے۔

- لمبے عرصے کے لئے امریکا چھوڑ کر نہ جائیں اور نہ کسی اور ملک میں مستقل رہائش اختیار کرنے کے لئے منتقل ہوں۔
- وفاقی، ریاستی، اور واجب ہونے کی صورت میں مقامی، انکم ٹیکس ریٹرنز داخل کریں۔
- اگر آپ 18 برس سے 26 برس کی عمر کے مرد ہیں، تو سیلیکٹو سروس کے ساتھ ریجسٹرٹ کریں۔
- DHS کو اپنا نیا پتا مہیّا کریں۔

اپنا امیگریشن سٹیٹس برقرار رکھیں

ایسے مستقل باشندے جو امریکا کو لمبے عرصوں کے لئے چھوڑ کر جاتے ہیں یا جو یہ ظاہر نہیں کر سکتے کہ وہ امریکا میں مستقل رہنے کا ارادہ رکھتے ہیں، اپنی مستقل باشندے کی حیثیت کھو سکتے ہیں۔ کئی امیگرنٹس سمجھتے ہیں کہ اگر وہ سال میں کم از کم ایک بار واپس امریکا آتے رہیں، تو وہ جتنا عرصہ چاہیں امریکہ سے باہر رہ سکتے ہیں۔ یہ غلط ہے۔ اگر آپ سمجھتے ہیں کہ آپ 12 ماہ سے زیادہ عرصہ کے لئے امریکا سے باہر ہونگے، تو آپکو ملک چھوڑنے سے پیشتر ری۔اینٹری (دوبارہ داخلے) کی پرمٹ کے لئے اپلائی کرنا چاہیئے۔ آپکو Form I-131، 'ایپلکیشن فار اے ٹریول ڈاکیومنٹ' "Application for a Travel Document" فائل کرنا چاہیئے۔ یہ فارم آپ http://www.uscis.gov پر، یا USCIS فارمز لائن کو 1-800-870-3676 پر کال کر کے حاصل کر سکتے ہیں۔ Form I-131 درج کرنے کے لئے آپکو ایک فیس دینی ہوتی ہے۔

ایک ری۔اینٹری پرمٹ دو سال تک کے عرصے کے لئے ہوتی ہے۔ پورٹ آف اینٹری پر آپ ویزا یا اپنے پرمننٹ ریزڈنٹ کارڈ کی جگہ ری۔اینٹری پرمٹ دکھا سکتے ہیں۔ ری۔اینٹری پرمٹ رکھنے کا یہ مطلب نہیں ہے کہ آپکو واپسی پر امریکا میں داخل ہونے کی لازمی طور پر اجازت مل جائیگی، لیکن اسکی وجہ سے آپ یہ زیادہ آسانی سے دکھا سکینگے کہ آپ باہر سے عارضی ویزٹ کے بعد واپس آرہے ہیں۔ مزید معلومات کے لئے http://www.state.gov پر جائیں، یا اپنے قریبی سمندر پار ڈپارٹمنٹ آف اسٹیٹ کونسولر آفس کو وزیٹ کریں۔



ٹیکس ریٹرن درج کریں

ایک مستقل باشندے کی حیثیت سے آپکو اپنے انکم ٹیکس ریٹرنز فائل کرنا ضروری ہے اور، اگر لازم قرار دیا جائے تو اپنی آمدنی انٹرنل ریوینیو سروس، اور اپنی ریاستی، شہری، یا مقامی ٹیکس ڈپارٹمنٹ کو رپورٹ کریں۔ اگر آپ کسی عرصہ کے لئے امریکا سے باہر قیام کے دوران انکم ٹیکس فائل نہیں کرتے، یا اگر آپ اپنے ٹیکس ریٹرن پر لکھتے ہیں کہ آپ ”نون-امیگربٹ“ ہیں، یعنی امیگرنٹ نہیں ہیں، تو امریکی حکومت اس فیصلہ پر پہنچ سکتی ہے کہ آپ نے اپنی مستقل باشندے کی حیثیت ترک کردی ہے۔

سیلیکٹو سروس کے ساتھ اندراج کرائیں

اگر آپ ایک مرد ہیں اور آپکی عمر 18 سے 26 برس کے اندر ہے، تو آپکو سیلیکٹو سروس کے ساتھ ریجسٹر کرنا ضروری ہے۔ جب آپ ریجسٹر کرتے ہیں تو آپ حکومت کو مطلع کرتے ہیں کہ آپ امریکی مسلح افواج میں خدمت کے لئے حاضر ہیں۔ امریکا میں اس وقت ملٹری ڈرافت رائج نہیں ہے۔ اسکا مطلب ہے کہ سوائے اسکے کہ انکی اپنی مرضی ہو، مستقل باشندوں اور شہریوں کو مسلح افواج میں خدمت کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

آپ کسی امریکی پوسٹ آفس یا انٹرنیٹ پر اپنے کو ریجسٹر کرا سکتے ہیں۔ سیلیکٹو سروس میں انٹرنیٹ پر اپنا اندراج کرانے کے لئے سیلیکٹو سروس کی ویب سائٹ: http://www.sss.gov ویزٹ کریں۔ سیلیکٹو سروس میں کسی سے بات کرنے کے لئے 847-688-6888 کال کریں۔ یہ کال مفت نہیں ہے۔

آپکو USCIS کی ویب سائٹ http://www.uscis.gov پر بھی معلومات مل سکتی ہیں۔

اپنا نیا پتا DHS کو مہیّا کریں

جب بھی آپ منتقل ہوتے ہیں تو DHS کو اپنے نئے پتے سے مطلع کریں۔ آپ کو ، Form AR-11، غیر ملکی کے پتے کی تبدیلی کا کارڈ Alien’s Change of Address Card، فائل کرنا ہوگا۔ یہ فارم آپکو اپنی منتقلی کے دس دن کے اندر اندر داخل کرنے کی ضرورت ہے۔ اس فارم کے فائل کرنے کی کوئی فیس نہیں ہے۔ آپ اپنا پتہ اون لائن ایک برقیاتی Form AR-11 کے ذریعے http://www.uscis.gov پر تبدیل کر سکتے ہیں۔اون لائن پتہ کی تبدیلی تقریبا“ تمام زیرتجویز کیسوں کے لئے کی جا سکتی ہے۔

مزید معلومات کے لئے USCIS کو 1-800-375-5283 پر کال کریں، یا ویزٹ کریں: http://www.uscis.gov۔

اگر آپ ایک مشروط باشندہ ہیں

ہو سکتا ہے کہ آپ امریکا میں ایک مشروط باشندے (conditional resident, CR) کی حیثیت سے ہوں۔ آپ ایک CR ہیں اگر، جس دن آپکا پرمننٹ ریزڈنٹ سٹیٹس منظور کیا گیا، آپکو اپنے امریکی شہری یا مستقل رہائشی سپاؤس (میاں یا بیوی) کے ساتھ شادی کئے ہوئےدو سال سے کم کا عرصہ ہوا تھا۔ اگر آپکے بچے ہیں تو ہو سکتا ہے کہ وہ بھی CR ہوں۔ بعض امیگرنٹ انویسٹرز (رقم لگانے والے) بھی مشروط باشندے ہوتے ہیں۔

ایک CR کے بھی وہی حقوق اور وہی ذمّہ داریاں ہوتی ہیں جو ایک مستقل باشندے کی۔ مشروط مستقل باشندے کی حیثیت منظور ہونے کے دو سالوں کے اندر مشروط باشندوں کو یا تو Form I-751 ، ”پیٹیشن ٹو رموو دی کنڈیشنز آن ریزڈنس“ “Petition to Remove Conditions on Residence” (رہائش پر سے شرائط ہٹا دینے کی درخواست) یا Form I-829، ”پیٹیشن بائی انٹریپرنوئر ٹو رموو کنڈیشنز“ “Petition by Entrepreneur to Remove Conditions” (منتظم کار کی جانب سے شرائط ہٹا دینے کی درخواست) داخل کرنا چاہیئے۔ یہ تاریخ عموماً آپکے پرمننٹ ریزڈنٹ کارڈ کی اختمامی تاریخ (ایکسپریشن ڈیٹ) ہوتی ہے۔ آپکو یہ فارمز اپنی مستقل باشندے کی حیثیت کی منظوری کے دو سال پورے ہونے سے پہلے 90 دنوں کے اندر اندر فائل کرنے چاہیئں۔ اگر آپ ایسا نہیں کرتے، تو آپ اپنی امیگریشن کی حیثیت کھو سکتے ہیں۔

اپنے شوہر یا بیوی کے ساتھ Form I-751 درج کرنا۔

اگر آپ ایک مشروطی باشندے ہیں اور آپ کی امیگریشن کی بنیاد آپکی ایک شہری یا مستقل باشندے کے ساتھ شادی تھی تو اپنیمستقل باشندے کی حیثیت سے شرائط ہٹوانے کے لئے ضروری ہے کہ آپ اور آپکے شوہر (یا بیوی) Form I-751 اکھٹا فائل کریں۔

بعض اوقات آپکو Form I-751 اپنے شوہر یا بیوی کے ساتھ داخل کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ اگر شادی ختم ہو چکی ہے، یا اگر آپکے میاں یا بیوی نے آپکے ساتھ بدسلوکی کی ہے، تو آپ Form I-751 الگ سے فائل کر سکتے ہیں۔ اگر آپ اپنے شوہر یا بیوی کے ساتھ فائل نہیں کر رہے، تو آپ مشروطی ریزڈنٹ بننے کے بعد Form I-751 کبھی بھی فائل کر سکتے ہیں۔

USCIS کے فارم I-751 اور I-829 کو کس طرح فائل کیا جائے



کون: مشروطی باشندے

کیوں: مشروطی رہائشی حیثیت آپکے مشروطی باشندہ (CR) بننے کے دو سال بعد ختم ہو جاتی ہے۔

کب: اپنے شوہر یا بیوی کے ساتھ اکھٹا فائل کرنے والے مشروط باشندوں کو Form I-751 داخل کرنا ہوگا۔ امیگرنٹ انوسٹرز(رقم جمع کرنے والوں) کو Form I-829 جمع کرنا چاہیئے۔ یہ دونوں فارم مشروط رہائشی حیثیت کے ختم ہونے سے پہلے 90 دنوں کے اندر فائل ہونے چاہیئں۔

فارم کہاں سے وصول کریں: آپ USCIS فارمز لائن کو 1-800-870-3676 پر کال کر سکتے ہیں۔ آپ فارم http://www.uscis.gov سے بھی حاصل کر سکتے ہیں۔

فارم کہاں پر بھیجیں: اسکو کسی USCIS سروس سینٹر پر بھیجیں۔ سروس سینٹرز کے پتے فارم کی ہدایات میں درج ہیں۔

اسکا خرچ کیا آتا ہے: آپکو Form I-751 یا Form I-829 داخل کرنے کے لئے ایک فیس دینی ہوتی ہے۔ اس فیس میں تبدیلی آسکتی ہے، اس لئے فارم روانہ کرنے سے پہلے USCIS سے رائج فیس کے بارے میں پتا کریں۔

اگر آپ Form I-751 یا Form I-829 وقت پر داخل کرتے ہیں، تو عام طور سے USCIS آپکو ایک نوٹس بھیجیگا کہ آپکی CR کی حیثیت کو ایک عرصہ تک کے لئے بڑھا دیا گیا ہے جو عام طور سے بارہ ماہ تک کا عرصہ ہو سکتا ہے۔ اس عرصہ کے دوران USCIS آپکی درخواست کو ریویو کریگا۔

کام کی بات: USCIS اور دیگر حکومتی دفاتر کو آپ جو بھی فارم بھیجیں، اسکی کاپی اپنے پاس رکھیں۔ جب دستاویزیت بھیجیں، تو اصل نہیں بھیجیں۔ کاپیئاں بھیجیں۔ بعض اوقات فارم کھو جاتے ہیں۔ کاپیئاں رکھنے سے آپ مسائل سے بچ سکتے ہیں۔

قانونی مدد کی تلاش

اگر آپکو کسی امیگریشن کے مسلے کے سلسلے میں مدد چاہیئے، تو آپ ایک لائسنس رکھنے والے اور قابل وکیل کی خدمات حاصل کر سکتے ہیں۔ آپ ایک اہل وکیل ڈھونڈنے میں مدد کے لئے اپنی مقامی بار اسوسیشن سے دریافت کر سکتے ہیں۔

بعض ریاستیں امیگریشن لاء میں ماہرین کی تصدیق کرتی ہیں۔ ان وکلاء نے ٹیسٹ پاس کرکے ثابت کیا ہوتا ہے کہ انکو امیگریشن لاء کے بارے میں مخصوص علم ہے۔ آجکل مندرجہء ذیل ریاستیں اپنی ریاست کی بار ویب سائٹس پر تصدیق شدہ ماہرین کی فہرست دیتی ہیں: کیلفورنیا، فلوریڈا، نارتھ کیرولائنا، اور ٹیکسس۔ لیکن یہ یاد رکھیں کہ ذمّہ داری آپکی ہے کہ آپ کس اٹرنی یا وکیل کا انتخاب کرتے ہیں۔ DHS کسی مخصوص وکیل کی تائید یا سفارش نہیں کرتا۔

اگر آپکو کسی امیگریشن کے معاملے میں قانونی مدد کی ضرورت ہے، لیکن وکیل کرنے کے لئے آپکے پاس کافی پیسے نہیں ہیں، تو مدد کے کچھ مفت یا کم خرچ والے راستے بھی موجود ہیں۔ آپ ان سے مدد طلب کر سکتے ہیں:

- **کوئی تسلیم شدہ تنظیم۔** یہ ایسی تنظیمیں ہیں جنکو بورڈ آف امیگیشن اپیلز(BIA) نے تسلیم کیا ہے۔ "تسلیم" ہونے کے لئے ایک تنظیم کے پاس امیگرنٹس کو مدد مہیّا کرنے کے لئے کافی علم اور تجربہ ہونا چاہیئے اور ان خدمات کے لئے وہ صرف بہت

معمولی فیس طلب یا قبول کرسکتی ہے۔ ان BIA کی تسلیم شدہ تنظیموں کی فہرست کے لئے http://www.usdoj.gov/eoir/statspub/recognitionaccreditationroster.pdf پر دیکھیں۔

- **کوئی تسلیم شدہ نمائندہ۔** یہ ایسے لوگ ہیں جو BIA کی "تسلیم شدہ تنظیموں" سے منسلک ہوتے ہیں۔ یہ نمائندے اپنی خدمات کے لئے صرف بہت معمولی فیس مانگ سکتے ہیں یا قبول کر سکتے ہیں۔ ان BIA کے تسلیم شدہ نمائندوں کی فہرست کے لئے http://www.usdoj.gov/eoir/statspub/accreditedreproster.pdf پر جائیں۔
- **کوئی مستند نمائندہ۔** یہ ایسے لوگ ہیں جو مفت خدمات مہیّا کرتے ہیں۔ ان نمائندوں کو امیگراشن کے قانون اور عدالت کے ضوابط اور دستور کے بارے میں علم ہونا چاہیئے۔ مستند نمائندوں کی مثالوں میں شامل ہیں لاء سکول کے طالبعلم اور گریجویٹس اور اچھی اخلاقی سیرت رکھنے والے لوگ جنکا آپ کے ساتھ ذاتی تعلق ہے (رشتہ دار، ہمسایہ، پادری، ساتھ کام کرنے والا، دوست)۔
- **مفت لیگل خدمات (سروس) مہیّا کرنے والے۔** چیف امیگریشن جج کے آفس میں ایسے تسلیم کردہ لوگوں کی فہرست موجود ہے جو امیگریشن کے مقدموں میں مبتلا لوگوں کو مفت قانونی خدمات مہیّا کرتے ہیں (دیکھیں http://www.usdoj.gov/eoir/probono/states.htm)۔ یہ ایک وکلاء اور تنظیموں کی فہرست ہے جو شاید امیگریشن کورٹس میں امیگرنٹس کے مقدمات میں انکی نمائندگی کرنے کو تیار ہوں۔ اس فہرست میں شامل وکیلوں اور تنظیموں نے صرف امیگریشن کے مقدموں میں امیگرنٹس کی پرو بونو (بلا معاوضہ) مدد کرنے کی رضامندی دی ہے، تو ان میں سے بعض شاید ایسے معاملوں میں آپ کی مدد نہ کر سکیں جنکا تعلق عدالت سے نہ ہو (جیسا کہ ویزا کی عرضداشت، نیچرلائزیشن، وغیرہ)۔
- **پرو بونو پروگرام۔** عام طور سے تسلیم شدہ پرو بونو (بلا معاوضہ) تنظیموں اور انکے نمائندوں کی مقامی لسٹیں ہر مقامی USCIS کے دفتر میں دستیاب ہوتی ہیں۔

اگر آپ خانگی تشدد کے ستم رسیدہ ہیں

اگر آپ خانگی تشدد کا شکار ہیں تو آپکو نیشنل ڈمیسٹک وائلنس ہاٹ لائن (نمبر 1-800-799-7233، یا کمزورسماعت والوں کے لئے 1-800-787-3224) کے ذریعہ مدد مل سکتی ہے۔ مدد سپینش اور دیگر زبانوں میں دستیاب ہے۔

خواتین کے خلاف تشدد ایکٹ (وائلنس اگینسٹ ویمن ایکٹ) امریکی شہریوں اور مستقل باشندوں کے ستم زدہ بیوی بچوں کو اجازت دیتا ہے کہ مستقل باشندے بننے کے لئے وہ "سیلف ۔ پیٹیشن" کر سکیں، یعنی اپنی عرضداشت خود فائل کر لیں۔ مزید معلومات کے لئے http://www.uscis.gov دیکھیں، یا نیشنل ڈمیسٹک وائلنس ہاٹ لائن کال کریں۔

امیگریشن کنسلٹنٹ (مشیر) فریب سے خبردار رہیں!

بہت سے امیگریشن کے وکلاء اچھی اہلیت والے اور ایماندار ہوتے ہیں، اور امیگرنٹس کو اچھی خدمات باہم پہنچا سکتے ہیں۔ تاہم بعض ایسے لوگ ہیں جو امیگرنٹس سے ناجائز فائدہ اٹھاتے ہیں۔

اس سے پہلے کہ آپ امیگریشن کے معاملات میں مدد حاصل کرنے کا فیصلہ کریں، اور اس سے پہلے کہ آپ پیسوں کی ادائیگی کریں، ضروری ہے کہ آپ کچھ تحقیق کریں تاکہ آپ اس بارے میں صحیح فیصلے پر پہنچ سکیں کہ آپکو کس قسم کی قانونی مدد درکار ہے۔ اپنے کو امیگریشن فراڈ کا شکار بننے سے بچائیں۔

یہ چند یاد رکھنے کی باتیں ہیں:

- امیگریشن کے معاملات میں مدد کرنے والی کسی نجی تنظیم یا شخص کا USCIS کے ساتھ خصوصی تعلق نہیں۔ جو لوگ سبز باغ دکھاتے ہیں یا USCIS کے ساتھ کسی مخصوص تعلق کا دعوی کرتے ہیں، ان سے سوالات کریں۔ ایسے لوگوں پر بھروسہ نہ کریں جو آپ کو یقین دلاتے ہیں کہ وہ نتائج حاصل کرینگے یا کارروائی کو زیادہ تیز بنا دینگے۔ اگر آپ کسی امیگریشن منفعت کے اہل نہیں ہیں، تو وکیل یا مشیر کی مدد لینے سے یہ بات تبدیل نہیں ہو سکتی۔

- بعض کنسلٹنٹ (مشیر)، ٹریول ایجنسیز، ریئل اسٹیٹ آفسز اور لوگ جو ''نوٹریز پبلک'' کہلاتے ہیں، امیگریشن سروسز مہیّا کرتے ہیں۔ آپ کو چاہیئے کہ لازمی طور پر انکی اہلیت کے بارے میں دریافت کریں اورانکے BIA کی طرف سے تسلیم کئے جانے کے خط یا بار سرٹفکیٹ کی کاپیاں دیکھنے کو کہیں۔ بعض لوگ جو اپنے کو قانونی خدمات مہیّا کرنے کا اہل بتاتے ہیں، دراصل اہل نہیں ہوتے۔ یہ لوگ غلطیاں کر کے آپکے لئے سنگین مسلے کھڑے کر سکتے ہیں۔
- اگر آپ کسی امیگریشن کے مشیر یا وکیل کی مدد لیتے ہیں، تو ایک تحریری معاہدہ (کنٹریکٹ) حاصل کریں۔ اگر آپکی آبائی زبان انگریزی نہیں ہے، تو معاہدہ انگریزی اور آپکی زبان، دونوں میں ہونا چاہیئے۔ معاہدے پر لکھا ہونا چاہیئے کہ آپکو کیا کیا خدمات مہیّا کی جائینگی، اور انکی قیمت کیا ہوگی۔ کنٹریکٹ پر دستخط کرنے سے پہلے حوالے طلب کریں۔
- خدمات کی اجرت کیش یا نقد میں دینے سے بچیں۔ جو اجرت آپ ادا کرتے ہیں اسکی رسید ضرور وصول کریں۔ اپنے اصلی دستاویزات ضرور اپنے پاس ہی رکھیں۔
- کبھی کسی سادے کاغذ (جس پر کچھ لکھا نہ ہو) یا درخواست پردستخط نہ کریں۔ آپ جس چیز پر بھی دستخط کریں، ضروری ہے کہ آپ اسکو پوری طرح سمجھیں۔

اگر آپکے امیگریشن کنسلٹنٹ نے آپکے ساتھ دھوکا بازی کی ہے تو مدد حاصل کیجیئے۔ اپنے ریاستی یا مقامی ڈسٹرکٹ اٹرنی کو، کنزیومر افیرز ڈپارٹمنٹ کو، یا مقامی پولیس ڈپارٹمنٹ کو کال کریں۔

مستقل باشندوں کے لئے مجرمانہ رویّے کے نتائج

امریکا ایک پابند قانون سوسائٹی ہے۔ مستقل رہائشیوں کو امریکا میں تمام قوانین کی تعمیل کرنی ضروری ہے۔ اگرآپ ایک مستقل باشندے ہیں اور آپ امریکا میں کسی جرم کا ارتکاب کرتے ہیں یا کسی جرم میں سزایاب ہوتے ہیں، تو آپکو سنگین مسائل کا سامنا ہو سکتا ہے۔ آپکو ملک سے نکالا جاسکتا ہے، امریکا چھوڑ کر جانے کی صورت میں واپس داخل ہونا ممنوع قرار دیا جاسکتا ہے، اور، بعض مخصوص حالات میں، آپ اپنی شہریت کی اہلیت کھو سکتے ہیں۔ نیچے ایسے جرائم کی مثالیں ہیں جو آپکے مستقل باشندے کی حیثیت کو متاثر کر سکتے ہیں۔

- ایسا جرم جو ''ایگراویٹڈ فیلونی'' (نہایت سنگین جرم) کہلاتا ہے، جس میں تشدد کے ایسے جرائم شامل ہیں جو ایک سال قید کی سزا رکھنے والے سنگین جرم ہیں۔
- قتل۔
- د ہشت گردی۔
- زنا بالجبر۔
- کسی بچے پر جنسی حملہ۔
- منشیات، آتشین اسلحہ، یا انسانوں کی ناجائز تجارت۔
- ایک اخلاقی خباثت والا جرم، جو عموماً ایسا جرم ہوتا ہے جس میں چوری کرنے یا دھوکا دینے کا ارادہ ہوتا ہے؛ جسمانی نقصان کیا جاتا ہے یا کرنے کی دھمکی دی جاتی ہے؛ غیر محتاط رویّہ کی وجہ سے سنگین جسمانی نقصان پہنچایا جاتا ہے؛ یا ایک جنسی بد اخلاقی کا جرم۔

اس کے علاوہ، ایک مستقل باشندے کی حیثیت سے آپکے لئے سنگین نتائج ہیں اگر آپ:

- اپنے یا کسی اور کے لئے امیگریشن منفعت حاصل کرنے کی غرض سے جھوٹ بولیں۔
- کہیں کہ آپ امریکی شہری ہیں، جبکہ آپ نہیں ہیں۔
- ایسے وفاقی یا مقامی انتخابات میں ووٹ ڈالیں جس میں صرف امریکی شہریوں کو ووٹ دینے کی اجازت ہو۔
- ایک ''عادی نشہ باز'' ہیں --- ایسا شخص جو نشے میں ہو یا جو زیادہ تر وقت غیر قانونی ادویات استعمال کرتا ہو۔
- بیک وقت ایک سے زیادہ اشخاص کے ساتھ شادی شدہ ہیں۔
- اپنی فیملی کا خرچہ نہیں اٹھاتے، یا حکم کی خلاف ورزی کرتے ہوئے، بچے کے لئے سپورٹ (خرچہ) یا سپاؤس کے لئے سپورٹ ادا نہیں کرتے۔

- کسی فیملی کے رکن کی مار پیٹ کرنے یا اسے پریشان کرنے، بشمول قانونی تحفظ کی خلاف ورزی کرنے، کے باعث گرفتار کئے جاتے ہیں۔ اس کو خانگی تشدد کہا جاتا ہے۔
- پبلک منفعت حاصل کرنے کے لئے جھوٹ بولتے ہیں۔
- لازمی ٹیکس ریٹرنز فائل نہیں کرتے۔
- اگر آپ 18 برس اور 26 برس کے درمیان کی عمر کے مرد ہوتے ہوئے دانستہ طور پر سیلیکٹو سروس میں اپنے کو ریجسٹر نہیں کراتے۔
- کسی ایسے شخص کی جو امریکی شہریت یا قومیت نہ رکھتا ہو امریکا میں نا جائز طور پر داخل ہونے میں مدد کریں، چاہے وہ شخص اپکا قریبی رشتہ دار ہو اور چاہے آپ نے یہ کام بلا معاوضہ کیا ہو۔

اگر آپ نے کوئی جرم کیا ہے یا کسی جرم کے لئے سزایاب پائے گئے ہیں تو کسی اور امیگریشن منفعت کے لئے اپلائی کرنے سے پہلے آپکو کسی نامور امیگریشن وکیل سے مشورہ کرنا چاہیئے، یا کسی کمیونٹی کی بنیاد پر قائم تنظیم سے جو امیگرنٹس کو قانونی امداد مہیّا کرتی ہو۔ قانونی امداد حاصل کرنے کے طریقے سے متعلق معلومات کے لئے صفحہ 9 دیکھیں۔

امریکا میں آباد ہونا

اس سیکشن میں ایسی معلومات دی گئی ہیں جو آپ کو امریکا میں زندگی گزارنے کے لئے مددگار ثابت ہونگی۔ آپ کو ایسی باتوں کا پتا چلیگا کہ رہائش کا انتظام اور ملازمت حاصل کرنے کا بندوبست کیسے کیا جائے، سوشل سیکورٹی نمبر اور ایک ڈرائورز لائسنس حاصل کرنے، اپنے پیسوں کی دیکھ بھال کرنے، اور اپنے اور اپنے خاندان کے لئے حفظان صحت حاصل کرنے کے لئے آپ کو کیا کرنا چاہیئے۔

رہائش کی جگہ تلاش کرنا

یہ فیصلہ آپکے اوپر ہے کہ آپ امریکا میں کس جگہ رہنا چاہتے ہیں۔ شروع میں پہنچنے پر بہت سے لوگ اپنے دوستوں یا رشتہ داروں کے ساتھ قیام کرتے ہیں۔ ملازمت مل جانے پر وہ اپنی رہائش گاہوں میں منتقل ہو جاتے ہیں۔ بعض اوقات مذہبی یا علاقائی تنظیمیں عارضی رہائش دلانے میں مدد کرتی ہیں۔

امریکا میں زیادہ تر لوگ اپنی آمدنی کا کوئی 25 فیصد حصّہ رہائش پر خرچ کرتے ہیں۔ نیچے چند مختلف قسم کی رہائشوں کا ذکر ہے جن میں سے آپ اپنا انتخاب کر سکتے ہیں۔

کرائے کا مکان لینا

مکان اور اپارٹمنٹس کرائے پر لئے جاسکتے ہیں۔ ان کو تلاش کرنے کے کئی طریقے ہیں:

- عمارتوں پر "Apartment Available" یا "For Rent" کے سائن پر نظر رکھیں۔
- اخبار مین "Classified Advertisements" یا "Classifieds" کے سیکشنوں میں دیکھیں۔ وہ صفحات تلاش کریں جن پر "Apartments for Rent" یا "Homes for Rent" درج کئے گئے ہوں۔ ان میں مکانات کے بارے میں معلومات درج ہوگی کہ مکان کس مقام پر ہے، کمرے کتنے ہیں، کرائہ کیا ہے۔
- فون کی کتاب کے پیلے صفحوں میں "Property Management" کے تحت دیکھیں۔ یہ ایسی کمپنیاں ہیں جو مکانات کرائے پر دیتی ہیں۔ آپکو مکان ڈھونڈنے میں مدد دینے کے عوض یہ آپ سے فیس طلب کر سکتی ہیں۔
- اپنے دوستوں اور رشتہ داروں یا اپنے ساتھ کام کرنے والوں سے پوچھیں آیا انکو کرائے پر دستیاب جگہوں کا علم ہے۔
- کتب خانوں، گروسری کی دکانوں، اور کمیونٹی سنٹرز کے بلٹین بورڈوں پر "کرائے کے لئے" کے نوٹسوں پر نظر رکھیں۔
- انٹر نیٹ پر کرائہ کی جگہیں تالاش کریں۔ اگر آپکے گھر پر کمپیوٹر نہیں ہے تو آپ اپنی مقامی پبلک لائبریری یا کسی انٹر نیٹ کیفے میں جاکر کام کر سکتے ہیں۔
- کسی ریئل اسٹیٹ ایجنٹ سے فون پر رابطہ کریں۔

جب آپ کرائے پر مکان لیتے ہیں تو آپ کیا توقع کر سکتے ہیں

کرایہ پر لینے کی درخواست۔ جو لوگ اپارٹمنٹس یا مکانات کرایہ پر دیتے ہیں وہ مالک مکان یا "landlords" کہلاتے ہیں۔ ایک مالک مکان آپ سے کرایہ دار بننے کے لئے ایک درخواستی فارم بھرنے کے لئے کہہ سکتا ہے۔ مالک مکان کا اس میں مقصد یہ معلوم کر نا ہے کہ آپکے پاس کرایہ ادا کرنے کے پیسے ہیں۔

درخواستی فارم آپ کا سوشل سیکورٹی نمبر اور آپ کے ملازمت کرنے کا ثبوت مانگ سکتا ہے۔ اگر آپ سوشل سیکورٹی نمبر نہیں رکھتے تو آپ اپنا پرمننٹ ریزڈنٹ کارڈ (Permanent Resident Card) استعمال کر سکتے ہیں۔ ملازمت کے ثبوت کے لئے آپ اپنی ملازمت سے ملنے والا پے سٹب (pay stub) بھی دکھا سکتے ہیں۔ آپ سے ایک معمولی سی درخواستی فیس بھی ادا کرنے کو کہا جاسکتا ہے۔

اگر آپ ابھی ملازمت نہیں کر رہے تو آپ کو کرایہ نامے پر کسی اور شخص سے دستخط کرانے کی ضرورت ہو سکتی ہے۔ اس شخص کو کوسائنر ("co-signer") کہا جاتا ہے۔ اگر آپ کرایہ نہ دے پائے توکوسائنر کو آپکی طرف سے کرایہ دینا پڑیگا۔

لیز پر دستخط کرنے۔ اگر مالک مکان آپکو کرایہ دار بنانے کے لئے راضی ہے تو آپ ایک کرایہ نامے یا "لیز" پر دستخط کرینگے۔ جب آپ لیز پر دستخط کرتے ہیں تو آپ اس بات کی ہامی بھرتے ہیں کہ آپ کرایہ وقت پر ادا کرینگے اور آپ ایک مخصوص مدت کے لئے قیام کرینگے۔ اکثر لیز ایک سال کی مدت کے لئے ہوتے ہیں۔ رہائش کم مدت، مثلاً ایک ماہ کے لئے بھی مل سکتی ہے۔ آپ کو لمبی لیز کے مقابلے میں چھوٹی مدت کی لیز کے لئے شاید زیادہ رقم دینی پڑے۔

آپ جب کرایہ نامے یا لیز پر دستخط کرتے ہیں تو آپ اس بات کی ہامی بھرتے ہیں کہ آپ گھر کو صاف اور اچھی حالت میں رکھینگے۔ اگر آپ کرایہ پر لی ہوئی جگہ کو کوئی نقصان پہنچاتے ہیں تو آپ سے مزید رقم لی جا سکتی ہے۔ لیز میں یہ بھی درج کیا جا سکتا ہے کہ گھر میں کتنے لوگوں کو رہنے کی اجازت ہے۔

لیز ایک قانونی دستاویز ہے۔ معاہدے میں جن باتوں کی آپ نے ذمہ داری لی ہے وہ آپ کو پوری کرنی پڑینگی۔ مالک مکان کو بھی اس سے متعلق باتیں نباھنی ہونگی۔ جائداد کو محفوظ اور اچھی حالت میں رکھنا اسکا کام ہے ۔

سیکورٹی ڈیپازٹ کی ادائگی۔ کرایہ دار مکان میں منتقل ہوتے وقت عموماً ایک سیکورٹی ڈیپازٹ ادا کرتے ہیں۔ اس ڈیپازٹ کی رقم عام طور سے ایک مہینے کے کرائے کے برابر ہوتی ہے۔ اگر چھوڑتے وقت گھر صاف ستھرا اور اچھی حالت میں ہو تو آپ کو یہ ڈیپازٹ واپس مل جائگا۔ اگر ایسا نہ ہو تو مالک مکان آپ کا مکمل ڈیپازٹ یا اس کا کچھ حصّہ صفائی یا مرمت پر خرچ کرنے کے لئے رکھ سکتا ہے۔

مکان یا اپارٹمنٹ میں منتقل ہونے سے پہلے اس کا معائنہ کیجئے۔ اگر کوئی مسلے نظر آتے ہیں تو مالک مکان کو انکے بارے میں بتائیے۔ مکان چھوڑنے سے پیشتر اپنے مالک مکان سے بات کرکے یہ معلوم کیجیئے کہ اپنا مکمل سیکورٹی ڈیپازٹ واپس لینے کے لئے آپ کو کیا کچھ ٹھیک کرنا چاہیئے۔

کرایہ کی رہائش میں دیگر اخراجات کی ادائگی۔ بعض مکانوں اور اپارٹمنٹس کے کرایہ میں یوٹلٹیز (گیس، بجلی، ہیٹنگ، پانی اور کوڑے کو اٹھانے) کی قیمت شامل ہوتی ہے۔ بعض اور جگہوں پر آپ کو ان کے لئے علیحدہ رقم ادا کرنی پڑیگی۔ رہائش تالاش کرتے وقت مالک مکان سے دریافت کریں کہ آیا یوٹلٹیز کی قیمت کرایہ میں شامل ہے۔ اگر ایسا ہے تو دستخط کرنے سے پہلے یہ ضرور دیکھ لیں کہ یہ بات کرایہ نامے میں شامل کی گئی ہے۔ اگر یوٹلٹیز شامل نہیں ہیں، تو آپ کو یہ معلوم کر لینا چاہیئے کہ ان کا کتنا خرچ آئگا۔ بعض یوٹلٹیز (مثلاً ایئر کونڈشنگ) کا خرچ گرمیوں میں اور بعض (مثلاً ہیٹنگ) کا خرچ سردیوں میں زیادہ ہوگا۔

چیزوں کی مرمت کرانا

مالک مکان کے لئے لازم ہے کہ آپ کے کرائے پر لیتے ہوئے مکان یا اپارٹمنٹ کو بے خطر اور اچھی حالت میں رکھے۔ اگر آپکو کوئی مسلہ پیش آتا ہے تو:

- سب سے پہلے اپنے مالک مکان کے ساتھ بات کریں۔ ان کو بتائیں کیا چیز خراب ہے اور آپ چاہتے ہیں کہ اسکو ٹھیک کرایا جائے۔
- اسکے بعد اپنے مالک مکان کو خط لکھ کر خرابی کے بارے میں بتائیں۔ ایک کاپی اپنے لئے رکھیں۔
- آخر میں اپنے مقامی ہاؤزنگ آفس کو کال کریں۔ اکثر شہری یا مقامی حکومتوں کے پاس ایسے لوگ ہوتے ہیں جو مسائل کا پتا لگانے کے لئے مکانوں کا معائنہ کرتے ہیں۔ انسپیکٹر کو وزٹ کرنے کے لئے کہیں اور انکو تمام مسائل دکھلائیں۔

اگر آپکا (یا آپکی) مالک مکان بگڑی ہوئی چیزوں کو درست نہیں کراتا (یا کراتیں) تو آپ شاید انکے خلاف قانونی طور پر الزام لگا سکیں۔

کرایہ نامے یا لیز کو ختم کرنا۔ کرایہ کے معاہدے کو ختم کرنے کو ”لیز کا خاتمہ کرنا“ کہتے ہیں۔ اگر آپکے (یا آپکی) مالک مکان کو آپکے مکان کے لئے کوئی اور کرایہ دار مل جاتا ہے تو وہ شاید آپکی لیز کو وقت سے پہلے ختم کرنے کے لئے تیار ہو جائیں۔ اگر نہیں، تو شاید آپکو لیز کی تمام مدت کے لئے ماہانہ کرایہ دینا پڑے، چاہے آپ وہاں رہ بھی نہیں رہے ہوں۔ اگر آپ لیز کی مدت پوری ہونے سے پہلے مکان چھوڑتے ہیں تو ممکن ہے آپ اپنا سیکورٹی ڈپازٹ بھی کھو بیٹھیں۔ اپنے مالک مکان کو تحریری نوٹس دیں کہ آپ مکان چھوڑنا چاہتے ہیں۔ اکثر مالک مکان یہ لازم ٹھیراتے ہیں کہ جس تاریخ کو آپ مکان چھوڑنا چاہتے ہیں اس سے کم از کم تیس دن قبل انکو نوٹس دیں۔

اپنے حقوق سمجھیں: ہاؤزنگ میں امتیاز برتنے کی اجازت نہیں ہے

مکانوں کے مالکان آپکو اس بنیاد پر مکان کرایہ پر دینے سے انکار نہیں کر سکتے کہ آپ کون ہیں۔ یہ قانون کے خلاف ہے کہ نیچے دی گئی کسی بھی وجہ کے باعث آپکو انکار کر دیا جائے:

- آپکی نسل یا رنگ۔
- آپ کس ملک سے آئے ہیں۔
- آپکا مذہب۔
- آپکی جنس۔
- کوئی جسمانی معذوری۔
- آپکی خاندانی حیثیت، مثلاً یہ کہ آپ شادی شدہ یا غیر شادی شدہ ہیں۔

اگر آپ سمجھتے ہیں کہ آپ کو رہائش سے انکار ان وجوہات میں سے کسی ایک کے باعث کیا گیا ہے، تو آپ یو ایس ڈپارٹمنٹ آف ہاؤزنگ اینڈ اربن ڈولپمنٹ(HUD) کے ساتھ فون (نمبر1-800-669-9777) پر رابطہ کر سکتے ہیں۔ معلومات انگریزی اور ہسپانی زبان، دونوں میں دی جاتی ہیں۔

کام کی بات: اگر آپ رہائش تبدیل کرتے ہیں تو یو ایس پوسٹل سروس کو مطلع کریں تاکہ وہ آپکی ڈاک آپ کے نئے پتے پر بھیج سکے۔ آپ اپنا پتا http://www.usps.com پر آن لائن تبدیل کر سکتے ہیں، یا پھر اپنے مقامی پوسٹ آفس پر جاکر ایک ”موونگ گائڈ“ طلب کریں۔ اس کے علاوہ، DHS کے پاس فورم AR-11 درج کرنا نہ بھولیں۔ ہدایات کے لئے صفحہ 8 دیکھیں۔

مکان خریدنا

بہت سے لوگوں کے لئے اپنے مکان کا مالک ہونا ”امریکی خواب“ کا جز ہے۔ گھر اپنا ہو تو اسکے بہت سے فوائد ہیں اور اسکے ساتھ بہت سی ذمہ داریاں بھی آتی ہیں۔

ریئل اسٹیٹ ایجنٹ آپ کو گھر تلاش کرنے اور خریدنے کے لئے مدد کر سکتے ہیں۔ اپنے دوستوں یا ساتھ کام کرنے والوں سے پوچھ کر، یا کسی مقامی ریئل اسٹیٹ ایجنسی کو کال کر کے کسی ریئل اسٹیٹ ایجنٹ کا نام پتا کریں۔ ایسا ایجنٹ طلب کریں جو اس علاقے سے واقف ہو جہاں آپ مکان خریدنا چاہتے ہیں۔ آپ اخبار کے ”Classifieds“ میں ”Homes for Sale“ کے تحت دیکھ سکتے ہیں۔ آپ اپنے پسندیدہ علاقوں میں ”برائے فروخت“ کے سائن بھی تلاش کر سکتے ہیں۔

زیادہ تر لوگوں کو گھر خریدنے کے لئے ادھار لینا پڑتا ہے؛ یہ مارگیج (mortgage) کہلاتا ہے۔ آپ کسی مقامی بینک سے یا کسی مارگیج کمپنی سے مارگیج حاصل کر سکتے ہیں۔ مارگیج حاصل کرنے کا مطلب یہ ہے کہ آپ ایک مخصوص مدت کے لئے ایک مخصوص سود کی شرح والا ادھار حاصل کر رہے ہیں۔

آپ مارگیج پر جو سود دیتے ہیں وہ آپ کے فیڈرل انکم ٹیکس میں سے ڈیڈکٹ کیا جا سکتا ہے۔

کام کی بات: ایسے ادھار دینے والوں سے محتاط رہیں جو مرگیج کے لئے سود کی بہت اونچی شرح طلب کرتے ہیں۔ بعض ادھار دینے والے، یہ دیکھتے ہوئے کہ آپ اس ملک میں نئے نئے آئے ہیں، آپ سے زیادہ وصول کرنے کی کوشش کر سکتے ہیں۔ اس ملک میں قوانین موجود ہیں جو آپکو مکان کی خریداری میں فراڈ، غیر ضروری اخراجات، اور امتیازی برتاؤ سے تحفظ دیتے ہیں۔ مزید معلوم کرنے کے لئے http://www.hud.gov پر ”ہومز“ کے سیکشن کے تحت دیکھیں۔

آپ کے لئے مکاندار کی انشورنس بھی خریدنا ضروری ہے تاکہ اگر مستقبل میں آپکے مکان کو کوئی نقصان پہنچتا ہے تو اسکا خرچ برداشت کرنے میں آپکو مدد ملے۔ عام طور سے انشورنس موسم کی خرابی، آتشزدگی، یا ڈاکے سے پہنچنے والے نقصان کی سرپوشی کرتی ہے۔ آپ کو اپنے مکان کی مالیت کے حساب سے پراپرٹی ٹیکس بھی ادا کرنا ہوگا۔

کوئی ریئل اسٹیٹ ایجنٹ یا ریئل اسٹیٹ وکیل آپکو مارگیج اور انشورنس کا پتا لگانے میں مدد کر سکتا ہے۔ وہ آپکو مکان کی خریداری سے متعلق فارمز پر کرنے میں بھی مدد کر سکتے ہیں۔ ریئل اسٹیٹ ایجنٹ کو مکان خریداری کے سلسلے میں آپ سے۔

فیس نہیں لینی چاہیئے۔ لیکن فارمز پر کرانے میں مدد کے لئے آپکو ریئل اسٹیٹ وکیل کو شاید ایک فیس دینی پڑے۔ آپکو مارگیج حاصل کرنے کی اور ریاست کے ساتھ قانونی فارمز داخل کرنے کی بھی فیسیں دینی ہونگی۔ ان فیسیں کو کلوزنگ کاسٹس، "closing costs" کہتے ہیں۔ آپکے ریئل اسٹیٹ ایجنٹ یا ماگیج مہیّا کرنے والے کے لئے لازم ہے کہ اس سے پیشتر کہ آپ مکان خریدنے کے حتمی کاغذات پر دستخط کریں، آپ کو بتائے کہ آپ کو کتنی فیس دینی ہوگی۔

گھر خریدنے یا کرایہ پر لینے کے بارے میں مزید معلومات

انگریزی اور سپینش زبان میں دی گئی معلومات کے لئے یو ایس ڈپارٹمنٹ آف ہاؤزنگ اینڈ اربن ڈیولاپمنٹ کی ویب سائٹ http://www.hud.gov پر جائیں، یا فون (1-800-569-4287) پر رابطہ کریں۔ مکان خریدنے اور مارگیج حاصل کرنے کے بارے میں معلومات کے لئے فیڈرل سیٹزن انفارمیشن سنٹر کو http://www.pueblo.gsa.gov پر وزٹ کریں۔ اس کے علاوہ http://www.fanniemae.com کے تحت "فار ھوم اونرز اینڈ ہوم بائرز" کا سیکشن بھی دیکھیں۔

سوشل سیکورٹی نمبر حاصل کرنا

ایک مستقل رہائشی کی حیثیت سے آپ ایک سوشل سیکورٹی نمبر (SSN) حاصل کر سکتے ہیں۔ سوشل سیکورٹی نمبرایک ایسا نمبر ہے جو آپ کے لئے امریکی حکومت کی طرف سے مقرر ہوتا ہے۔ یہ حکومت کو آپکی کمائی اور جو منعفت آپکو مل سکتے ہیں کے بارے میں باخبر رکھنے میں مدد دیتا ہے۔ آپکی شناخت کے لئے بینک اور دیگر ادارے، مثلاً سکول، بھی یہ نمبر استعمال کرتے ہیں۔ آپ جب ایک اپارٹمنٹ کرایہ پر لیتے ہیں یا مکان خریدتے ہیں، تو آپ سے آپکا SSN نمبر دریافت کیا جا سکتا ہے۔

سوشل سیکورٹی جس حکومتی محکمہ کے سپرد ہے وہ سوشل سیکورٹی ایڈمنسٹریشن کہلاتا ہے۔ اپنے سب سے قریبی سوشل سیکورٹی دفتر کے پتے کے لئے:

- دوستوں اور ہمسایوں سے پوچھیں کہ سب سے قریبی سوشل سیکورٹی دفتر کہاں پر ہے۔
- صبح سات بجے اور شام سات بجے کے درمیان 1-800-772-1213 پر کال کریں۔ معلومات انگریزی اور سپینش زبان میں دی جاتی ہیں۔ ترجمے کی سہولت بھی بلا معاوضہ دستیاب ہے۔
- فون کی کتاب کے نیلے صفحات میں پتا تالاش کیجیئے۔
- سوشل سیکورٹی ایڈمنسٹریشن کی ویب سائٹ، http://www.socialsecurity.gov پر جائیں یا، ہسپانی زبان کے لئے http://www.segurosocial.gov/espanol/ پر دیکھیں۔

اگر آپ انگریزی نہیں بولتے

سوشل سیکورٹی نمبر کی طلبی میں آپکی مدد کے لئے سوشل سیکورٹی کا دفتر آپ کو ایک مترجم بلا معاوضہ مہیّا کر سکتا ہے۔ جو شخص آپکا فون (نمبر: 1-800-772-1213) پر جواب دے اس کو بتائیے کہ آپ انگریزی نہیں بولتے۔ وہ ایک مترجم تالاش کر لینگے جو آپ کی فون پر مدد کریگا۔ سوشل سیکورٹی دفتر کو وزٹ کرنے کے وقت بھی آپ کو ایک مترجم کی مدد مل سکتی ہے۔

سوشل سیکورٹی ایڈمنسٹریشن کی ویب سائٹ پر امریکہ میں حالیہ آنے والوں کے لئے کارآمد معلومات موجود ہیں۔ ویب سائٹ کے ایک حصّہ میں سوشل سیکورٹی سے متعلق معلومات 14 زبانوں میں دی گئی ہیں۔ آپ http://www.socialsecurity.gov پر جائیں یا، سپینش زبان کے لئے http://www.segurosocial.gov/espanol/ پر۔

سوشل سیکورٹی نمبر حاصل کرنے کے لئے آپکو نہ درخواست دینے کی ضرورت ہے، نہ کسی سوشل سیکورٹی کے دفتر میں جانے کی اگر:

- آپ نے امیگرنٹ ویزا کی درخواست دیتے وقت سوشل سیکورٹی نمبر طلب کیا تھا اور
- آپ نے امیگرنٹ ویزا کے لئے اکتوبر 2002 میں، یا اسکے بعد اپلائی کیا تھا اور
- امریکا آنے کے وقت آپکی عمر 18 سال یا اس سے زیادہ تھی۔

آئڈینٹٹی تھیفٹ سے بچیئے

شناخت کی چوری یا آئڈینٹٹی تھیفٹ سے مراد یہ ہے کہ کسی شخص نے آپکی ذاتی معلومات چرا لی ہیں، جیسا کہ آپکا سوشل سیکورٹی نمبر یا بینک اکاؤنٹ نمبر۔ اس کو استعمال کرتے ہوئے وہ آپکے بینک اکاؤنٹ سے پیسے نکال سکتا ہے یا آپ کے نام پر کریڈٹ کارڈ وصول کر سکتا ہے۔ آئڈینٹٹی تھیفٹ ایک سنگین جرم ہے۔ اپنے کو اس سے بچانے کے لئے:

- اس کا سختی سے خیال رکھیں کہ جن لوگوں یا کاروباروں کو آپ اپنی ذاتی معلومات مہیّا کرتے ہیں، خاص طور سے فون یا انٹر نیٹ پر، وہ آپ کے واقف ہیں اور آپ کے بھروسے کے ہیں۔
- اپنا سوشل سیکورٹی کارڈ اپنے گھر میں کسی محفوظ جگہہ پر رکھ چھوڑیں۔ اپنے ساتھ لیکر نہیں جایا کریں۔
- اپنے ساتھ صرف وہ شناختی دستاویزات یا کریڈٹ کارڈز رکھیں جن کی آپ کو فی الحال ضرورت ہو۔ باقی کو گھر میں کسی محفوظ جگہ پر رکھ چھوڑیں۔
- ایسے کاغذات یا فارمز کو جن پر آپکی ذاتی معلومات درج ہوں، پھاڑنے یا شریڈ کرنے کے بعد کوڑے میں پھینکیں۔

اگر آپکو آئڈینٹٹی تھیفٹ کا کوئی مسلہ پیش آتا ہے، تو آپ فیڈرل ٹریڈ کمیشن کی آئ ڈی تھیفٹ ہاٹ لائن کو 1-877-438-4338 پر کال کر کے مدد حاصل کر سکتے ہیں۔ آپ http://www.ftc.gov/bcp/edu/microsites/idtheft پر بھی معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

اس صورت میں، آپکو ایک SSN جاری کرنے کے لئے جو معلومات درکار تھیں، وہ سوشل سیکورٹی ایڈمنسٹریشن کو ڈپارٹمنٹ آف سٹیٹ اینڈ ہوم لینڈ سیکورٹی نے بھیجی تھیں۔ سوشل سیکورٹی ایڈمنسٹریشن آپکو ایک SSN جاری کریگی اور آپکاSSN کارڈ آپکو اسی امریکی پتے پر ڈاک کے ذریعہ بھیجیگی جس پر USCIS آپکا مستقل رہائشی کارڈ بھیجتا ہے۔ آپ کو اپنا SSN کارڈ امریکا پہنچنے کے بعد تین ہفتوں کے اندر مل جانا چاہیئے۔ اگر آپکو امریکا آنے کے بعد اپنا کارڈ تین ہفتوں کے اندر نہیں ملتا، یا اگر آپ امریکا آنے کے بعد لیکن SSN کارڈ حاصل کرنے سے پیشتر اپنا ڈاک کا پتا تبدیل کر لیتے ہیں، تو سوشل سیکورٹی ایڈمنسٹریشن سے رابطہ کریں۔

آپکو لازمی طور پر کسی سوشل سیکورٹی کے دفتر جانا چاہیئے اگر:

- آپ نے امیگرنٹ ویزا کی درخواست کے ساتھ سوشل سیکورٹی نمبر یا کارڈ طلب نہیں کیا تھا یا
- آپ نے امیگرنٹ ویزا کی درخواست اکتوبر 2002 سے پیشتر دی تھی یا
- امریکا آنے کے وقت آپکی عمر 18 سال سے کم تھی۔

SSN کے لئے درخواست دینے میں سوشل سیکورٹی کا ایک نمائندہ آپکی مدد کریگا۔ جب آپ اپلائی کرنے کے لئے دفتر جائیں تو مندرجہ ذیل دستاویزات اپنے ساتھ لیکر جائیں:

- ایک پیدائش کا سرٹیفکیٹ یا دیگر دستاویز، مثلاً پاسپورٹ، جس پر آپکی پیدائش کی تاریخ اور جگہ درج ہو اور
- ایک ایسی دستاویز جس میں آپکا امیگریشن سٹیٹس واضح کیا گیا ہو، بشمول آپکے امریکا میں کام کرنے کی اجازت۔ یہ آپکا پرمننٹ ریزڈنٹ کارڈ ہو سکتا ہے یا پاسپورٹ جس پر امیگریشن کی مہر یا ویزا کا لیبل لگا ہو۔

آپکا سوشل سیکورٹی نمبر آپکو ڈاک کے ذریعہ بھیجا جائیگا۔ جب سوشل سیکورٹی ایڈمنسٹریشن کو وہ تمام دستاویزات مل جاتے ہیں جو آپکی درخواست کے لئے درکار ہیں، تو اسکے بعد کوئی دو ہفتے کے اندر آپکو اپنا سوشل سیکورٹی کارڈ مل جانا چاہیئے۔ اگر ان کو آپکے کسی دستاویز کی تصدیق کرانی پڑی تو آپکےSSN کے ملنے میں زیادہ وقت لگ سکتا ہے۔

آپنے پیسوں کی نگاہ داشت کرنی

بینک اکاؤنٹ کھولنا

بینک اکاؤنٹ پیسے رکھنے کے لئے محفوظ جگہ ہے۔ بینکوں کے پاس مختلف قسم کے اکاؤنٹ ہوتے ہیں۔ دو عام اقسام ہیں چیکنگ اکاؤنٹ (بلز کی ادائگی کے لئے) اور سیونگز اکاؤنٹ (اپنے پیسوں پر سود کمانے کے لئے)۔ آپ یا تو اپنے لئے اکاؤنٹ کھول سکتے ہیں، یا اپنی بیوی یا شوہر یا کسی اور شخص کے ساتھ ملکر ایک جوئنٹ اکاؤنٹ۔ اپنی بعض خدمات کے لئے بینک آپ سے فیس لے سکتے ہیں۔

کریڈٹ یونیئنز اور سیونگز اور لون والی اسوسیشنز کے ذریعہ بھی بینکنگ کی جاسکتی ہے۔ ممکن ہے کہ آپکے آجر کی کوئی کریڈٹ یونیئن ہو جس مٰیں آپ شریک ہو سکیں۔ کریڈٹ یونیئنز تقریباً وہ سب خدمات انجام دیتی ہیں جو بینک دیتے ہیں، لیکن کئی ان کے سوا مزید خدمات بھی آفرکرتی ہیں۔ اکاؤنٹ کھولنے سے پہلے بینکوں کی سروسز، فیس، اوقات اور جگہ وقوع کا مقابلہ کریں تاکہ آپ اس بینک کا چناؤ کر سکیں جو آپکی ضروریات کے لئے سب سے بہتر ہو۔

کام کی بات: کئی سٹورز چیک کیش کرنے کی اور سمندر پار پیسے وائر کرنے کی خدمات بھی انجام دیتے ہیں، لیکن انکے لئے پیسے دینے پڑتے ہیں۔ پتا کریں کہ آیا آپکا بینک یہ کام کم قیمت میں کرتا ہے۔

اپنے پیسوں کو محفوظ رکھنا

اپنے مکان میں پیسوں کی بڑی رقوم رکھنے میں خطرہ ہے۔ اپنے ساتھ کیش کی بڑی رقوم لیکر چلنے میں بھی خطرہ ہے۔ یہ پیسے چوری ہو سکتے ہیں یا کھو سکتے ہیں۔ آپکا پیسہ ایسے بینک میں محفوظ ہے جو فیڈرل ڈیپازٹ انشورنس کارپوریشن (FDIC) کا رکن ہو۔ FDIC آپکے پیسوں کی حفاظت کے لئے بینکوں کو انشورنس مہیّا کرتا ہے۔ اگر آپکا بینک بند ہوجا تا ہے تو FDIC آپکو $100,000 مالیئت تک کی آپکے اکاؤنٹ کی رقم آپکو ادا کریگا۔ آپکو ایسے ہی بینک کا انتخاب کرنا چاہیئے جس کے پاس FDIC کی انشورنس ہو۔

بینک میں اکاؤنٹ کھولتے وقت آپ سے آپکی شناخت کا ثبوت مانگا جائیگا۔ آپ اپنا پرمننٹ ریزڈنٹ کارڈ یا ڈرائور لایئسنس استعمال کر سکتے ہیں۔ اپنے نئے اکاؤنٹ میں ڈالنے کے لئے آپکو بینک کو کچھ رقم بھی دینی ہوگی، جس کو ڈیپازٹ کہتے ہیں۔ کچھ دن بعد آپ اپنے اکاؤنٹ میں سے پیسے نکال سکتے ہیں۔ اس کو پیسوں کو ”ود ڈرا کرنا“ کہا جاتا ہے۔ آپ چیک لکھ کر، آٹومیٹک ٹیلر مشین (ATM) پر جاکر، یا بینک میں ودڈرائل فورم پر کرکے پیسے ودڈرا کر سکتے ہیں۔

بینک اکاؤنٹ کا استعمال

آپ پرسنل چیک یا اے ٹی ایم کارڈ کے ذریعہ اپنے بینک اکاؤنٹ سے پیسے نکال سکتے ہیں۔ صرف آپ، اور جوئنٹ اکاؤنٹ ہونے کی صورت میں آپکے جوئنٹ اکاؤنٹ ہولڈر ہی کی آپ کے اکاؤنٹ تک پہنچ ہونی چاہیئے۔

پرسنل چیک۔ چیکنگ اکاؤنٹ کھولنے پر آپ کو پرسنل چیکوں کی ایک تعداد مہیّا کی جائیگی۔ یہ چیک فارم ہوتے ہیں جن کو پر کرکے آپ کسی چیز کے لئے پیسے دے سکتے ہیں۔ چیک آپکے بینک کو ہدایت کرتے ہیں کہ جس شخص یا بزنس کے نام آپ نے چیک لکھا ہے اسکو پیسے دے دئے جائیں۔ ان چیکوں کو کسی محفوظ جگہ پر رکھیں۔

اے ٹی ایم کارد۔ آپ اپنے بینک سے اے ٹی ایم کارڈ طلب کر سکتے ہیں۔ یہ ایک چھوٹا سا پلاسٹک کارڈ ہوتا ہے جو آپ کے بینک اکاؤنٹ سے وابسطہ ہوتا ہے۔ آپ اس کارڈ کو کسی اے ٹی ایم مشین میں استعمال کرکے اپنے اکاؤنٹ میں سے کیش نکال سکتے ہیں یا پیسے ڈیپازٹ کر سکتے ہیں۔

بینک کے اہلکار آپ کو اے ٹی ایم کارڈ کے استعمال کا طریقہ دکھائینگے اور آپ کو اے ٹی ایم میں استعمال کے لئے ایک مخصوص نمبر دینگے، جو پن PIN (پرسنل آیئڈینٹفکیشن نمبر) کہلاتا ہے ۔ اے ٹی ایم استعمال کرتے وقت محتاط رہیئے۔ کبھی کسی کو اپنا پن نمبر یا اے ٹی ایم کارڈ نہ دیں۔ وہ آپکے بینک اکاؤنٹ میں سے پیسے نکالنے کے لیئے اسے استعمال کرسکتے ہیں۔

ڈیبٹ کارڈ۔ آپ کا بینک آپکو چیکنگ اکاؤنٹ کے استعمال کے لئے ایک ڈیبٹ کارڈ دے سکتا ہے۔ بعض اوقات آپکا اے ٹی ایم کارڈ ڈیبٹ کارڈ کے طور بھی استعمال کیا جا سکتا ہے۔ ڈیبٹ کارڈ کے ذریعہ آپ چیک لکھے بغیر چیزوں کی قیمت ادا کر سکتے ہیں اور بینک سے اس بزنس کو براہ راست پیسے بھجوا سکتے ہیں جس سے آپ خریداری کر رہے ہیں۔

بینک کے چیک۔ بینک چیکس ایسے چیک ہیں جو بینک آپکی درخواست پر بناتا ہے۔ آپ بینک کو پیسے دیتے ہیں اور وہ اس مالیت کا بینک چیک اس شخص یا بزنس کے نام بنا دیتا ہے جسکو آپ پیسے بھیجنا چاہتے ہیں۔ بینک چیک بنانے کے لئے بینک ایک فیس لے سکتے ہیں۔

کریڈٹ کارڈ

کریڈٹ کارڈز ۔۔ جن کو چارج کارڈز بھی کہتے ہیں ۔۔ کے ذریعہ آپ چیزیں خرید کر انکی قیمت بعد میں ادا کر سکتے ہیں۔ بینک، ستورز اور گیس سٹیشنز ان تجارتی اداروں میں شامل ہیں جو آپکو کریڈٹ کارڈ دے سکتے ہیں۔ آپکو ہر مہینہ کریڈٹ کارڈ سے خریدی ہوئی اشیاء کا بل ڈاک میں ملیگا۔ اگر بل وصول کرنے پر آپ اس کی پوری رقم ادا کر دیتے ہیں تو آپکو انٹرسٹ یا سود نہیں دینا پڑیگا۔ اگر آپ پوری رقم ادا نہیں کرتے یا دیر سے بھیجتے ہیں تو اس پر سود عائد ہوگا اور ایک اضافی فیس بھی لگ سکتی ہے۔ بعض کریڈٹ کارڈز کی سود کی شرح بہت اونچی ہوتی ہے۔

اپنے کریڈٹ کارڈ کا نمبر کسی کو دینے میں، خصوصاً فون یا انٹرنیٹ کے اوپر دینے میں، بہت احتیاط برتیں۔ آپکو یقین ہونا چاہیئے کہ جو بزنس یا شخص آپکا نمبر مانگ رہا ہے، وہ آپکی واقفیت اور بھروسے کا ہے۔

کام کی بات: ہر مہینے اپنے کریڈٹ کارڈ بل کا جائزہ لیکر یہ اطمینان کر لیں کہ تمام چارجز درست ہیں۔ اگر کسی ایسی چیز کا چارج درج ہے جو آپ نے نہیں خریدی تھی تو فوراً کریڈٹ کارڈ کمپنی کو فون کریں۔ اگر آپ کریڈٹ کارڈ کمپنی کو فوراً مطلع کر دیتے ہیں تو عموماً آپکو ان چارجز کے لئے پیسے نہیں دینے پڑتے جو آپ نے نہیں کئے تھے۔

سب بینک اکاؤنٹس اور ڈیبٹ، اے ٹی ایم، اور کریڈٹ کارڈز کے نمبر لکھیئے۔ ان کمپنیوں کے فون نمبر بھی لکھیں۔ یہ معلومات کسی محفوظ جگہ پر رکھ دیں۔ اگر آپکا والٹ کھو جاتا ہے یا چوری ہو جاتا ہے تو آپ کمپنیوں کو فون کرکے اپنے سارے کارڈز کینسل کرا سکتے ہیں۔ اس طرح کوئی اور آپکے کارڈز کا غیر قانونی استعمال نہیں کر سکیگا۔

آپکی کریڈٹ ریٹنگ

امریکہ میں اسکی بہت اہمیت ہے کہ آپ اپنا کریڈٹ کس طرح چلاتے ہیں۔ بعض ادارے آپکے لئے ایک ”کریڈٹ سکور“ (کریڈٹ کا حساب) یا ”کریڈٹ راٹینگ“ (کریڈٹ کی درجہ بندی) مرتب کرتے ہیں جس کا انحثار آپکی بلوں کی ادائگی، لئے ہوئے قرضوں کی تعداد اور دیگر باتوں پر ہوتا ہے۔ جب آپ ایک مکان یا گاڑی خریدنا چاہتے ہیں یا قرضہ لینا چاہتے ہیں تو اس کریڈٹ ریٹنگ کی بہت اہمیت ہوتی ہے۔ نیچے کچھ ایسی چیزیں درج ہیں جو آپ ایک اچھی کریڈٹ ریٹنگ حاصل کرنے کے لئے کر سکتے ہیں۔

- اپنے بل وقت پر دیں۔
- اپنے کریڈٹ کارڈز کے بیلنس نیچے رکھیں اور ہر مہینے کم از کم وہ رقم ضرور ادا کریں جو منیمم پیمنٹ کے طور پر طلب کی گئی ہو۔
- کثیر قرضے یا کریڈٹ کارڈز لینے سے گریز کریں۔

وفاقی قانون کے تحت آپ سال میں ایک مرتبہ ایک کریڈٹ رپورٹ مفت حاصل کر سکتے ہیں۔ اگر آپ اپنے کریڈٹ کی درجہ بندی رپورٹ حاصل کرنا چاہتے ہیں، تو آپ 1-877-322-8228 پر فون کرسکتے ہیں۔ یا http://www.annualcreditreport.com پر جائیے۔

ملازمت کی تالاش

امریکہ میں ملازمت تالاش کرنے کے بہت سے طریقے ہیں۔ اپنے ملازمت پانے کے امکانات بڑھانے کے لئے آپ:

- دوستوں، ہمسائیوں، رشتہ داروں، یا اپنی کمیونٹی میں دوسرے لوگوں سے نوکری کے مواقع اور کام کرنے کی اچھی جگہوں کے بارے میں پوچھیں۔
- اخبار کے ”Classifieds“ سیکشن میں ”Employment“ کے تحت دیکھیں۔
- مقامی کاروباری جگہوں کی کھڑکیئوں میں ”Help Wanted“ کے سائنز پر نظر رکھیں۔
- اپنے ایریا کے کاروباروں کے امپلائمنٹ یا ہیومن ریسارسز کے دفاتر میں جاکر ملازمت کے مواقع کے بارے میں دریافت کریں۔
- کمیونٹی کی ایسی ایجنسیؤں کو ویزٹ کریں جو امیگرنٹس کو ملازمتیں یا ملازمت کے لئے تربیتی پروگرام ڈھونڈنے میں مدد کرتی ہیں۔
- ملازمتوں کے نوٹسز کے لئے مقامی کتب خانوں، گروسری کی دکانوں، اور کمیونٹی سنٹرز کے بلیٹیں بورڈز کا جائزہ لیں۔
- اپنی ریاست کے امپلائمنٹ سروسز کے محکمے سے پتا کریں۔
- انٹرنیٹ پر ملازمت تالاش کریں۔ اگر آپ لائبریری میں کمپیوٹر استعمال کر رہے ہیں، تو لائبرری کا عملہ آپ کو تالاش شروع کرنے میں مدد کر سکتا ہے۔

ملازمت کے لئے اپلائی کرنا

اکثر آجر آپ سے ملازمت کے لئے ایک عرضی بھرنے کو کہینگے۔ یہ ایک فارم ہوتا ہے جس پر آپکے پتے، تعلیم، اور کام سے متعلق پیشتر تجربے کے بارے میں سوالات ہوتے ہیں۔ ان لوگوں کے بارے میں بھی معلومات مانگی جا سکتی ہے جن کے ساتھ آپ نے ماضی میں کام کیا ہے۔ ان کو ”ریفرنسز“ کہا جاتا ہے اور ہو سکتا ہے آجر ان کو کال کرکے آپ کے بارے میں سوال کرنے چاہے۔

آپ کو ایک ”رزیومے“ (resumé) بنانے کی ضرورت ہو سکتی ہے جس میں آپ کے پچھلے کاموں کی فہرست ہو۔ ایک رزیومے آپ کے آجر کو آپکی پچھلی مملازمتوں، آپکی تعلیم یا تربیت، اور آپکی کام میں مہارتوں کے بارے میں بتاتا ہے۔ آپ جب ملازمت کے لئے اپلائی کریں تو اپنے ساتھ اپنا رزیومے لیکر جائیں۔

ایک اچھے رزیومے میں یہ شامل ہوتا ہے:

- آپ کا نام، پتا اور فون نمبر۔
- آپکی گزشتہ ملازمتوں کی نوعیت اور کام کرنے کی تاریخیں۔
- آپ نے کہاں تک تعلیم حاصل کی ہے۔
- ایسی خصوصی مہارتوں کی نوعیت جو آپ رکھتے ہیں۔
- اچھا رزیومے پڑھنے میں آسان اور غلطیوں سے پاک ہوتا ہے۔

مقامی کمیونٹی سروس ایجنسیوں سے پتا کریں کہ کیا وہ رزیومے لکھنے میں آپ کی مدد کر سکتے ہیں۔ نجی بزنسز بھی اس میں مدد کر سکتی ہیں لیکن وہ اسکے لئے فیس لیتی ہیں۔

بینیفٹ (منفعت) کیا ہوتے ہیں؟

تنخواہ کے علاوہ بعض آجر اضافی بینیفٹس یا منفعت مہیا کرتے ہیں۔ بینیفٹس میں شامل ہو سکتے ہیں:

- میڈکل کیئر۔
- ڈینٹل (دانتوں کی) کیئر۔
- آنکھوں کی کیئر۔
- لائف انشورنس۔
- ریٹائرمنٹ پلان۔

آجر ان بینیفٹس میں سے سب یا کچھ کا خرچ اٹھا سکتا ہے۔ پتا کریں کہ آپکا آجر کونسے بینیفٹ مہّیا کریگا ۔

جاب انٹرویو

ممکن ہے کہ آجر ملازمت کے بارے میں بات کرنے کے لئے آپ سے ملنا چاہے۔ وہ آپ سے آپ کی گزشتہ ملازمتوں اور آپ کی مہارتوں کے بارے میں پوچھینگے۔ آپ اپنے پچھلے کام اور اپنی مہارتوں کے بارے میں سوالات کے جواب دینے کی مشق کسی دوست یا فیملی ممبر کے ساتھ کر کے اس کی تیاری کر سکتے ہیں۔ آپ آجر سے بھی سوال پوچھ سکتے ہیں۔ یہ جاب کے بارے میں معلومات حاصل کرنے کا اچھا موقع ہے۔

اپنے حقوق سے آگاہ رہیئے: وفاقی قانون ملازمین کو تحفظ دیتے ہیں

کئی وفاقی قانون آجروں کو نوکری تالاش کرنے والوں کے ساتھ امتیازی سلوک کرنے کی ممانعت کرتے ہیں۔ امریکا میں نیچے دی گئی باتوں کی بنیاد پر امتیازی سلوک کرنے کی ممانعت ہے:

- نسل، رنگ، مذہب، آبائی ملک، اور جنس (سول رائٹس ایکٹ)۔
- عمر (ایج ڈسکرمنیشن ان امپلوئمنٹ ایکٹ)۔
- معذوری (امیرکنز ود ڈس ابلاتیز ایکٹ)۔
- جنس یا سیکس (ایکول پے ایکٹ)۔

ان حفاظتوں کے بارے میں مزید معلومات کے لیئے یو ایس ایکول امپلائمنٹ آپرچونٹی کمیشن کی ویب سائٹ http://www.eeoc.gov وزٹ کریں یا 1-800-669-4000 پر، اور کمزور سماعت والوں کے لئے 1-800-669-6820 پر کال کریں۔

بعض دوسرے قوانین ملازمت کی جگہ کو محفوظ بناتے ہیں، فیملی یا میڈکل امرجنسی کی صورت میں رخصت دلاتے ہیں،اور بے روزگار کام کرنے والوں کے لئے عارضی مالی وسائل مہیّا کرتے ہیں۔ ملازمین کے حقوق کے بارے میں مزید معلومات کے لئے یو ایس ڈپارٹمنٹ آف لیبر کی ویب سائٹ http://www.dol.gov پر جائیں۔

آپ شاید دریافت کرنا چاہیں:

- ملازمت کے اوقات کیا ہیں؟
- ملازمت کی تنخواہ کتنی ہے؟ (امریکی قانون کے تحت زیادہ تر آجروں کو ایک "منیمم ویج" دینی لازم ہے جو سب سے کم تنخاہ ہے جس کی اجازت ہے۔)
- چھٹی کے کتنے دن ملینگے؟
- بیماری کی کتنے دنوں کی چھٹی ہے؟
- ملازمت کے ساتھ کون کون سے بینیفٹ ملینگے؟

انٹرویو کے دوران ایک آجر آپ سے بہت سے سوال کر سکتا ہے۔ لیکن بعض سوال ایسے ہیں جو آجر کو پوچھنے کی اجازت نہیں۔ کسی کو آپ سے آپکی نسل، رنگ، جنس، شادی، مذہب، آبائی ملک، عمر، یا آپکی کسی معذوری کے بارے میں سوال نہیں کرنا چاہیئے۔

امیگرنٹ ملازمین کے لئے وفاقی تحفظ

وفاقی قانون کے مطابق، آجر آپکے خلاف آپکے امیگریشن کے سٹیٹس یا درجے کی بنیاد پر امتیاز نہیں کر سکتے۔ آجر یہ نہیں کر سکتے:

- آپکے امیگریشن سٹیٹس یا امریکی شہری نہ ہونے کی بنیاد پرآپکو نوکری نہ دیں یا نوکری سے نکال دیں۔
- آپکے لئے مستقل سکونت (پرمننٹ ریزڈنٹ) کارڈ دکھانا لازمی قرار دیں یا آپکے جائز ملازمت کے کاغذات مسترد کر دے۔
- آپکے اوپردستاویزات نہ رکھنے والوں کو ملازمت دینے میں ترجیح دے۔
- آپکے ساتھ آپکی ابتدائی قومیت (یا آبائی ملک) کی بنیاد پر امتیاز کرے۔
- اوپر والے برتاؤ کی شکایت کرنے پر آپ سے انتقام لے۔

اپنے حقوق کے بارے میں مزید معلومات کے لئے، یا شکایت درج کرنے کے لئے آفس آف سپیشل کاؤنسل کو 1-800-255-7688 پر یا (کمزور سماعت والوں کے لئے) 1-800-237-2515 پر کال کریں۔ اگر آپ انگریزی نہیں بولتے تو مترجم آپکی مدد کے لئے دستیاب ہیں۔ آپ http://www.usdoj.gov/crt/osc کو بھی مزید معلومات کے لئے ویزٹ کر سکتے ہیں۔

ملازمت ملنے پر کیا ہو سکتا ہے

اپنی نئی ملازمت پر جب آپ پہلی دفعہ جائینگے تو آپ سے کچھ فارمز پر کرنے کو کہا جائیگا۔ ان میں شامل ہونگے:

- فارم I-9، یا ایلجبلٹی ویرفکیشن فارم "Employment Eligibility Verification Form"۔ قانوناً آپکے آجر کے لئے یہ چیک کر کے دیکھنا ضروری ہے کہ نئے ہائر کئے گئے ملازمیں امریکہ میں کام کرنے کی اہلیت رکھتے ہیں۔ ملازمت کے پہلے روز آپ کوI-9 فارم پر کرنا پڑیگا۔ تین کاروباری دنوں کے اندر آپکو اپنے آجر کو اپنے شناختی دستاویزات اور کام کرنے کی اجازت کے دستاویزات دکھانے ہونگے۔ آپ خود فیصلہ کر سکتے ہیں کہ آپ اپنے امریکہ میں کام کرنے کے حق کے ثبوت میں کونسے دستاویزات دکھایئں، بشرطکہ یہ I-9 فارم پر شامل کئے گئے ہوں۔ قابل قبول دستاویزات کی فہرست I-9 فارم کی پشت پر دی گئی ہے۔ قابل قبول دستاویزات کی مثالیں ہیں آپکا پرمننٹ ریزڈنٹ کارڈ یا ایک بلا پابندی والا سوشل سیکورٹی نمبر ایک ریاست کے جاری کئے گئے ڈرائورز لائسنس کے ساتھ۔
- فارم W-4، امپلائزودہولڈنگ الاؤنس سرٹفکیٹ "Employee's Withholding Allowance Certificate"۔ آپکے آجر کو آپکی تنخواہ میں سے وفاقی ٹیکس حکومت کو بھیجنے کے لئے نکالنے چاہیئں۔ اس کو "ودہولڈنگ ٹیکس" کہتے ہیں۔ فارم W-4 آپکے آجر سے ٹیکس نکالنے کو کہتا ہے اور یہ واضح کرکے آپکی مدد کرتا ہے کہ صحیح رقم کیا ہے جو ٹیکس کے طورپر نکالی جائے۔

- دیگر فارم۔ آپ جس ریاست میں رہتے ہیں آپکو شاید اسکے لئے بھی ایک ٹیکس وہولڈنگ فارم بھرنا پڑے اور اس کے علاوہ ایسے فارم جن کی مدد سے آپ منفعت حاصل کر سکتے ہیں۔

آپکو تنخواہ ہر ہفتے، ہر دو ہفتے، یا ہر مہینے مل سکتی ہے۔ آپکا پے چیک واضح کریگا کہ ان چیزوں کے لئے کتنی رقوم نکالی گئی ہیں: وفاقی اور ریاستی ٹیکسز، سوشل سیکورٹی ٹیکسز، اور کوئی ایسے ملازمتی بینفٹس جن کے لئے آپ پیسے دیتے ہیں۔ بعض آجر آپکی تنخواہ براہ راست آپ کے بینک کو بھیج دینگے۔ اس کو ''ڈریکٹ ڈیپازٹ'' کہتے ہیں۔

کام پر انگریزی بولنا

اگر آپ انگریزی نہیں بولتے تو اسے جلد سے جلد سیکھنے کی کوشش کریں۔ آپ اکثر اپنی کمیونٹی میں مقامی پبلک سکولوں یا کمیونٹی کالج کے ذریعہ مفت یا کم خرچ والی انگریزی کلاسوں کا پتا لگا سکتے ہیں۔ انگریزی جاننے سے آپکو اپنی ملازمت، اپنی کمیونٹی، اور اپنی روز مرہ کی زندگی میں مدد ملیگی۔ انگریزی سیکھنے سے متعلق مزید معلومات کے لئے دیکھیئے صفحہ 37۔

اگر آپکا آجر کہے کہ آپکو کام پر لازما انگریزی بولنی ہے، تو اسکو یہ دکھانا پڑیگا کہ اپنا کام صحیح طور سے کرنے کے لئے آپکا انگریزی بولنا ضروری ہے۔ اس کے علاوہ، ضروری ہے کہ آپکو رکھنے سے پہلے آجر آپکو بتائے کہ انگریزی جاننا ضروری ہے۔ اگر آپکا آجر یہ نہیں دکھا سکتا کہ انگریزی بولنا آپکے جاب کے لئے لازمی ہے، تو ہو سکتا ہے وہ کسی وفاقی قانون کی خلاف ورزی کر رہا ہو۔ اگر آپکومدد یا مزید معلومات کی ضرورت ہو، تو آپ یو ایس ایکول آپرچونٹی کمیشن (EEOC) سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ 1-800-669-4000 پر یا (کمزور سماعت والوں کے لئے) 1-800-669-6820 پر کال کریں، یا http://www.eeoc.gov پر جائیں۔

منشیات اور بیک گراؤنڈ کے چیک

بعض ملازمتوں کے لئے آپکو شاید ایک ٹیسٹ یہ دیکھنے کے لئے لینا پڑے کہ آپ غیر قانونی ادویات کا استعمال تو نہیں کر رہے۔ بعض ملازمتوں کے لئے آپکے بیک گراؤنڈ کا چیک درکار ہوتا ہے جس میں آپ کی ماضی کی سرگرمیؤں اور موجودہ حالات کی جانچ پڑتال کی جاتی ہے۔

ٹیکس (محصول) کی ادائگی

ٹیکس وہ پیسے ہیں جو شہری اور باشندے وفاقی، ریاستی اور مقامی حکومتوں کو ادا کرتے ہیں۔ ٹیکس ان خدنات کے لئے پیسے فراہم کرتے ہیں جو حکومتیں انجام دیتی ہیں۔ ٹیکس مختلف قسم کے ہوتے ہیں، مثلاً انکم ٹیکس، سیلز ٹیکس، اور پراپرٹی ٹیکس۔

انکم تیکس۔ انکم ٹیکس وفاقی، اکثر ریاستی، اور بعض مقامی حکومتوں کو ادا کیا جاتا ہے۔ ''ٹیکس کے قابل انکم (آمدنی)'' وہ پیسے ہیں جو آپکو تنخواہ، سیلف امپلائمنٹ (خود روزگاری)، ٹپ (بخشیش)، اور جائداد کی فروخت سے ملتے ہیں۔ اکثر لوگ ٹیکس کی ادائگی کے لئے اپنے پے چیک میں سے پیسے نکلوا یا کرتے ہیں۔ آپکو کتنا انکم تیکس ادا کرنا ہوگا، یہ آپکی کمائی پرمنحصر ہے۔ کم کمائی والوں کے لئے انکم ٹیکس کی شرح کم ہے۔ ہر اس شخص پر ٹیکس ریٹرن فائل کرنا اور واجب الادا ٹیکسز ادا کرنا واجب ہے جو پیسے کماتا ہو، امریکا میں رہتا ہو، اور مخصوص لوازمات پوری کرتا ہو۔

انٹرنل ریوینیو سروس (IRS) وہ وفاقی ایجنسی ہے جو انکم ٹیکس وصول کرتی ہے۔ ٹیکس دھندگان ہر سال IRS کے پاس ایک وفاقی ''انکم ٹیکس ریٹرن'' فارم 1040 جمع کراتے ہیں۔ آپ کا ٹیکس ریٹرن فارم حکومت کو مطلع کرتا ہے کہ آپ کی کتنی کمائی ہوئی تھی اور ٹیکسز کے طور پر آپکے پے چیک میں سے کتنے پیسے نکالے گئے تھے۔ اگر آپکے پے چیک میں سے واجب رقم سے زیادہ لی گئی تھی تو آپکو ایک ریفنڈ (پیسے واپس) ملیگا۔ اگر آپکے پے چیک میں سے واجب رقم سے کم لی گئی تھی تو آپ کو IRS کو پیسے بھیجنے پڑینگے۔

سوشل سیکورٹی اور میڈیکئر ٹیکسز۔ یہ وفاقی ٹیکس آپکے پے چیک میں سے نکال لئے جاتے ہیں۔ سوشل سیکورٹی مخصوص ریٹائرڈ ملازمین اور انکی فیملیز کے لئے منفعت مہیّا کرتا ہے؛ مخصوص معذور ملازمین اور انکی فیملیزکے لئے؛ اور مخصوص فوتی ملازمین کی فیملیز کے لئے۔ میڈیکئرٹیکس اکثر 65 سال سے زیادہ عمر کے لوگوں کی طبّی ضروریات کا خرچ اٹھانے کے لئے استعمال ہوتا ہے۔

آپکا W-2 فارم: تنخواہ اور ٹیکس سٹیٹمنٹ



آپکا W-2 ایک فیڈرل فارم ہے جس میں آپکی گزشتہ سال کی کمائی اور ٹیکسز کی ادائگی کی معلومات درج ہوتی ہیں۔ ٹیکس کا سال ہرسال1جنوری سے لیکر 31 دسمبرتک ہوتا ہے۔ قانون کے تحت آپکے آجر کو ہر سال 31 جنوری تک آپکا W-2 آپکو بھیج دینا چاہیئے۔ آپکو اپنی ہر ملازمت کے لئے ایک W-2 فارم ملیگا۔ آپکو اپنے فیڈرل انکم ٹیکس ریٹرن کے ساتھ IRS کو اپنے W-2 کی ایک کاپی بھیجنا ضروری ہے۔ اگر آپ ایسی ریاست میں رہتے ہیں جو انکم ٹیکس لیتی ہے، تو آپکو اپنے W-2 کی ایک کاپی اپنے سٹیٹ انکم ٹیکس ریٹرن کے ساتھ بھیجنی ہوگی۔

زیادہ تر صورتوں میں سوشل سیکورٹی رٹائرمنٹ منفعات اور میڈیکئر منفعت حاصل کرنے کے لئے آپکو اپنی زندگی کے دوران کل 10 سال (یا 40 کواٹر) ملازمت کرنا ضروری ہے۔ جہاں تک معذوری سے متعلق منفعت اورکمانے والے کی موت کے بعد فیملی کو ملنے والے منفعت کا تعلق ہے، ممکن ہے کہ آپکی کمائی کے حساب سے یہ منفعت حاصل کرنے کے لئے آپکو 10 سال سے کم ملازمت کرنے کی ضرورت ہو۔

سیلز ٹیکس۔ سیلز ٹیکسز ریاستی اور مقامی ہوتے ہیں۔ یہ ٹیکس خصوصی اشیأ کی قیمتوں میں جوڑ دئے جاتے ہیں۔ سیلز ٹیکس کا انحصار چیز کی قیمت پر ہوتا ہے۔ سیلز ٹیکس کے پیسے ان خدمات کے لئے استعمال ہوتے ہیں جوریاستی اور مقامی حکومتیں مہیّا کرتی ہیں، جیسے سڑکیں، پولیس، اور آگ بجھانے والے۔

پراپرٹی ٹیکسز۔ یہ آپکے مکان اور آپکی زمین پر ریاستی اور مقامی ٹیکسز ہوتے ہیں۔ اکثر جگہوں پر پراپرٹی ٹیکسز مقامی پبلک سکولوں اور دیگر سروسز کے خرچ برداشت کرنے میں مدد دیتے ہیں۔

ٹیکس فائل کرنے میں مدد

ایک مستقل باشندے (پرمننٹ ریزڈنٹ) کی حیثیت سے آپکے لئے ہر سال فیڈرل انکم ٹیکس ریٹرن فائل کرنا ضروری ہے۔ یہ ریٹرن آپکی گزشتہ سال کی جنوری سے دسمبر تک کی آمدنی کو شامل کرتا ہے۔ آپکو اپنا ریٹرن 15 اپریل تک فائل کرنا ہوتا ہے۔ آپکو ٹیکس ریٹرن تیار کرنے میں کسی IRS ٹیکس پیئر اسسٹنس سینٹر سے بلا معاوضہ مدد مل سکتی ہے۔ انکو پہلے سے کال کرنے کی ضرورت نہیں۔ ٹیکس پیئر اسسٹنس سینٹرزتمام امریکا میں کمیونٹیز میں واقع ہیں۔ اپنے علاقے کے ٹیکس پیئر اسسٹنس سینٹر کے پتے کے لئے http://www.irs.gov/localcontacts/index.html پر جائیں۔ فون پر مدد حاصل کرنے کے لئے IRS کو 1-800-829-1040 پر کال کریں۔

حکومت ہمارے لئے کس طرح کام کرتی ہے

ٹیکسزان خدمات کے لئے پیسے مہیّا کرتے ہیں جو وفاقی حکومت امریکا کے عوام کے لئے انجام دیتی ہے۔ ان خدمات کی چند مثالیں ہیں:

- ہمارے ملک کو محفوظ اور بے خطر رکھنا۔
- تحقیق کے ذریعہ بیماریوں کی روک تھام اور علاج کرنا۔
- بینکوں کو انشور کر کے ان میں ہمارے پیسوں کو محفوظ رکھنا۔
- بچوں اور بالغوں کو تعلیم مہیّا کرنا۔
- ہماری سڑکوں اور ہائی ویز کو تعمیر کرنا اور اچھی حالت میں رکھنا۔
- غریبوں اور عمر رسیدہ لوگوں کو میڈکل سہولتیں مہیّا کرنا۔
- قدرتی آفتوں، مثلاً" طوفان، سیلاب، یا زلزلے کی صورت میں ہنگامی امداد بہم پہنچانا۔

امریکا میں سفر کرنا

امریکا میں سفر کے بہت سے طریقے ہیں۔ کئی شہروں میں بس، ٹرین (جس کو سب وے بھی کہتے ہیں)، ٹرالی، یا سٹریٹ کار کی سواری موجود ہے۔ تھوڑی سی فیس دے کر کوئی بھی ان میں سوار ہو سکتا ہے۔ بعض جگہوں پر آپ سبوے یا بس کا ایسا کارڈ خرید سکتے ہیں جس پر کئی سفر کئے جا سکتے ہیں۔ آپ ہرسفر کے علیحدہ سے بھی پیسے دے سکتے ہیں۔ ٹیکسی کیبز یا ٹیکسیئاں ایسی گاڑیاں ہیں جن کو پیسے دیکر آپ کو جہاں جانا ہو لے جا سکتے ہیں۔ دیگر عوامی سواریوں کی نسبت، ٹیکسیئاں زیادہ مہنگی ہوتی ہیں۔

کیا مجھکو گاڑی خریدنی چاہیئے؟

اپنی گاڑی رکھنے سے ادھر ادھر جانے میں سہولت ہو سکتی ہے۔ امریکا میں آپکوگاڑی کی انشورنس کے لئے، گاڑی رجسٹر کرانے کے لئے، اور لائسنس کے لئے بھی پیسے دینے پڑتے ہیں۔ بعض شہروں میں بھاری ٹریفک ڈرائو کرنا مشکل بنا سکتی ہے۔ گاڑی خریدنے کا فیصلہ کرنے سے پہلے تمام اخراجات اور فوائد کا اندازہ لگائیں۔

ڈرائورز لائسنس حاصل کرنا

ڈرائورز لائسنس بغیر گاڑی چلانا قانون کے خلاف ہے۔ اگر آپ گاڑی چلانا چاہتے ہیں تو آپکو ڈرائورز لائسنس کے لئے اپلائی کرنا ہوگا اور حاصل کرنا ہوگا۔ آپکو ڈرائورز لائسنس وہی ریاست دیتی ہے جس میں آپ رہتے ہیں۔

ریاست کے اس دفتر سے، جو ڈرائورز لائسنس جاری کرتا ہے، اسے حاصل کرنے کا طریقہ پتا کریں۔ مختلف ریاستوں میں ان دفتروں کے مختلف نام ہوتے ہیں۔ بعض عام نام ہیں ڈپارٹمنٹ آف موٹر ویہکلز(DMV)، ڈپارٹمنٹ آف ٹرانسپورٹیشن،موٹر ویہکل ایڈمنسٹریشن، یا ڈپارٹمنٹ آف پبلک سیفٹی۔ یہ دفتر آپکو فون بک کے نیلے صفحات میں مل سکتے ہیں، یا مزید معلومات http://www.usa.gov/Topics/Motor_Vehicles.shtml سے لیں۔

بعض مستقل باشندوں کے پاس پہلے سے کسی دوسرے ملک کا ڈرائورز لائسنس ہوتا ہے۔ ممکن ہے آپ اسکے بدلے میں اپنی ریاست کا لائسنس حاصل کر سکیں۔ اپنے ریاست کے آفس سے پتا کریں کہ آیا ایسا ہو سکتا ہے۔

امریکا میں گاڑی بحفاظت چلانے کے لئے 10 کام کی باتیں

- گاڑی سڑک کی دائیں طرف چلائیں۔
- ہمیشہ اپنا ڈرائورز لائسنس اور انشورنس کارڈ اپنے ساتھ رکھیں۔
- سیٹ بیلٹ ہمیشہ لگائیں۔
- بچوں کے لئے مناسب سیٹ بیلٹس اور سیفٹی کار سیٹس استعمال کریں۔
- اپنی کار کا سگنل استعمال کر کے اشارہ دیں اگر آپ بائیں یا دائیں جانب مڑرہے ہیں۔
- تمام ٹریفک کےقوانین اور سگنلز کی تعمیل کریں۔
- اگر کوئی امرجنسی کی گاڑی -- پولیس کار، فائر ٹرک، یا ایمبیولنس -- آپکو پاس کرنا چاہتی ہے تو گاڑی سڑک کے کنارے کرکے روک لیں۔
- سکول بس کو ایسے میں پاس نہ کریں جب اسکی سرخ لائٹس فلیش کر رہی ہوں۔
- اگر آپ نے شراب یا منشیات لئے ہیں تو گاڑی نہ چلائیں۔
- دھند، برف، بارش، یا برف باری میں گاڑی چلاتے ہوئے بہت احتیاط برتیں۔

کام کی بات: امریکا میں ڈرائورز لائسنس شناخت کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ اگر آپکے پاس گاڑی نہیں بھی ہے تو یہ لائسنس بنوا لینا اچھا رہتا ہے۔

اگر آپ ڈرائو کرنا نہیں جانتے، تو آپ ڈرائونگ لیسنز یا سبق لے سکتے ہیں۔ کئی پبلک سکولوں کے ضلعوں میں ”ڈرائور ایڈیوکیشن“ کی کلاسیں ہوتی ہیں۔ آپ فون بک کے پیلے صفحوں میں ”ڈرائونگ انسٹرکشن“ کے نیچے بھی دیکھ سکتے ہیں۔

کام کی بات: امریکا میں ہچ ہائکنگ (بیگانی کاروں میں رائیڈ مانگ کر سفر کرنا) عام نہیں ہے۔ بہت سی جگہوں پر غیر قانونی ہے۔ تحفظ کی خاطر نہ خود ہچ ہائیک کریں نہ ہچ ہائیکرز کو اپنی گاڑی میں سواری کرائیں۔

سفر کرنے کی معلومات

بس پر سفر کے لئے:
گرے ہاؤنڈ 1-800-229-9424 یا
http://www.greyhound.com

ٹرین پر سفر کے لئے:
ایمٹریک 1-800-872-7245 یا
http://www.amtrak.com

ہوائی جہاز پر سفر: امریکا میں بہت سی ایر لائینیں ہیں۔ فون بک کے پیلے صفحوں میں ”ایر لائنز“ کے تحت دیکھیں۔

اپنی صحت کی دیکھ بھال کرنا

امریکا میں لوگ اپنے علاج کے اخراجات خود برداشت کرتے ہیں۔ میڈکل کیئر مہنگی ہے اس لئےبہت سے لوگ ہیلتھ انشورنس خریدتے ہیں۔ جتنے جلدی ممکن ہو سکے آپکو اپنے اور اپنے خاندان کے لئے ہیلتھ انشورنس لے لینی چاہئے۔

آجر منفعت کے طور پر اپنے ملازمین کو ہیلتھ انشورنس دے سکتے ہیں۔ بعض آجر مکمل ماہانہ انشورنس فیس ادا کرتے ہیں اور بعض اسکا صرف ایک حصّہ۔ اس ماہانہ فیس کو ”پریمیئم“ کہتے ہیں۔ ہو سکتا ہے کہ پریمیئم کا کچھ حصّہ آپکو ادا کرنا پڑے۔ عام طور پر آجر پریمیئم کا وہ حصّہ جو ملازم کے سپرد ہے، اسکے پے چیک میں سے نکال لیتے ہیں۔

کسی کلینک یا دیگر سستے علاج کی جگہ کا پتا لگانا

کلینکس ایسے میڈکل دفتر ہوتے ہیں جہاں مفت یا سستا علاج ہوتا ہے۔ اکثر کمیونٹیز میں کم از کم ایک کلینک ہوتا ہے۔ ایسی کمیونٹی کی تنظیموں کو، جو امیگرنٹس کے ساتھ کام کرتی ہیں، شاید آپ کے علاقے میں کسی سستے یا مفت کلینک کا پتا ہو۔

یو ایس ڈپارٹمنٹ آف ہیلتھ اینڈ ہیومن سروسز بھی امیگرنٹس کو بنیادی ہیلتھ کیئر مہیّا کرتی ہے۔ انکی ایک ویب سائٹ پر کلینکس اور دیگر صحت کی دیکھ بھال کی جگہیں درج ہیں۔ اپنے قریب کے کسی ڈاکٹر یا کلینک کا پتا لگانے کے لئے http://ask.hrsa.gov/pc/ پر جائیں۔ معلومات حاصل کرنے کے لئے اپنی ریاست کا نام یا اپنا زپ کوڈ ٹائپ کریں۔ آپ پیلے صفحات میں ”سوشل سروسز“ کے تحت بھی دیکھ سکتے ہیں۔

ڈاکٹر اپنے بل آپکی ہیلتھ ابشورنس کمپنی کو بھیجتے ہیں۔ آپ نے جو میڈکل خدمات حاصل کی ہیں، ہیلتھ انشورنس کمپنی ان میں سے کچھ کا خرچہ اٹھائگی۔ میڈکل بلوں کا کچھ حصّہ اکثر آپ کو خود ادا کرنا پڑتا ہے۔ اس کو بعض اوقات کو۔ پیمنٹ کہا جاتا ہے۔

اگر آپ ہیلتھ انشورنس نہیں رکھتےتو آپ شاید وفاق یا ریاست سے ملنے والی ہیلتھ کیئرکی امداد حاصل کر سکیں۔ عموماً اکثر ریاستیں بچوں اور حاملہ عورتوں کو کسی قسم کی امداد مہیّا کرتی ہیں۔ اپنی ریاست یا شہر کی پبلک ہیلتھ ڈپارٹمنٹ سے پتا کیجیئے۔

اگر آپکو فوری میڈکل توجّہ کی ضرورت ہو تو آپ سب سے قریبی ہسپتال کے امرجنسی روم میں جا سکتے ہیں۔ وفاقی قانون کے تحت زیادہ تر ہسپتالوں کو ایسے مریضوں کا علاج کرنا پڑتا ہے جنکو فوری توجّہ کی ضرورت ہو، چاہے وہ پیسے نہ بھی دے سکتے ہوں۔

وفاقی اور ریاستی صحت کے پروگرام

میڈکیڈ کم تنخواہ والوں کے لئے ایک وفاق اور ریاست کا مشترکہ پروگرام ہے۔ میڈیکیڈ کے لئے ہر ریاست کا اپنا دستورالعمل ہے۔ میڈیکیڈ ڈاکٹر سے مشورہ یا ہسپتال میں داخلی جیسی طبّی خدمات کے لئے پیسے دیتی ہے۔ 22 اگست، 1996 سے پیشتر امریکا آئے والے پرمننٹ ریزڈنٹس شاید میڈیکیڈ حاصل کر سکیں اگر وہ بعض شرائط پر پورا اترتے ہوں۔ امریکا میں 22 اگست، 1996، کو یا اسکے بعد داخل ہونے والے پرمننٹ ریزڈنٹس کو شاید میڈیکیڈ مل سکے اگر انہوں نے امریکا میں 5 سال یا اس سے زیادہ قیام کیا ہے اور بعض شرائط پر پورا اترتے ہیں۔

میڈیکیئر ایسے لوگوں کے لئے ایک ہیلتھ انشورنس پروگرام ہے جنکی عمر 65 برس یا اس سے زیادہ ہو یا جن کی مخصوص معذوریاں ہوں۔ میڈیکئر بیمار یا زخمی ہونے کی صورت میں طبّی امداد کے لئے پیسے دیتی ہے لیکن معمول کے مطابق کیئر (مثلاً ڈاکٹر سے چیک اپ کرانا)، دانتوں کی دیکھ بھال، یا آنکھوں کی دیکھ بھال کے لئے نہیں دیتی۔

میڈیکیئر اور میڈیکیڈ کے بارے میں مزید معلومات

سوشل سیکورٹی ایڈمنسٹریشن سے 1-800-772-1213 پر رابطہ کریں یا سینٹرز فار مڈیکیئر اینڈ میڈیکیڈ سروس کی ویب سائٹ http://www.cms.hhs.gov پر جائیں۔

میڈیکیئر کےکئی حصّے ہیں، بشمول پارٹ اے، پارٹ بی، اور پرسکرپشن ادویات کی کوریج۔ پارٹ اے مفت ہے اور ایسے ہسپتالوں اور نرسنگ ہومز کی خدمات کے لئے پیسے دیتا ہے جو میڈیکیئر کے تصدیق شدہ ہیں۔ پارٹ بی ڈاکٹر کی ویزٹ، ایمبیولنس، ٹیسٹ، اور غیر رہائشی مریض کے طور پر ہسپتال کی خدمات کا خرچ اٹھاتا ہے۔ پارٹ بی کے لئے آپ ایک ماہوار فیس ادا کرتے ہیں۔ پرسکرپشن ڈرگ کوریج ڈاکٹرکے نسخے پر لکھی گئی ادویات کے خریدنے میں مدد کرتا ہے۔ میڈیکیئر کے کسی پرسکرپشن ڈرگ پروگرام میں شرکت رضاکارانہ ہے، اور آپکو اس کوریج کے لئے ایک ماہانہ فیس دینی پڑتی ہے۔

مستقل باشندے، اگر وہ مخصوص شرائط پر پورا اترتے ہیں میڈیکیئر پارٹA، پارٹ B،اور نسخے والی ادویات کی کوریج حاصل کرسکتے ہیں۔ جب 65 برس یا اس سے اوپر کی عمروالوں کو سوشل سیکورٹی بینفٹس ملنا شروع ہوتے ہیں تو، تو وہ خود کار طور پر میڈیکیئر میں شریک ہو جاتے ہیں۔ اگر آپ 65 برس کے نہیں ہیں لیکن دیگر وجوہات کی بنا پر اہلیت رکھتے ہیں، تو شرکت کی معلومات کے لئے کسی قریبی سوشل سیکورٹی آفس کو کال کریں۔ عام طور سے یہ میڈیکیئر منفعت حاصل کرنے کے لئے آپکا اپنی زندگی کے دوران امریکا میں 10 سال (یا 40 کواٹر) کام کرنا لازم ہوتا ہے۔ مزید معلومات کے لئے میڈیکیئر ویب سائٹ: http://www.medicare.gov/publications/pubs/pdf/10050.pdf سے 'میڈیکیئر اینڈ یو' *"Medicare & You"* اشاعت ڈاؤن لوڈ کریں۔

سٹیٹ چلڈرنز ہیلتھ ابشورنس پروگرام (SCHIP) (بچوں کی صحت کی انشورنس کا ریاستی پروگرام)

اگر آپ بعض شرائط پر پورا اترتے ہیں تو آپکے بچوں کو شاید مفت یا سستی صحت کی دیکھ بھال مل سکے۔ ہر ریاست کے پاس شیر خوار بچوں، بچوں، اورٹین ایجرز کے لئے ایک ہیلتھ انشورنس پروگرام ہوتا ہے۔ یہ انشورنس ڈاکٹر کی ویزٹس، ڈاکٹر کی بتائی گئی ادویات، ہسپتال کی کئر، اور دیگر صحت سے متعلق خدمات کے لئے پیسے دیتی ہے۔ اکثر ریاستوں میں 18 سال اور اس سے کم عمر والے ہیلتھ انشورنس نہ رکھنے والے بچے اسکے لئے اہل ہوتے ہیں، جنکی فیملی کی کمائی مخصوص حدود میں ہو۔ اپنے والدین کا امیگریشن سٹیٹس متاثر کیئے بغیر، بچے مفت یا سستی ہیلتھ کئیر حاصل کر سکتے ہیں۔

SCHIP کے بارے میں مزید معلومات

ہر ریاست کے SCHIP کے اپنے قواعد ہوتے ہیں۔ آپکو اپنی ریاست کے پروگرام کے بارے میں پتا کرنا چاہیئے۔ اپنی ریاست کے SCHIP پرمعلومات کے لئے 1-877-543-7669 کال کریں، یا http://www.insurekidsnow.gov پر جاکر اپنی ریاست کا نام درج کریں۔

دیگر وفاقی منفعتی پروگرام

آپ اور آپ کے گھر والے دیگر فیڈرل منفعت کے لئے اہل ہو سکتے ہیں، جس کا انحثار آپکے امیگراشن سٹیٹس، امریکا میں دور قیام، اور آمدنی پر ہے۔

فوڈ سٹیمپ پروگرام

بعض کم آمدنی والے امیگرنٹس اور امیگرنٹ بچے فوڈ سٹیمپس کی امداد کے اہل ہو سکتے ہیں، جس کا انحثار انکے امگریشن سٹیٹس، امریکا میں قیام کے طول، اور آمدنی پر ہے۔ فوڈ سٹیمپس آپکو گروسری سٹور سے بعض کھانے کی اشیأ مفت حاصل کرنے دیتے ہیں۔ بعض ریاستوں کے اپنے فوڈ سٹیمپ پروگرام ہو سکتے ہیں، جن میں امیگرنٹس کی اہلیت کی شرائط ریاست کے حساب سے ہوں۔ یو ایس فوڈ اینڈ نیوٹریشن سروس سے وفاقی فوڈ سٹیمپ پروگرام میں اہلیت کے بارے میں 36 زبانوں میں معلومات حاصل کرنے کے لئے ویزٹ کریں: http://www.fns.usda.gov/fsp/outreach/translations.htm۔

گھریلو تشدّد سے گزرے ہوئےلوگوں کے لئے خدمات

امیگرنٹس جو گھر میں تشدد سے گزر چکے ہیں اور انکے بچے تشدد زدہ عورتوں کے شلٹرز یا فوڈ سٹیمپس جیسے وفاقی منفعت اور خدمات کے اہل ہو سکتے ہیں۔ یو ایس ڈپارٹمنٹ آف ہیلتھ انڈ ہیومن سروسز کی ان خدمات کے بارے میں مزید معلومات کے لئے ویزٹ کریں: http://www.hhs.gov/ocr/immigration/bifsltr.html۔

ٹمپوررری اسسٹنس فار نیڈی فیملیز (TANF)

ٹمپوررری اسسٹنس فار نیڈی فیملیز (ضرورتمند فیملیز کے لئے عارضی امداد) ایک وفاقی پروگرام ہے جس کے تحت ریاستوں کو کم تنخواہ والی فیملیز کوامداد اور ملازمت کے مواقع مہیّا کرنے کے لئے پیسے دئے جاتے ہیں۔ امیگریشن سٹیٹس، امریکا میں قیام کے طول، اور نوکری کے لحاظ سے امیگرنٹس اس کے اہل ہو سکتے ہیں۔ مختلف ریاستوں کے پروگراموں میں فرق ہوتا ہے اور بعض ریاستیں اپنے سٹیٹ کے وسائل سے چلنے والے امدادی پروگرام رکھتی ہیں۔ TANF کے لنکس اور معلومات کے لئے ویزٹ کریں: http://www.acf.dhhs.gov/programs/ofa/۔

معذور امیگرنٹس کے لئے امداد

معذور امیگرنٹس میڈیکیڈ، فوڈ سٹیمپس،اور سپلیمنٹل (ضمیمی) سیکورٹی انکم کے لئے اہل ہو سکتے ہیں، جسکا دارومدار انکے امیگراشن سٹیٹس، انکے امریکا میں قیام کے طول، اور تنخواہ پر ہوتا ہے۔ فوڈ سٹیمپس پر مزید معلومات کے لئے صفحہ 29 دیکھیں۔ سپلیمنٹل سیکورٹی انکم پر معلومات کے لئے http://www.socialsecurity.gov/ssi/spotlights/spot-non-citizens.htm پر جائیں۔

ون۔ سٹاپ کرئر سنٹرز

وفاقی حکومت کرئر سنٹرز کے لئے مالی وسائل مہیّا کرتی ہے جو تربیت کی جگہوں کے حوالے، کرئر سے متعلق صلاح مشورہ، نوکریوں کی لسٹنگز، اور دیگر ملازمت سے متعلق کام انجام دیتے ہیں۔ ایسے بعض سنٹرز پرامیگرنٹس ”انگلش ایز اے سیکنڈ لانگویج“ (ESL) کی تعلیم بھی حاصل کر سکتے ہیں، جس کا دارومدار انکے امیگراشن سٹیٹس اور تنخواہ پر ہوتا ہے۔ امریکا بھر میں ون۔ سٹاپ کرئر سنٹرز کے بارے میں معلومات کے لئے http://www.doleta.gov/usworkforce/onestop/onestopmap.cfm پر جائیں۔

کام کی بات: آپ http://www.govbenefits.gov پر جاکر ایسی مزید خدمات کا پتا کر سکتے ہیں جن کے آپ شاید اہل ہوں۔

تعلیم اور بچوں کی دیکھ بھال

تعلیم آپکو اور آپکی فیملی کو کمیونٹی کے ساتھ رابطہ کرنے میں مدد کر سکتی ہے۔ اس سیکشن میں امریکا میں بچوں، نوجوانوں، اور بالغان کے سکولوں کا بیان کیا گیا ہے اور انکے بارے میں آپکے جو سوالات ہو سکتے ہیں انکا جواب دیا گیا ہے۔ ایسی صورت میں کہ آپکے گھر پر چھوٹے بچے ہیں اور آپ کو ملازمت کرنے کی ضرورت ہے تو بچوں کے لئے اچھا چائلڈ کیئر حاصل کرنے کے لئے تجاویز بھی پیش کی گئی ہیں۔

تعلیم

امریکہ میں پبلک تعلیم مفت مہیّا کی جاتی ہے تاکہ کامیابی حاصل کرنے کے لئے ہر بچے کو یقینی طور پر تیار کیا جا سکے۔ اس سیکشن میں بتاتا گیا ہے کہ آپ اپنے بچوں کا سکول میں داخلہ کیسے کرائیں۔ آپ سیکھینگے کہ امریکی سکول کس طرح کام کرتے ہیں اور آپ اپنے بچوں کے تعلیم کے حصول میں کس طرح مدد کر سکتے ہیں۔

اپنے بچے کا سکول میں داخلہ کرانا

امریکا میں زیادہ تر سکول کو۔ایڈیوکیشنل ہوتے ہیں۔ کو۔ایڈیوکیشنل کا مطلب ہے کہ لڑکے لڑکیاں دونوں ساتھ کلاسوں میں شریک ہوتے ہیں۔ امریکا میں سکول میں واجبی حاضری کے قا نون موجود ہیں۔ اس کا مطلب ہے کہ زیادہ تر ریاستوں میں تمام 5 سے لیکر 16 سال کی عمر کے بچوں کے لئے سکول جانا لازمی ہے۔ اپنی ریاست کے تعلیمی محکمے سے رابطہ کر کے پتا کریں کہ آپکی ریاست میں کونسی عمر کے بچوں کے لئے سکول جانا لازم ہے۔

آپ اپنے بچے کو پبلک یا پرائویٹ سکول میں بھیج سکتے ہیں۔ اکثر ریاستوں میں والدین اپنے بچوں کو گھر پر بھی پڑھا سکتے ہیں۔ اس کو ''ہوم۔سکولنگ'' (گھر پو پڑھائی) کہتے ہیں۔ پبلک سکول مفت ہوتے ہیں اور مذہبی تعلیم نہیں دیتے۔ پبلک سکول میں آپکے بچے جو کچھ پڑھتے ہیں وہ ریاست کا طے کردہ ہوتا ہے۔ تاہم اسکا فیصلہ مقامی اساتذہ اور والدین کرتے ہیں کہ یہ کس طرح پڑھایا جائے۔ آپکے فیڈرل اور ریاستی انکم ٹیکسز ان سکولوں کے لئے پیسے مہیّا کرتے ہیں۔

پرائویٹ سکول میں پڑھنے کے لئے طالبعلموں کو ایک فیس ادا کرنی پڑتی ہے (جسکو ''ٹیوشن'' کہا جاتا ہے)۔ کئی پرائویٹ سکول مذہبی گروپ چلاتے ہیں۔ بعض کو۔ایڈیوکیشنل ہوتے ہیں۔ بعض صرف لڑکوں یا صرف لڑکیوں کے لئے ہوتے ہیں۔ بعض ایسے بچوں کی مالی امداد کرتے ہیں جو ٹیوشن ادا نہیں کر سکتے۔

اکثرامریکی بچے 12 سال سکول میں پڑھتے ہیں۔ آپکے بچوں کو کس کلاس (جسے ''گریڈ'' کہتے ہیں) میں لیا جائیگا، اس کا انحثار بچوں کی عمر اور پیشتر حاصل کردہ تعلیم پر ہوگا۔ بعض اوقات سکول یہ فیصلہ کرنے کے لئے کہ آپ کے بچے کو کس گریڈ میں ہونا چاہیئے اس کو ایک ٹیسٹ دے سکتا ہے۔

آپکو جو چیزیں سب سے پہلے کرنی چاہیئں ان میں اپنے بچے کو سکول میں داخل کرانا شامل ہے۔ پبلک سکولز کے بارے میں والدین کے اکثرجو سوال ہوتے ہیں ان میں سے کچھ نیچے درج ہیں۔

س: **سکول کا سال کتنا لمبا ہوتا ہے؟**

ج: سکول کا سال اکثر اگست یا ستمبر میں شروع ہوتا ہے اور مئی یا جون میں ختم ہوتا ہے۔ بعض جگہوں پر بچے پورا سال سکول جاتے ہیں۔ بچے سوموار یا پیر سے جمعہ تک سکول میں ہوتے ہیں۔ بعض سکولوں کے پاس ایسے بچوں کے لئے جن کے والدین کام پر جاتے ہیں، سکول کے اوقات سے پیشتراور بعد کے گھنٹوں کے لئے باقاعدہ پروگرام ہوتے ہیں۔ ان پروگراموں کے لئے آپ سے شاید ایک فیس وصول کی جائے۔

س: **میں اپنے بچے کا داخلہ کہاں کراؤں؟**

ج: اپنی ڈسٹرکٹ کے مین آفس کو کال کرکے یا وہاں جاکر پتا کریں کہ آپکے بچے کو کس سکول میں جانا چاہیئے۔ سکول کے اہلکاروں کو اپنے بچے کی عمر اور آپ جہاں رہتے ہیں وہاں کا پتا بتائیں۔

س: **اپنے بچے کے داخلے کے لئے مجھے کن دستاویزات کی ضرورت ہے؟**

ج: آپکو اپنے بچے کے میڈکل ریکارڈ چاہیئں اور اس کا ثبوت کہ اسے مخصوص امیونزیئزاشنز (جن کو ''شاٹس'' بھی کہتے ہیں) مل چکے ہیں، جو اسکو بیماری سے محفوظ رکھتے ہیں۔ آپکو شاید اسکا ثبوت بھی چاہیئے ہو کہ آپکی رہائش سکول کی کمیونٹی میں ہے۔ اگر آپ کے یہ دستاویزیت کھو گئے ہیں، تو سکول کے عملے سے نئے دستاویزات حاصل کرنے کا طریقہ دریافت کریں۔ تاخیر سے بچنے کے لئے، بچے کے داخلے کی کوشش کرنے سے پہلے ہی یہ کام کر لیں۔

اکثر امریکی سکولوں کی ترتیب کیا ہوتی ہے

ایلمینٹری یا پرائمری سکولکنڈرگارٹن اور گریڈز (جماعتیں) 1 سے 5بچوں کی عمریں 5 تا 10

جونیئر یا مڈل سکولگریڈز 6 سے 8 نوجوان بچوں کی عمریں 11 سے 13

سیکنڈری یا ہائی سکولگریڈز 9 سے 12 کم عمر بالغان کی عمریں 14 سے 18

پوسٹ سیکنڈری یا ہائر (اعلی) تعلیم، پبلک یا پرائویٹ کمیونٹی کالج،دو۔ سالہ اورچار۔ سالہ کالج یا یونورسٹی،ٹریڈ سکولز جن میں سب بالغوں کوداخلہ مل سکتا ہے

س: **اگر میرا بچہ انگریزی نہیں بولتا؟**

ج: سکول آپ کے بچے کو ٹیسٹ کرنے اور صحیح پروگرام میں داخل کرنے کا ذمہ دار ہے۔ سکولوں کو 'انگریزی بطور ثانوی زبان' اور 'دو زبانوں میں تعلیم' جیسے پروگراموں اور خدمات کے لئے وفاق اور ریاست کی طرف سے مالی وسائل ملتے ہیں۔ آپ ٹیسٹ لینے، بچے کے لئے مخصوص کلاس تعینات کرنے، اور مختلف خدمات کے بارے میں پتا کرنے کے لئے اپنے بچے کے سکول کو کال کرسکتے ہیں۔ اگر آپ کا بچہ یا بچی انگریزی نہیں بھی بولتا یا بولتی، اسکو اپنی گریڈ یا کلاس کے معیار کا علمی مواد سیکھنے کی ضرورت ہے۔ یہ انگریزی بطور ثانوی زبان یا 'دو زبانوں میں تعلیم' کے ذریعہ ممکن ہو سکتا ہے۔

س: **اگر میرا بچہ معذور ہے؟**

ج: جسمانی یا ذہنی معذوری والے بچوں کو ان بچوں کی طرح جو معذور نہیں ہیں، مفت پبلک ایڈیوکیشن مل سکتی ہے۔ اگر ممکن ہوا تو آپکے بچے کو سکول کے ایک باقاعدہ کلاس روم میں رکھا جائگا۔ اگر آپکے بچے کی معذوری شدید ہے، تو ہو سکتا ہے کہ اس کو باقاعدہ کلاس روم کے باہر خاص تعلیمی خدمات مہیّا کی جایئں۔ اپنی ریاسی کونسل کی خدمات کے بارے میں مزید معلومات حاصل کرنے کے لئے اس ویب سایٹ پر جایئں http://www.acf.hhs.gov/programs/add/states/ddcs.html۔

س: **میرا بچہ امریکا آنے سے پہلے سکول نہیں جاتا تھا۔ وہ کتنے عرصے تک پبلک سکول میں مفت داخل رہ سکتا ہے؟**

ج: اکثر ریاستوں میں بچے 21 سال کی عمر تک مفت سکول جا سکتے ہیں۔ اگر آپکا بچہ اس عمر تک ہائی سکول سے گریجیویٹ نہیں کرتا تو وہ بالغان کی تعلیم کی کلاسوں میں داخل ہو کر ہائی سکول ڈپلوما کی جگہ جنرل ایڈیوکیشنل ڈولپمنٹ (GED) سرتفکیٹ حاصل کر سکتا ہے۔ اپنے مقامی سکول کے ڈسٹرکٹ آفس یا اپنے ریاستی تعلیمی محکمے کو کال کرکے پتا کریں کہ GED کی کلاسیں کہاں پر ہوتی ہیں۔

س: **میرا بچہ سکول کیسے جایئگا؟**

ج: امریکا میں بچے بعض اوقات پیدل چل کر سکول جا سکتے ہیں۔ اگر سکول زیادہ دور ہے تو وہ بس میں سوار ہو کر جاتے ہیں۔ پبلک سکولوں کی بسیں ہیں جو مفت ہوتی ہیں۔ سکول بس طالبعلموں کو انکے گھر کے قریب کسی سکول۔ بس سٹاپ

سے اٹھاتی اور چھوڑتی ہے۔ یہ پتا کرنے کہ لئے کہ آیا آپکا بچہ سکول بس میں سواری کر سکتا ہے، اپنے مقامی سکول سسٹم سے رابطہ کریں۔ اگر آپکے پاس کار ہے تو آپ اپنے علاقے کے دوسرے والدین کے ساتھ بچوں کو سکول لیجانے کا کام بانٹنے کے لئے ایک ''کار پول'' شروع کر سکتے ہیں۔

س: **میرا بچہ سکول میں کیا کھائیگا؟**

ج: بچے اپنا لنچ سکول لیجا سکتے ہیں یا سکول کے کیفٹیریا میں خرید سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ جن بچوں کے پاس سکول میں کھانا خریدنے کے پیسے نہیں ہوتے، انکے لئے امریکی حکومت غذایّت والا مفت یا سستا ناشتہ اور لنچ مہیّا کرتی ہے۔ اپنے بچے کے سکول کو کال کرکے یا ویزٹ کر کے پتا کریں آیا سکول وفاقی سکول میلز پروگرام میں حصّہ لیتا ہے۔ سکول کے اہلکاروں سے بات کر کے معلوم کریں کہ کیا آپکے بچے اس میں شریک ہونے کے اہل ہیں۔

وفاقی سکول میلز کا پروگرام

بچوں کواچھا کھانے کو ملتا ہے تووہ بہتر پڑھتے ہیں۔ پڑھائی کو بہتر بنانے کے لئے امریکی حکومت ہر سکول کے دن 26 ملئن سے زیادہ بچوں کو غذایئت والے کھانے مفت یا کم قیمت میں مہیّا کرتی ہے۔ سکول بریکفاسٹ (ناشتہ) پروگرام اور نیشنل سکول لنچ پروگرام میں شرکت کا انحثار فیملی کی آمدنی اور فیملی کے ممبرز کی تعداد پر ہے۔ جو بچے دیگر وفاقی سکول میلز پروگراموں میں شرکت نہیں کرتے، انکو سپیشل ملک پروگرام کے تحت دودھ ملتا ہے۔ ان پروگراموں پر مزید معلومات کے لئے یو ایس ڈپارٹمنٹ آف ایگریکلچر کی ویب سائٹ پر جائیں: http://www.fns.usda.gov/cnd/۔

س: **کتابوں اور سکول کی سرگرمیوں کا خرچ کون اٹھاتا ہے؟**

ج: پبلک سکول عام طور سے کتابیں مفت مہیّا کرتے ہیں۔ کاغذ اور پنسلوں جیسی سکول میں استعمال کی اشیاء عموماً طالبعلم کو خود خریدنی ہوتی ہیں۔ اگر آپ یہ چیزیں نہیں خرید سکتے تو اپنے بچے کے سکول سے رابطہ کریں۔ بعض سکول ان سپلائز اور سکول ٹرپس جیسی خصوصی ایکٹوٹیز کے لئے ایک معمولی فیس لے سکتے ہیں۔ کئی سکول سکول کے گھنٹوں کے بعد کھیلوں یا موسیقی کے پروگرام آفر کرتے ہیں۔ بعض ایسے پروگراموں میں آپکو اپنے بچوں کی شرکت کے لئے شاید ایک فیس دینی پڑے۔

س: **میرا بچہ کیا سیکھیگا؟**

ج: ہر ریاست سکولوں کے لئے تعلیمی میعار مقرر کرتی ہے۔ یہ معیار واضح کرتے ہیں کہ سب طلبا کو کیا آنا چاہئے اور کیا کرنے کی صلاحیت رکھنی چاہئے۔ مقامی سکولوں کی ڈسٹرکٹس فیصلہ کرتی ہیں کہ یہ معلومات کس تریقے سے سکھائی جائیں۔ زیادہ تر سکول انگریزی، ریاضی، سوشل سٹڈیز، سائنس، اور فزکل ایڈیوکیشن سکھاتے ہیں۔ بعض دفعہ آرٹ، موسیقی، اور غیر ملکی زبانیں آفر کی جا سکتی ہیں۔

س: **میرے بچے کے کام کو کیسے پرکھا جائیگا؟**

ج: ٹیچرز آپکے بچے کے سکول کے سال میں کئے گئے کام کے حساب سے اسکو گریڈز دیتے ہیں۔ گریڈز کا انحصار عام طور سے ہوم ورک، تیسٹس، حاضری، اور کلاس میں رویّہ پر ہوتا ہے۔ آپکو ایک سال میں کئی مرتبہ ایک ''رپورٹ کارڈ'' ملیگا۔ اس رپورٹ کارڈ سے آپکو اپنے بچے کی ہر مضمون میں کارکردگی کے بارے میں پتا چلتا ہے۔ سکول بچوں کو گریڈ کرنے کے مختلف تریقے استعمال کرتے ہیں۔ بعض گریڈز کے لئے حروف تہّجی استعمال کرتے ہیں، جہاں A یا A+ بہت عمدہ کام اور D اور F پست یا فیل ہونے والے کام کے لئے استعمال ہوتے ہیں۔ بعض سکول گریڈز کے لئے نمبر استعمال کرتے ہیں۔ کچھ اور آپکے بچے کی کارکردگی کا ''بہت عمدہ''، ''اچھا''، یا ''اصلاح کی ضرورت ہے''، جیسے الفاظ میں خلاصہ کرتے ہیں۔ سکول کے اہلکاروں سے پتا کیجئے کہ آپکے بچے کے سکول میں طالبعلموں کو کس طرح گریڈ کیا جاتا ہے۔

س: **میں اپنے بچے کی ٹیچر سے بات کیسے کر سکتا ہوں؟**

ج: اکثر سکولوں میں باقاعدگی کے ساتھ والدین کے ساتھ کانفرنسز رکھی جاتی ہیں جس میں آپ اپنے بچے کی ٹیچر سے مل سکتے ہیں۔ آپ اپنے بچے کی سکول میں کارکردگی کے بارے میں پتا کرنے کے لئے اساتذہ یا سکول کے ناظموں کے ساتھ میٹنگ طلب بھی کرسکتے ہیں۔ اگر آپ انگریزی نہیں بولتے تو معلوم کریں کہ سکول میں کوئی شخص ہے جوآپکی زبان بولتا ہے اور ترجمے میں مدد کر سکتا ہے۔

س: **اگر میرا بچہ سکول سے غیر حاضر ہوتا ہے تو کیا ہوگا؟**

ج: سکول کی حاضری بہت اہم ہے۔ والدین کو ٹیچر کے نام خط لکھ کر یا سکول کو کال کرکے یہ واضح کرنا ہوگا کہ انکا بچہ سکول کیوں نہیں آیا۔ ٹیچر کو پہلے سے بتا دیں اگر آپکے بچے کو سکول سے غیر حاضر ہونا ہوگا۔ عام طور سے طالبعلموں کو مس ہو جانے والے کام کو پورا کرنا پڑتا ہے۔

آپ کیا کچھ کر سکتے ہیں؟

اکثر پبلک اور پرائویٹ سکولوں میں پیرنٹ ٹیچر اسوسیئشن (PTA) یا پیرنٹ ٹیچر آرگنائزاشن (PTO) ہوتی ہے۔ یہ گروہ والدین کو یہ پتا کرنے میں مدد کرتے ہیں کہ انکے بچے کے سکول میں کیا ہو رہا ہے اور وہ سکول کے واقعات میں کس طرح حصّہ لے سکتے ہیں۔ کوئی بھی شریک ہو سکتا ہے، نانا، نانی، اور دادا، دادی بھی۔ PTA/PTO خصوصی سرگرمیاں اپنے سر لیکر اور کلاسروم کے لئے رضاکار مدگار مہیّا کرکے سکولون کا ہاتھ بھی بٹا تی ہیں۔ اگر آپ زیادہ انگریزی نہیں بھی بولتے تب بھی آپ اس میں حصّہ لے سکتے ہیں۔ کئی سکول خصوصی طور پر ایسے والدین کے لئے معلومات رکھتے ہیں جو انگریزی بولنے میں محدود مہارت رکھتے ہیں۔ سکول کے دفتر کو کال کرکے یا وہاں جاکر پتا کریں کہ آپکے بچے کے سکول کی PTA/PTO کی میٹنگ کب ہوتی ہے اور آپ اس میں کس طرح شامل ہو سکتے ہیں۔

س: **اگر میرا بچہ کسی مشکل میں پھنس جاتا ہے تو کیا ہوگا؟**

ج: کئی سکول ایسے قواعد کی فہرست رکھتے ہیں جنکی تعمیل طالبعلموں کے لئے لازم ہوتی ہے۔ یہ ”چال چلن کے ضوابط“ کہلاتے ہیں۔ اپنے بچے کے سکول سے اسکے چال چلن کے ضوابط کے بارے میں پتا کریں۔ جو طالبعلم قوانین کی خلاف ورزی کرتے ہیں انکو سزا کے طور پر سکول کے بعد روکا جا سکتا ہے۔ یا انکے لئے کھیلوں یا سکول کی اور ایکٹوٹیز میں حصّہ لینا ممنوع قرار دیا جا سکتا ہے۔ اکثر امریکی سکولوں میں جسمانی سزا کی اجازت نہیں ہوتی۔

کوئی بہت برا کام کرنے پر یا سکول کے قواعد کی بار بار خلاف ورزی کرنے پر بچوں کوسکول سے عارضی یا مستقل طور پر نکالا جا سکتا ہے(اکسپیل کیا جا سکتا ہے)۔ اکسپیل ہونے کے بعد آپکا بچہ سکول نہیں جاسکتا۔ آپ کو سکول کے عملے سے ملکر پتا کرنا ہوگا کہ اس کا کیا طریقہ ہے کہ آپکے بچے کو واپس سکول میں لے لیا جا ئے۔

س: **کیا میرا بچہ سکول میں محفوظ ہے؟**

ج: امریکا کے زیادہ تر پبلک سکول پڑھائی کے لئے محفوظ جگہیں ہیں۔ لیکن بعض سکولوں کو -- جن میں زیادہ تر ہائی سکول آتے ہیں -- تشدد، سڑک کے گینگز، یا منشیات اور شراب نوشی جیسے مسلوں کا سامنا ہے۔ اگر آپ اپنے بچے کے تحفظ کے بارے میں پریشان ہیں توکسی ٹیچر، سکول کاؤنسلر،یا ناظم سے بات کریں۔

اعلی تعلیم: کالج اور یونورسٹیز

ہائی سکول کے بعد نوجوان بالغ اپنی تعلیم کسی دو۔ سالہ کمیونٹی یا ٹیکنیکل کالج یا کسی چار۔ سالہ کالج یا یونورسٹی میں جاری رکھ سکتے ہیں۔ ان کو ''پوسٹ سیکنڈری ادارے'' یا ''اعلی تعلیم کے انسٹیٹیوشن'' کہا جاتا ہے۔ اعلی تعلیم کے لئے پبلک اور پرائویٹ ادارے موجود ہیں۔ پبلک کالج اور یونورسٹیوں کا خرچ پرائویٹ اداروں سے کم ہوتا ہے، خاص طور پر انکے لئے جو اسی ریاست میں رہتے ہیں جس میں کالج یا یونورسٹی واقع ہے۔ نوجوان بالغ یہ بھی فیصلہ کر سکتے ہیں کہ کسی سکول میں داخلہ لیکرکوئی مخصوص کام سیکھیں، جیسے کمپیوٹرز کی مرمت کرنا یا ہیلتھ کیئر اسسٹنٹ بننا۔

اعلی تعلیم کے طالبعلم کسی مخصوص مضمون کا گہرہ مطالعہ کرنے کا فیصلہ کرتے ہیں۔ یہ مضمون انکا ''میجر'' کہلاتا ہے۔ میجر کی تعیناتی طالبعلم کواس شعبہ میں ملازمت کرنے یا مزید تعلیم حاصل کرنے کی تیاری میں مدد کرتی ہے۔

ڈگری کی قسسم	سکول کی قسم	سکولنگ کی مدت
سرٹیفکیٹ	کمیونٹی کالج/ٹریڈ سکول	چھہ ماہ سے لیکر دو سال
اسوسیئٹس	کمیونٹی کالج	دو سال
بیچلرز	چار۔ سالہ کالج یا یونورسٹی	چار سال
ماسٹرز	یونورسٹی	دو سال
ڈاکٹریٹ	یونورسٹی	دو سے آٹھ سال
پروفیشنل	سپیشلائزڈ سکول	دو سے پانچ سال

کسی کالج یا یونورسٹی کی تعلیم مہنگی ہو سکتی ہے۔ بعض سکول مالی امداد دیتے ہیں جس کو سکالرشپ کہتے ہیں۔ امریکی حکومت بھی طالبعلموں کے لئے مالی امداد فراہم کرتی ہے۔ زیادہ تر طالبعلم اپنی تعلیم کے خرچے میں مدد کے لئے یا تو قرضہ لیتے ہیں یا مالی امداد یا سکالرشپ کے لئے اپلائی کرتے ہیں۔ مخصوص سکالرشپ اور گرانٹ صرف امریکی شہریوں کے لئے ہو سکتے ہیں۔

کالج کے طالبعلموں کے لئے وفاقی مالی امداد

امریکی حکومت طالبعلموں کو اعلی تعلیم کے مخصوص اداروں میں تعلیم حاصل کرنے کے لئے مالی امداد دیتی ہے۔ یہ امداد سکول کے کئی اخراجات کا بوجھ اٹھاتی ہے، بشمول ٹیوشن، فیس، کتابیں، رہائش اور کھانا پینا، سپلائز اور سفرکا کرایہ۔ اس امداد کی اہلیت کا انحثار طلبا کی گریڈزپر نہیں، بلکہ انکی مالی حاجت پر ہوتا ہے۔ تین قسم کی وفاقی امداد ہوتی ہے:

- گرانٹس -- یہ پیسہ آپکو واپس نہیں کرنا پڑتا۔
- ورک سٹڈی -- یہ پیسہ آپ سکول میں ہوتے ہوئے کماتے ہیں۔
- قرضہ -- یہ پیسہ آپ ادھار لیتے ہیں اور آپکو بعد میں سود کے ساتھ واپس کرنا پڑتا ہے۔

وفاقی مالی امداد کے پروگراموں پر مزید معلومات کے لئے 1-800-433-3243 پر کال کریں، یا ویزٹ کریں یو ایس ڈپارٹمنٹ آف ایڈیوکیشن کی ویب سائٹ: http://studentaid.ed.gov/students/publications/student_guide/index.html معلومات سپینش میں بھی دستیاب ہے۔

مالی امداد میں فریب سے محتاط رہیں

طالبعلموں کے لئے مالی امداد پر معلومات تلاش کرتے وقت احتیاط سے کام لیں۔ ایسی ہر پیشکش کو قبول کرنے سے گریز کریں جو اتنی زیادہ اچھی لگتی ہو کہ یقین نہ آتا ہو، یا جو اچھے نتیجے حاصل کرنے کے وعدے کے بدلے میں آپ سے پیسے طلب کرے۔ خاندان ہر سال کئی ملیئن ڈالر ''سکالرشپ فراڈ'' پر کھو بیٹھتے ہیں۔ اگر آپ کسی فراڈ کا شکار بنے ہیں، یا مفت معلومات کے لئے 1-877-382-4357، اور کمزور سماعت والے 1-866-653-4261 پرکال کریں، یا فیڈرل ٹریڈ کمشن کی ویب سائٹ پر جائیں: http://www.ftc.gov/bcp/conline/edcams/scholarship/index.shtml-

تعلیم بالغان

ضروری نہیں کہ بلاغت حاصل کرنے پر آپکی تعلیم ختم ہو جائے۔ امریکا میں لوگوں کی ''عمر بھر کے طالبعلم'' بننے کے لئے حوصلہ افزائی کی جاتی ہے۔ اگر آپ 16 سال یا اس سے زیادہ عمر کے ہیں، اور آپ نے ہائی سکول مکمل نہیں کیا ہے، تو آپ 'ایڈلٹ سیکنڈری ایڈیوکیشن'(ASE) کلاسوں میں داخلہ لے سکتے ہیں۔ یہ کلاسیں آپکی جینرل ایڈیوکیشنل ڈولپمنٹ (GED) سرٹفکیٹ حاصل کرنے کی تیاری کراتی ہیں۔

GED سرٹفکیٹ ایک متبادل ہائی سکول ڈپلوما ہے۔ یہ ظاہر کرتا ہے کہ آپ نے ہائی سکول کے معیار کی علمی تعلیم اور مہارتیں حاصل کی ہیں۔ ایک GED حاصل کرنے کے لئے آپکو پانچ مختلف شعبوں میں ٹیسٹ لینے ہونگے اور پاس کرنے ہونگے: پڑھنا، لکھنا، سوشل سٹڈیز، سائنس، اور ریاضی۔ زیادہ تر امریکی آجرGED کے تصدیق نامے کو باقاعدہ ہائی سکول ڈپلوما کے برابر مانتے ہیں۔ بعض علاقوں میں GED کی تیاری کی کلاسیں مفت یا سستی ہوتی ہیں۔ اپنی فون بک میں ''ایڈلٹ ایڈیوکیشن'' کے تحت دیکھیں، یا اپنے مقامی سکول ڈسٹرکٹ آفس کو معلومات کے لئے کال کریں۔

کئی بالغ لوگ جنہیں کسی مضمون میں دلچسپی ہوتی ہے، اس کے بارے میں زیادہ سیکھنے کے لئے کلاسیں لیتے ہیں، یا ایسے نئے ہنر حاصل کرنے کے لئے جو انکی ملازمت میں انکے کام آسکیں۔ متعدد پبلک سکول سسٹمز اور مقامی کمیونٹی کالج بالغوں کے لئے متعدد مختلف مضامین میں کلاسیں پیش کرتے ہیں۔ ہر کوئی ان کلاسوں کے لئے، جن کی عام طور سے کم فیس ہوتی ہے، اپنا نام لکھوا سکتا ہے۔ اپنے مقامی سکول سسٹم یا کمیونٹی کالج سے پتا کریں کہ کونسی کلاسیں دستیاب ہیں، انکے لئے کتنے پیسے خرچ کرنے ہونگے، اور انرول کرنے کا کیا طریقہ ہے۔

انگریزی سیکھنے

بہت سی جگہیں ہیں جہاں آپ انگریزی میں بولنا، پڑھنا اور لکھنا سیکھ سکتے ہیں۔ بہت سے بچے اور بالغ 'انگلش ایز اے سیکنڈ لینگویج' ESL کی کلاسیں لیتے ہیں۔ یہ کلاسین انگریزی نہ جاننے والوں کو یہ زبان سیکھنے میں مدد دیتی ہیں۔ ان کلاسوں کو 'انگلش فار سپیکرز آف ادر لانگویجز' (ESOL) یا انگلش لٹریسی کلاس بھی کہا جاتا ہے۔

جن بچون کو انگریزی نہیں آتی وہ سکول میں سیکھ لینگے۔ جن بچوں کو انگریزی سیکھنے کی ضرورت ہوتی ہے، امریکی پبلک سکول ان سب بچوں کے لئے مدد اور کلاسیں مہیّا کرتے ہیں۔ جن طالبعلموں کو اضافی مدد کی ضرورت ہوتی ہے، انکو اکثر لمیٹڈ انگلش پرافشنٹ طا لبعلم (LEP) کہا جاتا ہے۔

جن طالبعلموں نے انگریزی سیکھنی ابھی شروع کی ہے وہ شاید اپنی باقاعدہ انگریزی کی کلاس کی جگہ ایک ESL کی کلاس لیں۔ انگریزی میں کچھ زیادہ مہارت رکھنے والوں کو ایک باقاعدہ کلاس روم میں رکھا جا سکتا ہے اور ساتھ میں اضافی مدد دی جاسکتی ہے۔ بعض سکول طالبعلم کو انگریزی سیکھنے میں مدد دینے کے لئے سکول کے اوقات کے بعد کے پروگرام اور ٹیوٹرنگ بھی آفر کرتے ہیں۔ آپکے بچے کا سکول آپ کو بتا دیگا کہ وہ ان طالبعلموں کو کس قسم کی مدد مہیّا کرتے ہیں جن کو انگریزی سیکھنے کی ضرورت ہے۔

بالغ لوگ جو انگریزی نہیں جانتے کسی پبلک ایڈلٹ اور کمیونٹی ایڈیوکیشن پروگرام یا لینگویج سکول میں آفر کی جانے والی ESL کلاس میں داخلہ لے سکتے ہیں۔

سکول کے ڈسٹرکٹ اور کمیونٹی کالج اکثر لوکل کمیونٹی میں پبلک ایڈلٹ اور کمیونٹی ایڈیوکیشن پروگراموں کا امتظام کرتے ہیں۔ یہ ESL کلاسیں مہیّا کر سکتے ہیں اور ساتھ میں مقامی رضاکارٹیوٹرز کی خدمات ۔ یہ پروگرام اکثر مفت ہوتے ہیں، یا شاید آپکو ایک معمولی فیس دینی پڑے۔ کلاسیں دن کے یا شام کے گھنٹوں میں ہو سکتی ہیں۔ سب سے قریبی ESL پروگرام کا پتا کرنے کے لئے اپنے مقامی کمیونٹی کالج یا سکول ڈسٹرکٹ آفس کو کال کریں۔ اپنی فون کی کتاب میں نیلے صفحوں میں ”سکول ۔۔ پبلک“ کے تحت دیکھیں۔

اکثر بڑے شہروں میں زبانوں کے پرائویٹ سکول بھی ہوتے ہیں جو ESL کی کلاسیں دن یا شام کے وقتوں میں آفر کرتے ہیں۔ اکثران کلاسوں کی فیس کا انحصار اس پر ہوتا ہے کہ آپکو کتنے گھنٹے کلاس میں تعلیم دی گئی۔ زبان سیکھنے کی نجی کلاسیں عام طور سے پبلک کلاسوں سے زیادہ مہنگی ہوتی ہیں۔ زبانوں کا پرائویٹ سکول ڈھونڈنے کے لئے اپنی ٹیلیفون کی کتاب کے پیلے صفحوں میں ”زبانوں کے سکول“ کے عنوان کے نیچے دیکھیں۔

بعض کمیونٹی کی تنظیمیں، کتب خانے، اور مذہبی گروپ بھی مفت یا سستی ESL کلاسیں منعقد کرتے ہیں۔ اپنی مقامی پبلک لائبریری، سوشل سروس کی ایجنسی، یا عبادت گاہ سے دریافت کریں۔ آپکی مقامی لائبریری کے ریفرنس لائبریریئن بھی اپکو ESL کے پروگراموں کے بارے میں بتا سکتے ہیں اور آپکو دکھا سکتے ہیں کہ ESL کی کتابیں،ٹیپس، سی ڈیز، اور کمپیوٹر سافٹ ویئر لائبریری میں کس جگہ رکھے ہیں۔

سوشل سروس کے بارے میں معلومات کے لئے 211 کال کریں

اب اکثر ریاستوں میں، آپ کو جن خدمات کی ضرورت ہو، آپ 211 کال کرکے انکو تلاش کرنے میں مدد حاصل کر سکتے ہیں۔ 211 کال کرکے پتا کریں کہ اپنے قریبی علاقے میں آپ کس جگہ ESL کی کلاسیں لے سکتے ہیں۔ آپ 211 کو ایسی صورت میں بھی کال کر سکتے ہیں کہ آپکو کھانا پینا، رہائش، منشیات کی عادت کے علاج کا پروگرام، یا دیگر سوشل خدمات کے ڈھونڈنے میں مدد درکار ہو۔

بعض ریاستوں اور کاؤنٹیز کے پاس 211 کی خدمت ابھی نہیں ہے۔ اگرآپکو کال کرنے پر کوئی جواب نہیں ملتا تو یہ 211 کی سروس آپکی کمیونٹی میں ابھی دستیاب نہیں ہے۔

بچوں کی دیکھ بھال

اگر آپ کام کرتے ہیں اور آپکے بچے سکول جانے کے لئے بہت چھوٹے ہیں، تو آپ کو ایسے شخص کی ضرورت پڑ سکتی ہے جو، جب آپ دفتر میں ہوں، انکی نگرانی کر سکے۔ بعض اوقات بچوں کو سکول کے بعد نگرانی کے لئے کسی کی ضرورت ہوتی ہے، اگر انکے والدین گھر پر نہیں ہو سکتے۔ اگر آپ یا آپکی فیملی کے دیگر رکن آپکے بچوں کی نگرانی نہیں کر سکتے تو آپکو کسی کو ڈھونڈنے کی ضرورت ہے جو انکی دیکھ بھال کر سکے۔ چھوٹے بچوں کو اکیلا گھر پر نہیں چھوڑیں۔

چائلڈ کیئر (بچوں کی دیکھ بھال کے انتظام) کی تلاش

اپنے بچوں کی دیکھ بھال کے لئے کسی کو منتخب کرنا ایک اہم فیصلہ ہے۔ فیصلہ کرتے وقت ان باتوں کا خیال رکھیں کہ دیکھ بھال کا معیار کیا ہوگا اور خرچہ کیا ہوگا۔ کوئی ایسا نگران تالاش کرنے کی کوشش کریں جو آپکے گھر یا دفتر کے قریب ہو۔

ایسے کئی وسائل ہیں جن کے ذریعہ آپ بچوں کے لئے اچھی نگرانی کرنے والے کو تلاش کر سکتے ہیں۔ دوسرے والدین، دوستوں، اور اپنے ساتھ کام کرنے والوں سے پوچھیں کہ انکے بچوں کی دیکھ بھال کون کرتا ہے۔ بعض ریاستوں میں چائلڈ کیئر ریفرل ایجنسیئاں ہوتی ہیں، جو آپکو ریاست کے تصدیق شدہ چائلڈ کیئر پروگراموں کی فہرست مہیّا کر سکتی ہیں۔ تصدیق شدہ چائلڈ کیئر پروگرام آپکے بچوں کی حفاظت کے لئے ریاست کی طرف سے مقرر کی گئی مخصوص شرائط پر پورا اترتے ہیں۔ آپ اپنے مقامی سکول کے ڈسٹرکٹ آفس کو بھی ان جگہوں کا پتا کرنے کے لئے جہاں آپکے محلّے کے دیگر بچے دیکھ بھال حاصل کرتے ہیں، کال کر سکتے ہیں۔

کام کی بات: اگر آپ اپنے بچوں کے لئے اپنے علاقے میں اچھی دیکھ بھال تلاش کرنے میں مدد چاہتے ہیں، تو ڈپارٹمنٹ آف ہیلتھ اینڈ ہیومن سروسز کا ایک نیشنل چائلڈ کیئر انفارمیشن سینٹر ہے۔ معلومات کے لئے کال کریں: 1-800-616-2242 - آپکو http://www.childcareaware.org پر بھی معلومات اور اپنے بچے کے لئے ایک اچھا پروگرام کا انتخاب کر نے سے متعلق سوالوں کے جواب مل سکتے ہیں۔

بچوں کی دیکھ بھال کی اقسام

بچوں کی دیکھ بھال کرنے والے کے انتخاب میں آپ کے پاس کئی طریقے ہیں۔

گھر کے اندر نگرانی۔ نگران آپ کے گھر میں آکر آپکے بچوں کی دیکھ بھال کرتا ہے۔ اس قسم کی سہولت مہنگی ہو سکتی ہے کیونکہ آپکے بچے کو زیادہ انفرادی توجّہ ملتی ہے۔ نگرانی کے معیار کا انحصار اس شخص پر ہے جسکو آپ رکھتے ہیں۔

کسی فیملی کے ساتھ نگرانی۔ آپکے بچے کی دیکھ بھال کسی اور کے گھر میں دیگر بچوں کے ایک چھوٹے گروہ میں ہوتی ہے۔ یہ اور قسم کی چائلڈ کیئر کے مقابلے میں سستی ہو سکتی ہے۔ دیکھ بھال کا معیار ان لوگوں پر منحصر ہے جو آپکے بچے کی نگرانی کرتے ہیں اوراس پر کہ وہ اپنے گھر پر کتنے بچوں کی نگرانی کرتے ہیں۔

ڈے کیئر سینٹرز۔ ڈے کیئر سینٹرز ایسے پروگرام ہیں جو سکولوں، گرجاؤں یا دیگر عقیدوں والوں کی تنظیموں، اور دیگر جگہوں پر واقع ہوتے ہیں۔ ان سینٹرز میں اکثرکئی دیکھ بھال کرنے والے ہوتے ہیں جو بچوں کے زیادہ بڑے گروہ کی نگرانی کرتے ہیں۔سینٹرزکے لئے ریاست کے معیار پر پورا اترنا ضروری ہے اور عام طور پر انکے اہلکار خصوصی ٹریننگ اور تجربہ رکھتے ہیں۔

ہیڈ سٹارٹ پروگرام۔ وفاقی حکومت کم آمدنی والے خاندانوں کے لئے ''ارلی ہیڈسٹارٹ'' اور ''ہیڈسٹارٹ'' پروگراموں کے لئے پیسے مہیّا کرتی ہے۔ ان پروگراموں کے تحت چھوٹے بچوں کو سکول کے لئے تیار کرنے کے لئے نگہداشت اور تعلیمی خدمات مہیّا کی جاتی ہیں۔ ان پروگراموں کے بارے میں مزید جاننے کے لئے، یو ایس ڈپارٹمنٹ آف ہیلتھ اینڈ ہیومن سروسز کو 1-866-763-6481 پر کال کریں یا انکی ویب سائٹ پر جائیں: http://www.acf.hhs.gov/programs/hsb/-

بعض چائلڈ کیئر مہیّا کرنے والے بچوں کی دیکھ بھال والدین کی ضرورت کے مطابق پورا دن یا دن کے صرف کچھ حصّہ کے لئے کرتے ہیں۔ نگرانی کرنے والے کے انتخاب کے وقت خرچ پر بھی نظر رکھنی ہوتی ہے۔ پتا کریں کہ آیا آپ چائلڈ کیئر کے لئے وفاقی یا ریاستی امداد کے اہل ہیں۔ کئی ریاستیں کم آمدنی والے والدین کو، جو ملازمت کرتے ہوں یا ملازمتی تربیت یا تعلیمی پروگراموں میں شرکت کر رہے ہوں، مالی امداد مہیّا کرتی ہیں۔

کام کی بات: اس بات کا لازمی طور پر اطمینان کرلیں کہ آپ نے جس چائلڈ کیئر دینے والے یا پروگرام کا انتخاب کیا ہے وہ لائیسنس رکھتا ہے یا اکریڈٹڈ ہے۔ لائیسنس رکھنے کا مطلب یہ ہے ریاست نے تحفظ اور نگہداشت کے لئے جو کم سے کم معیار مقرر کیا ہے، پروگرام اس پر پورا اترتا ہے۔ اکریڈٹڈ سے مراد یہ ہے کہ سٹیٹ لائیسنس کے لئے جس معیار کی ضرورت ہے، پروگرام کا معیار اس سے بلند ہے۔

آپ کس طرح بتا سکتے ہیں کہ آپ کا چائلڈ کیئر مہیّا کرنے والا اچھا ہے؟

جب آپ کسی چائلڈ کیئر پروگرام کو ویزٹ کرنے جائیں، تو ان بنیادی سوالات کے بارے میں سوچیں۔

- کیا بچے اہلکاروں کی صحبت میں خوش نظر آتے ہیں؟
- کیا ایسے کھلونے دستیاب ہیں جو بچوں کی عمروں کے لحاظ سے مناسب ہیں؟
- کیا بچے موزوں سرگرمیوں میں مصروف تھے؟
- جتنی دیرآپ وہاں پر تھے، کیا نگراں نے آپکے بچے سے بات کی؟
- کیا جگہ صاف اور منظم ہے؟
- کیا بچوں کے لئے کوئی نصاب یا معمول بنایا گیا ہے؟

ریفیرینسز لازما طلب کریں تاکہ آپ دوسرے والدین سے پروگرام کے بارے میں بات کر سکیں۔

امرجنسی (ناگہانی ضرورت) اور تحفظ

امرجنسیز ایسے غیرمتوقع واقعات ہیں جو لوگوں اور جائداد کو نقصان پہنچاتے ہیں۔ یہ کسی کو بھی کسی بھی وقت پیش آسکتے ہیں۔ دور اندیشی سے کام لیں اور اپنے کو اور اپنی فیملی کو محفوظ رکھیں۔ اس سیکشن میں بتایا گیا ہے کہ آپ امرجنسیز کے لئے کس طرح تیاری کر سکتے ہیں، اور امرجنسی واقع ہونے پر مدد کس طرح حاصل کر سکتے ہیں۔

امرجنسی میں مدد: 911 کال کریں

امریکا میں آپ کسی فون پر 911 کال کرکے امرجنسی میں مدد حاصل کر سکتے ہیں۔ 911 کو ان چیزوں کے لئے کال کریں:

- آگ لگنے کی رپورٹ کرنے۔
- کسی ایسے جرم کی رپورٹ کرنے جو اس وقت سرزد کیا جارہا ہو۔
- طبّی امرجنسی امداد کے لئے ایمبیولنس بلانے کے لئے۔
- مشتبہ سرگرمیاں رپورٹ کرنے کے لئے، جیسے چیخ پکار، مدد کے لئے پکار، یا گولیوں کی آواز۔

911 کو کال کرنے پر کیا ہوتا ہے؟

- 911 کی کال کا عموماً 12 سیکنڈ کے اندر جواب ملتا ہے۔ آپ سے ہولڈ کرنے کو کہا جا سکتا ہے۔ ٹیلیفون بند نہ کریں! جب آپریٹر جواب دیتا ہے تو فون پر کئی سیکنڈ کے لئے خاموشی ہو گی۔ فون بند نہ کریں۔ آپریٹر کے بولنے کا انتظار کریں۔
- اگر آپ انگریزی نہیں بولتے تو آپریٹرکو بتائیں کہ آپ کونسی زبان بولتے ہیں۔ ایک مترجم کو لائن پر آنا چاہیئے۔
- 911 کا آپریٹر آپ سے سوال کریگا، یہ پتا کرنے کے لئے کہ امرجنسی کیا ہے اور کہاں ہے۔ حواس ٹھکانے رکھکر ان سوالات کے جواب دیں۔ جب تک آپ سب سوالات کے جواب دے لیں آپریٹر کے ساتھ فون پر رہنے کی کوشش کریں۔

کب 911 کو نہیں کال کریں

911 کو صرف سنگین، جان کے خطرے والی امرجنسیز کے لئے کال کریں۔ اگر آپ 911 کو کسی غلط وجہ سے کال کرتے ہیں تو ممکن ہے آپ کسی اورکو ایسی مدد سے محروم رکھیں جس کی اسکو ضرورت ہے۔ 911 کو ان چیزوں کے لئے کال نہ کریں:

- کسی جگہ کا پتا دریافت کرنے کے لئے۔
- پبلک سروسز کے بارے میں معلومات کے لئے۔
- کسی کے بارے میں پتا کرنے کے لئے کہ کیا وہ جیل میں ہے۔
- ایسی صورت حال رپورٹ کرنے کے لئے جو امرجنسی نہیں ہے۔
- اینمل (جانوروں کے) کنٹرول کے بارے میں معلومات کے لئے۔
- کسی پولیس کے افسر سے ایسی چیز کے بارے میں بات کرنے کے لئے جو امرجنسی نہیں ہے۔

اگر آپ پولیس سے کچھ دریافت کرنا چاہتے ہیں تو فون بک کے نیلے صفحوں میں د ئے ہوے پولیس کے اس نمبر پر کال کریں جوانکا امرجنسی نمبر نہیں ہے۔

امریکہ میں قانون کا نفاذ

امریکا میں وفاقی، ریاستی اور مقامی قانون نافذ کرنے والی ایجنسیز ہیں جو عوام کو تحفظ مہیّا کرتی ہیں۔ آپکی کمیونٹی میں قانون نافذ کرنے والے افسر یا پولیس کے لوگ ہیں یا شیرف۔ اپنے سب سے قریب کے پولیس سٹیشن کا فون نمبر پتا کریں اور فون کے قریب رکھدیں۔ یاد رکھیں کہ پولیس کے افسر آپکو اور آپکی فیملی کونقصان سے بچانے کے لئے ہیں۔ کوئی جرم رپورٹ کرنے سے نہ ڈریں، خاص طور سے اگر آپ کے خلاف کیا گیا ہے۔ بعض مجرم امیگرنٹس کو زیادتی کا نشانہ بناتے ہیں، کیونکہ وہ سمجھتے ہیں کہ آپ جرم پولیس کو رپورٹ نہیں کرینگے۔ اگرکوئی پولیس کا افسرآپ کو روکتا ہے:

- خوف زدہ نہ ہوں۔ خوش خلقی کے ساتھ پیش آئیں اور اسکے ساتھ تعاون کریں۔
- اگر آپ انگریزی نہیں بولتے تو افسر کو بتائیں۔
- اگر آپ گاڑی میں ہیں تو جب تک افسر آپ سے اترنے کو نہ کہے، گاڑی سے باہر نہ آئیں۔
- اپنے ہاتھ ایسی جگہ رکھیں جہاں افسر انکو دیکھ سکے۔ ہاتھوں کو نہ جیبوں کی طرف لے جائیں، اور نہ کار کے دوسرے حصّوں کی طرف۔

اپنے گھر اور اپنی فیملی کو محفوظ رکھنا

اس سے پہلے کہ کوئی امرجنسی پیش آئے، اپنے کو تیار کرلیں۔ یہ ہیں چند چیزیں جو آپ محفوظ رہنے کے لئے کر سکتے ہیں:

- اسکا خیال رکھیں کہ آپکے دروازوں کے لاک اچھے ہیں، اور انکو ہروقت لاک (مقفل) رکھیں۔ اپنی دروازوں کی چابیاں ناواقفوں کو نہ دیں۔ کسی اجنبی کے لئے دروازہ کھولنے میں بہت احتیاط برتیں۔ دروازہ کھولنے سے پہلے ان سے پتا کریں کہ وہ کون ہیں اور کیا چاہتے ہیں۔
- سموک (دھواں) الارم، مکان یا اپارٹمنٹ میں دھواں ہونے کی صورت میں، بہت شور مچا کر آپکو مطلع کرتا ہے۔ آپ کے لئے یہ اطمینان کر لینا ضروری ہے کہ آپکے مکان کی چھتوں میں بیڈرومز کے قریب اور ہر منزل پر سموک الارم لگا ہوا ہے۔ اپنے سموک الارم کی بیٹریز سال میں دو بار تبدیل کریں۔ مہینے میں ایک بار الارم کو چیک کرکے یقین کرلیں کہ یہ کام کر رہا ہے۔
- یہ پتا کرلیں کہ آپکے سب سے قریبی ہسپتال، اور پولیس اور فائر سٹیشن کس جگہ پر ہیں۔ یہ اہم فون نمبر (پولیس سٹیشن، فائر ڈپارٹمنٹ، اور ڈاکٹر) فون کے قریب رکھیں، جہاں یہ آسانی سے مل سکیں۔
- پتا کریں کہ آپکے گھر میں گیس، بجلی، اور پانی کے مین والو کن جگہوں پر ہیں۔ اطمینان کرلیں کہ آپکو انہیں ہاتھ سے بند کرنے کا طریقہ آتا ہے۔

- ایک ڈزاسٹر کٹ (حادثے یا آفت کے لئے سامان) تیار کرلیں، جس میں فلیش لائٹ، سفری ریڈیو، فالتو بیٹریز، کمبل، فرسٹ ایڈ کٹ، اور تین دنوں کے لئے کافی ہونے والے کھانے کے کینز یا پیکٹس اور پانی کی بوتلیں شامل ہوں۔ اگر ضرورت ہو تو ٹریش بیگز، ٹوئلٹ پیپر، اور پالتو جانور کے لئے کھانا بھی شامل کریں۔ ان سب چیزوں کو اکھٹا ایسی جگہ پر رکھیں جو آسانی سے مل سکے۔
- اپنی فیملی کے ساتھ مشق کریں کہ آگ لگنے یا کسی اور ناگہانی ضرورت پیش آنے پر گھر سے باہر کس طریقے سے نکلا جائے۔ اطمینان کرلیں کہ آپکے بچوں کو یہ پتا ہے کہ سموک الارم کی آواز کیسی ہوتی ہے، اور اگر وہ سنائی دے تو کیا کرنا چاہیئے۔ اپنی فیملی سے ملنے کے لئے کوئی جگہ طے کرلیں، اگرگھر سے باہر نکلنا پڑتا ہے۔ ایک جگہ گھر کے باہرانتخاب کریں اور، ایسی صورت کے مدّ نظر کہ گھر واپس جا نا ممکن نہ ہو، ایک جگہ محلّے کے باہر۔ کسی دوسرے علاقے میں رہنے والے کسی دوست یا رشتہ دار کے ساتھ طے کرلیں کہ اگر آپکی فیملی کے رکن ناگہانی ضرورت کے وقت جدا ہو جاتے ہیں تو وہی خاص شخص ہونگے جنکو کال کیا جائگا۔ اطمینان کرلیں کہ سب کو پتا ہے کہ کس شخص کو کال کرنا ہے اوراسکا فون نمبر انکے پاس ہے۔

- اپنے بچوں کے سکول میں امرجنسی کے لئے منصوبہ بندی کے بارے میں پوچھیں۔ اطمینان کرلیں کہ آپ کا بچہ جانتا ہے کہ اسکو کیا کرنا ہے۔ دریافت کریں کہ امرجنسی کی صورت میں آپ اپنے بچے سے کہاں جا کر مل سکتے ہیں۔

آپ کیا کرسکتے ہیں

اپنے قریبی علاقے کے تحفظ میں مدد کرنے کے لئے، اپنے ہمسایوں کے ساتھ واقفیت قائم کریں۔ ان سے اس بارے میں گفتگو کریں کہ علاقے میں کسی امرجنسی سے کس طرح نپٹا جائے۔ اگر آپکے کوئی معذور ہمسائے ہیں، تو معلوم کریں اگر انکو کسی خاص مدد کی ضرورت ہے۔

کئی علاقے ایک نیبرہڈ واچ رکھتے ہیں۔ نیبرہڈ واچ پڑوسی علاقے کے لوگوں کا ایک گروہ ہوتا ہے۔ یہ مجرمانہ اعمال کی حوصلہ شکنی کے لئے رات میں باری باری سڑکوں کی گشت کرتے ہیں۔ اگر آپکے علاقے کی کوئی نیبرہڈ واچ ہے تو آپ اس میں رضاکارانہ شرکت کے لئے کہہ سکتے ہیں۔ اگر آپ ایک نیبرہڈ واچ شروع کرنی چاہتے ہیں، تو اپنی مقامی پولیس ڈپارٹمنٹ کومدد کے لئے کال کریں۔ مزید معلومات کے لئے ویزٹ کریں: http://www.usaonwatch.org۔

جب آپ دوسروں کو محفوظ رکھنے میں مدد کرتے ہیں تو آپ اپنی کمیونٹی اور قوم کی مدد کرتے ہیں۔ آپ اپنی مقامی سٹیزن کور کاؤنسل کے ذریعہ اپنی کمیونٹی کی سرگرمیوں میں زیادہ بڑھ کر حصّہ لے سکتے ہیں۔ مزید معلومات کے لئے ویزٹ کریں: http://www.citizencorps.gov۔

فرسٹ ایڈ (ابتدائی یا فوری طبّی امداد)

مخصوص ناگہانی ضرورت کی حالتوں میں مدد کرنے کا طریقہ سیکھیں، جیسے جب کسی کا خون بہہ رہا ہو یا دم گھٹ رہا ہو۔ اسکو ”فرسٹ ایڈ“ کہتے ہیں۔ آپ اپنی مقامی ریڈ کراس کے ذریعہ فرسٹ ایڈ کی تربیتی کلاس لے سکتے ہیں۔ اپنے علاقے کی کلاسز کے بارے میں پتا کرنے کے لئے اپنے مقامی ریڈ کراس آفس کو یا نیشنل سیفٹی کاؤنسل کو کال کریں۔ مزید معلومات http://www.redcross.org یا http://www.nsc.org/train/ec پر حاصل کریں۔

فرسٹ ایڈ کٹ اپنے گھر پر، اپنے کام پر، اور اپنی گاڑی میں رکھیں۔ فرسٹ ایڈ کٹ میں ایسی چیزیں ہوتی ہیں جو معمولی چوٹوں یا زخموں، یا تکلیف کے لئے استعمال ہو سکتی ہیں، جیسے پٹّیاں، جراثیم کش وائپس، درد کی دوا، فوری برف کے پیک، اور دستانے۔ آپ ایک اچھا فرسٹ ایڈ کٹ اپنے پاس کے ڈرگ سٹور سے خرید سکتے ہیں۔

زہر پر نگرانی

آپکے گھر میں کئی چیزیں موجود ہیں جو اگر نگل لی جائیں تو زہریلی ہوسکتی ہیں۔ ان میں صفائی کی مصنوعات، ادویہ، پینٹ، الکحل، سنگار کا سامان، اور بعض پودے بھی شامل ہو سکتے ہیں۔ ان چیزوں کو چھوٹے بچوں سے بچا کر رکھیں۔

اگر کسی نے کوئی زہریلی چیز نگل لی ہے، تو فوراً پوئزن کنٹرول سینٹر کو1-800-222-1222 پر کال کریں۔ آپکو دن میں چوبیس گھنٹے، ہفتے میں سات دن مدد مل سکتی ہے۔ کال کرتے وقت زہریلی چیز اپنے ساتھ رکھیں۔ آپریٹر کو بتائیں کہ یہ کیا چیز ہے۔ اگر آپ انگریزی نہیں بولتے تو آپریٹر کو بتائیں، تاکہ کوئی مترجم آپکی مدد کر سکے۔ پوئزن سینٹر کو کال خفیہ رہتی ہے اور مفت ہوتی ہے۔

ہوملینڈ سیکیورٹی ایڈوائزری سسٹم فار ٹیررسٹ اٹیکس(دہشت گرد حملوں کے لئے وطن کا حفاظتی مشاورتی نظام)

ڈپارٹمنٹ آف ہوم لینڈ سکیورٹی (DHS) نے لوگوں کو کسی ممکنہ دہشت گرد حملے کے خطرے کو سمجھنے میں مدد کے لئے ایک نظام قائم کیا ہے۔ یہ نظام خطرے کی سنگینی کا اظہار مختلف رنگوں کے ذریعہ کرتا ہے۔ یہ ہیں:

- ریڈ (سرخ)۔ شدید حالت۔ دہشت گردی کے حملوں کا شدید خطرہ ہے۔ ایک حملہ ہو بھی چکا ہے یا ہونے والا ہے۔
- آرنج (نارنجی)۔ بلند حالت۔ دہشت گردی کے حملوں کا خطرہ اونچی سطح کا ہے۔ مخصوص نشانوں کا نہیں پتا۔

- ژیلو (پیلا)۔ ابھری ہوئی حالت۔ دہشت گردی کے حملوں کا خطرہ معنی خیز سطح کا ہے۔ کسی مخصوص نشانے کا نہیں پتا۔
- بلو (نیلا)۔ نگہبانی کی حالت۔ دہشت گردی کے حملوں کا ایک عمومی خطرہ ہے۔ مخصوص خطروں یا نشانوں کا نہیں پتا۔
- گرین (سبز)۔ نیچی حالت۔ دہشت گردی کے حملوں کا خطرہ نیچی سطح کا ہے۔

اگر دہشت گرد حملہ ہوتا ہے

ہنگامی صورت حال میں امریکی حکومت ایک امرجنسی الرٹ سسٹم (EAS) استعمال کرکے ملک کو معلومات مہیّا کر سکتی ہے۔ امرجنسی واقع ہونے پر امریکی صدر یہ نظام استعمال کرکے عوام کو فوری معلومات مہیّا کر سکتا ہے۔ ریاستی اور مقامی حکومتیں بھی اپنے علاقوں کے عوام کو امرجنسی کے متعلق معلومات مہیّا کرنے کے لئے EAS کا استعمال کر سکتی ہیں۔ اگر ہنگامی صورت برپا ہوتی ہے تو اپنے اور اپنی فیملی کے بچاؤ کے طریقے کے بارے میں معلومات کے لئے ریڈیو یا ٹیلی وژن سنیں۔

کام کی بات: دہشت گرد حملے کی صورت میں مقامی حکام کی بات سنیں کہ وہ آپ سے کیا کرنے کو کہہ رہے ہیں۔ ہدایات کے لئے ریڈیو اور ٹیلی وژن سنیں۔ اس خیال سے کہ آپ کے علاقے کی بجلی عارضی طور پر جاسکتی ہے، گھر میں ایک ایسا ٹیلی وژن یا ریڈیو رکھیں جو بیٹریز پر چلتا ہو۔

خوف زدہ نہ ہوں، تیار ہوں

ڈی ایچ ایس DHS اس غرض سے کہ کسی دہشت گرد حملے یا کسی قدرتی آفت کے دوران امریکن اسکے مقابلے کے لئے تیارہوں، ممکنہ خطرات کے بارے میں انکو سیکھنے میں مدد کر رہا ہے۔ DHS معلومات فراہم کرتا ہے تاکہ وہ آپکی فیملی، آپکے گھر، اور آپکی کمیونٹی کو جرائم، دہشت گردی، اور ہر قسم کی آفتوں سے زیادہ محفوظ بنانے میں آپکی مدد کرے۔ چھپی ہوئی معلومات کے لئے 1-800-BE-READY کو کال کریں یا DHS کی ویب سائٹ http://www.ready.gov پر جائیں۔

آپ ایک شہریوں کا گائڈ حاصل کر سکتے ہیں، جسکا نام ہے "آر یو ریڈی؟ این ان ڈیپت گائڈ تو سیٹزن پریپیرڈنس" *"Are You Ready? An In-Depth Guide to Citizen Preparedness"* اور جس میں آپکی فیملی، آپکے گھر اور آپکی کمیونٹی کو زیادہ محفوظ بنانے کے لئے کارآمد باتیں درج ہیں۔ آپ یہ گائڈ فیڈرل امرجنسی مینجمنٹ ایجنسی(FEMA) سے http://www.fema.gov/areyouready پر جاکر یا 1-800-480-2520 کال کرکے حاصل کر سکتے ہیں۔ آپ سیٹزن کورپس کی ویب سائٹ http://www.citizencorps.gov/ready/cc_pubs.shtm سے بھی مواد حاصل کر سکتے ہیں۔

آپ کیا کر سکتے ہیں



وفاقی اور ریاستی حکام امریکا میں رہنے والے سب لوگوں سے دہشت گردی کا مقابلہ کرنے کو کہہ رہے ہیں۔ اپنے گرد و نواح سے باخبررہیئے، خاص طور سے جب آپ پبلک بسوں، ٹرینوں اور ہوائی جہازوں پر سفر کریں۔ اگر آپ کوئی مشتبہ چیز دیکھیں، جیسے ایک بریف کیس، بیک پیک، یا پیپر بیگ، جسکو کوئی چھوڑ کر چلا گیا ہے، تو فوراً سب سے قریبی پولیس افسر یا کسی اور بااختیار شخص کو رپورٹ کریں۔ اسکو خود سے نہ کھولیں نہ جگہ سے ہٹائیں۔

امریکا کے بارے میں معلومات حاصل کرنا

امریکا ایک نمائندہ جمہوریت ہے اور یہاں شہری ملک کی حکمرانی میں بہت اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ اس سیکشن میں آپکو پتا چلیگا کہ شہری کس طرح امریکی حکومت کو ڈھالنے میں مدد دیتے ہیں، امریکا کا آغاز اور اسکی نشوونما کس طرح ہوئی، اور ہماری حکومت کس طرح چلتی ہے۔

ہم جو عوام ہیں: امریکا میں شہری کا کردار

امریکا میں حکومت کو حکمرانی کے لئے قوت عوام کی طرف سے ملتی ہے۔ ہماری حکومت عوام کی ہے، عوام کی طرف سے ہے، اور عوام کے لئے ہے۔ امریکا میں شہری اپنی حکومت اور اسکی پالیسیؤں کو وضع کرتے ہیں، اس لئے انکو اہم عوامی مسلوں کے بارے میں سیکھنا چاہیئے اور اپنی کمیونٹیز کے معاملات میں حصّہ لینا چاہیئے۔ شہری صدر، نائب صدر، سینیٹرز، اور نمائندوں جیسے اہم اہلکاروں کو منتخب کرنے کے لئے آزاد انتخابات میں حصّہ لیتے ہیں۔ ہر شہری اپنے منتخب اہلکار کو اپنی رائے دینے، معلومات حاصل کرنے، یا مخصوص مسائل میں مدد حاصل کرنے کے لئے کال کر سکتا ہے۔

ہماری حکومت کئی اہم اقدار کی بنیاد پر قائم ہے: آزادی، مواقع، مساوات، اور انصاف۔ امریکی ان اقدار میں یقین رکھتے ہیں، اور یہ اقدار ہمکو ایک مشترکہ شہری شناخت عطا کرتے ہیں۔

امریکا میں حکومت ہر شخص کے حقوق کی حفاظت کرتی ہے۔ امریکا ایسے لوگوں سے ملکر بنا ہے جو مختلف معاشرتی ماحولوں، تہذیبوں، اور مذاہب سے ہیں۔ ہماری حکومت اور قوانین اس طرح تنظیم دئے گئے ہیں کہ مختلف معاشرتی ماحولوں سے آنے والے اور مختلف مذہب رکھنے والے، سب یکساں حقوق رکھتے ہیں۔ کسی شخص کو اسکی سزا نہیں دی جاسکتی، نہ نقصان پہنچایا جاسکتا ہے کہ اسکی رائے یا عقیدہ زیادہ تر دوسرے لوگوں سے مختلف ہے۔

عوام کی، کی طرف سے، اور کے لئے: جمہوریت کیا ہے؟

لفظ ”ڈیموکرسی“ کا مطلب ہے ”عوام کی حکومت“۔ مختلف ممالک میں جمہوریت (ڈیموکرسی) کی مختلف شکلیں ہو سکتی ہیں۔ امریکہ میں ہمارے پاس وہ ڈیموکرسی ہے جسکو ”ریپرزینٹیٹو ڈیموکرسی“ (نمائندہ جمہوریت) کہتے ہیں۔ اسکا مطلب ہے کہ لوگ حکومت میں اپنی رائے اور معاملات سے وابسطہ تشویش کی نمائندگی کے لئے اہلکاروں کو منتخب کرتے ہیں۔

امریکا کا آغاز کیسے ہوا

سب سے ابتدائی آبادکار اور کالونی بنانے والے جو امریکا آئےاکثراپنے وطن میں غیر منصفانہ برتاؤ سے بچ کر بھاگ رہے تھے، خصوصاً مذہبی بنا پر اذیّتوں کا شکار ہونے سے۔ وہ آزادی اور نئے مواقعوں کی تلاش میں تھے۔ یہی وجوہات ہیں جو بہت سے لوگوں کو آج امریکا لاتی ہیں۔

اس سے پہلے کہ یہ ایک علیحدہ اور خودمختار ملک بنا، امریکا 13 کالونیؤں پر مشتمل تھا، جن پر گریٹ برٹین (برطانیہ) کی حکمرانی تھی۔ کالونی کے رہنے والوں کا اس میں کوئی دخل نہیں تھا کہ کونسے قانون منظور ہوتے ہیں یا ان پر کس طرح کی حکمرانی ہوتی ہے۔ بالخصوص انکو ”ٹیکسیشن ود آؤٹ ریپریزنٹیشن“ پر اعتراض تھا۔ اس کا مطلب ہے کہ لوگوں کو ٹیکس ادا کرنا پڑتا ہے لیکن انکی اس میں کوئی آواز نہیں کہ انکی حکومت کس طور سے کام کرے۔

سن 1776 تک، بہت سے لوگ محسوس کرنے لگے تھے کہ یہ ناانصافی تھی اور انکو خود اپنے اوپر حکمرانی کرنی چاہئے۔ کالونیز کے نمائندوں نے ایک ”ڈکلیریشن آف انڈپینڈنس“ جاری کیا۔ اس اہم دستاویز میں اعلان گیا کہ کالونیاں آزاد اور خود مختار تھیں اور گریٹ برٹین سے انکا اب کوئی رشتہ نہیں تھا۔ ڈکلیریشن آف انڈپینڈنس ٹامس جیفرسن نے لکھا۔ وہ بعد میں امریکا کے تیسرے صدر بنے۔

آپ کیا کر سکتے ہیں

ایک مستقل رہائشی کی حیثیت سے آپ کے بہت سے حقوق اوربہت سی آزادیاں ہو سکتی ہیں۔ اسکے عوض آپکی کچھ ذمّہ داریاں ہیں۔ ایک بڑی ذمہ داری اپنی کمیونٹی کی سرگرمیؤں میں حصّہ لینے کی ہے۔ آپکو امریکی طریقہ زندگی کے بارے میں بھی سیکھنا چاہیئے اور ہماری تاریخ اور حکومت کے بارے میں۔ یہ معلومات آپ بالغوں کی تعلینی کلاسز لیکر حاصل کر سکتے ہیں اور مقامی اخبار پڑھ کر۔

یونائیٹڈ سٹیٹس (امریکا) اور اوّلین تیرہ کالونیز



یہ تیرہ کالونیز اس ترتیب میں قائم ہوئی تھیں:

ورجینیا، میساچوسٹس، میریلینڈ، کنیٹیکٹ، رھوڈ آئلینڈ، ڈیلاویئر، نیو ھیمپشائر، نارتھ کیرولیئنا، ساؤتھ کیرولائنا، نیو جرزی، نیو یارک، پینسلوینیا، اور جورجیا۔

ڈیکلیریشن آف انڈیپینڈنس 4 جولائی، 1776 کو اختیار کیا گیا۔ یہی وجہ ہے کہ امریکی ہر سال 4 جولائی یوم آزادی کے طور پر مناتے ہیں: یہ ہمارے ملک کی سالگرہ ہے۔

گریٹ برٹین سے اپنی آزادی لینے کے لئے امریکہ کو انقلابی (ریولیوشنری) جنگ لڑنی پڑی۔ امریکی انقلاب کی ملٹری فارسز کی قیادت جنرل جورج واشنگٹن نے کی۔ وہ ”فادر آف آور کنٹری“ کہلاتے ہیں۔ بعد میں وہ پہلے امریکی صدر بنے۔

جنگ میں کامیابی کے بعد کالونیز ریاستیں بن گئیں۔ ہر ریاست کی اپنی حکومت تھی۔ ان ریاستوں کے لوگ ریاستوں کو ایک واحد قوم میں متحد کرنے کے لئے ایک نئی وضع کی حکومت بنانی چاہتے تھے۔ آج یہ مرکزی حکومت، ہماری قومی حکومت، ”فیڈرل گورنمنٹ“ (وفاقی حکومت) کہلاتی ہے۔ یونائیٹڈ سٹیٹس میں اب شامل ہیں 50 ریاستیں، ڈسٹرکٹ آف کولمبیا (ایک مخصوص علاقہ جو وفاقی حکومت کا ٹھکانا ہے)، گوام، امریکی سموٗا، اور یو ایس ورجن آئلینڈز کے علاقے، اور ناردرن ماریانا آئلینڈز اور پورٹو ریکو کی کامن ویلتس (دولت مشترکہ)۔

”سب انسان برابر بنائے گئے ہیں“

بہت سے امریکنوں کو ڈکلیریشن آف انڈپینڈنس میں سے یہ الفاظ حفظ ہیں:

”ہم ان صداقتوں کو صاف ظاہر ٹھہراتے ہیں کہ سب انسان برابر بنائے گئے ہیں، کہ انکے خالق نے انکوبعض ناقابل انتقال حقوق وقف کئے ہیں، کہ ان میں شامل ہیں زندگی، آزادی، اور خوشی کی جستجو“۔

اسکا مطلب ہے کہ سب لوگ یکساں بنیادی حقوق کے ساتھ پیدا ہوتے ہیں۔ حکومت یہ حقوق وجود میں نہیں لاتی اور کوئی حکومت یہ حقوق چھین نہیں سکتی۔

”ایک زیادہ کامل اتحاد“ پیدا کرنا

امریکی انقلاب کے کئی سالوں بعد تک ریاستوں نے ایک مرکزی حکومت میں متحد ہونے کے کئی مختلف طریقے آزمائے، مگر یہ حکومت بہت کمزور تھی۔ چنانچہ سب ریاستوں کے نمائندے 1787 میں فلاڈیلفیا، پینسلوینیا میں ایک نئی، زیادہ مضبوط مرکزی حکومت تجویز کرنے کے لئے اکھٹے ہوئے۔ یہ میٹنگ کانسٹیٹیوشنل کنوینشن تھی۔ کافی بحث کے بعد، ریاستوں سے آئے ہوئے رہنماؤں نے ایک دستاویز کا مسودہ تیار کیا جس میں اس نئی حکومت کو بیان کیا گیا۔ یہ دستاویز امریکی آئین ہے، امریکی تاریخ کے اہم ترین دستاویزیت میں سے ایک۔ آئین میں بیان گیا کہ نئی حکومت کس طرح ترتیب دی جائیگی، حکومت کے اہلکار کس طرح منتخب ہونگے، اورنئی مرکزی حکومت شہریوں کو کن حقوق کی ضمانت دیگی۔

”اولڈ گلوری“ (قدیمی مایہء ناز) --- امریکی پرچم

ہماری تاریخ کے دوران امریکی پرچم میں تبدیلیاں آئی ہیں۔ اب اس میں اوّلین 13 امریکی کالونیوں کی نشانی کے طور پر 13 دھاریاں ہیں۔ اس میں 50 ستارے ہیں، ہر ریاست کے لئے ایک۔ امریکی قومی ترانہ پرچم کے بارے میں لکھا گیا تھا اور ”دی سٹار۔ سپینگلڈ بینر“ (تاروں سے جڑا ہوا پرچم) کہلاتا ہے۔ پرچم کو ”سٹارز اینڈ سٹرائیپس“ کا نام بھی دیا جاتا ہے، اور ”سٹارز اینڈ سٹرائیپس فار ایور“ ایک پسندیدہ امریکی نغمہ ہے۔

کانسٹیٹیوشنل کنوینشن کے اراکین نے آئین کو 17 ستمبر، 1787 میں منظور کیا۔ اسکے بعد سب 13 ریاستوں کی منظوری درکار تھی۔ بعض لوگوں کا خیال تھا کہ آئین میں انفرادی حقوق کو خاطر خواہ تحفظ نہیں ملا ہے۔ ریاستیں آئین کی منظوری کے لئے اس صورت میں رضامند تھیں کہ اس میں انفرادی حقوق کی ایک فہرست بڑھا دی جائے۔ ریاستوں نے 1789 میں آئین کی منظوری دی۔ انفرادی حقوق کی فہرست، جسکو ”بل آف رائیٹس“ کہتے ہیں، 1791 میں آئین میں شامل کی گئی۔ آئین میں ترمیموں کو ”امینڈمنٹس“ کہا جاتا ہے۔ آئین کی اولّین 10 ترمیموں کو بل آف رائیٹس کہتے ہیں۔

امریکا ایک ایسی قوم ہے جس میں قوانین کی حکمرانی ہے۔ سرکاری حکام ان قوانین کی رو سے فیصلے کرتے ہیں۔ آئین کو ”سپریم لاء آف دی لینڈ“ (ملک کا برتر قانون) کہا جاتا ہے کیونکہ ہر شہری کو، بشمول تمام سرکاری حکام کے، اور ہر نئے قانون کو آئین کے اصولوں کو برقرار رکھنا پڑتا ہے۔ قانون ہر ایک پر یکساں لاگو ہوتے ہیں۔ وفاقی حکومت کے محدود اختیارات ہیں۔ جو اختیارات آئین نے وفاقی حکومت کو براہ راست نہیں دئے ہیں وہ ریاستوں کے پاس ہیں۔

”ہم جو عوام ہیں“

”وی دی پیپل“ (ہم جو عوام ہیں) امریکی آئین کے پہلے تین الفاظ ہیں۔ آئین شروع اس وضاحت سے ہوتا ہے کہ اسکے لکھنے کی وجہ کیا تھی اور اسکے ذریعے کیا بجا لانا مقصود تھا۔ اس سیکشن کو ”پریئمبل“ کہتے ہیں۔ آئین کا پریئمبل یہ ہے:

”ہم جو امریکی عوام ہیں، اس غرض سے کہ ایک زیادہ کامل یونئین تشکیل دیں، انصاف قائم کریں، خانگی سکون کو یقینی بنائیں، اجتماعی تحفظ مہیّا کریں، عام خوشحالی کو ترقی دیں، اور اپنے اور آئندہ نسلوں کے لئے آزادی کی نعمتیں محفوظ کریں، ریاستہائے متحدہ امریکا کے لئے اس آئین کا حکم دیتے ہیں اور قائم کرتے ہیں“۔

بل آف رائیٹس: پہلی 10 ترامیم

آئین کی سب سے پہلی تبدیلیاں انفرادی شہریوں کے تحفظ اور حکومت کے اختیارات کو محدود کرنے کی غرض سے کی گئیں۔ بل آف رائیٹس میں ان اہم آزادیوں کی فہرست درج کی گئی ہے جنکا امریکی عوام سے وعدہ کیا گیا ہے۔ زیادہ تر یہ حقوق لوگوں پر حکومت کے قابو کو محدود کرتے ہیں۔ ان حقوق میں شامل ہیں:

- تقریر کی آزادی۔ حکومت لوگوں کو نہیں بتا سکتی کہ وہ کیا بولیں اور کیا نہ بولیں۔ لوگ بغیر کسی سزا کے خوف کے عوامی معاملات کے بارے میں جو کہنا چاہتے ہیں کہہ سکتے ہیں۔
- مذہب کی آزادی۔ حکومت لوگوں کو نہیں بتا سکتی کہ وہ کس عبادت گاہ میں عبادت کریں۔ لوگ خود فیصلہ کر سکتے ہیں کہ وہ کس طور سے عبادت کریں ۔۔ یا عبادت نہ کریں۔
- پریس کی آزادی۔ حکومت اس بات کا فیصلہ نہیں کر سکتی کہ اخباروں میں کیا چھاپا جائے یا ریڈیو اور ٹی وی پرکیا سنا جائے۔
- عوامی جگہوں پر جمع ہونے یا اکٹھا ہونے کی آزادی۔ حکومت لوگوں کو بہت سی مختلف وجوہ کے لئے قانونی عوامی اجتماع کرنے سے نہیں روک سکتی۔
- آتشین اسلحہ کا مالک ہونے کی آزادی۔ زیادہ تر صورتوں میں حکومت لوگوں کو بندوق رکھنے سے نہیں روک سکتی۔
- حکومت کے اعمال کے خلاف احتجاج کرنے اور تبدیلی کا مطالبہ کرنے کی آزادی۔ حکومت ایسے لوگوں کو نہ خاموش کر سکتی ہے اور نہ سزا دے سکتی ہے جو حکومت کے ان اعمال کو چیلنج کرتے ہیں جنکی وہ تائید نہیں کرتے۔

بل آف رائیٹس ”ڈیو پروسیس“ (باضابطہ کارروائی) کی بھی ضمانت دیتا ہے۔ ڈیو پروسیس قانون کے چند مخصوص طریقے ہیں جن پر عمل کرنا ضروری ہے جب بھی کسی پرجرم کا الزام لگتا ہے۔ پولیس کے افسر اور سپاہی کسی شخص کو روک کر اسکی تلاشی نہیں لے سکتے اگر ایسا کرنے کی انکے پاس کوئی اچھی وجہ نہ ہو، اور عدالت کی اجازت بغیر لوگوں کے گھروں کی تلاشی نہیں لے سکتے۔ جرائم کے ملزموں کو یہ ضمانت دی گئی ہے کہ انکو اپنے جیسے لوگوں پر مشتمل جیوری کے سامنے مقدمے کا موقع جلد دیا جائیگا۔ انکو قانونی نمائندگی کی ضمانت دی گئی ہے اور وہ اپنی صفائی میں گواہوں کو بلا سکتے ہیں۔ ظالمانہ اور غیر معمولی سزا بھی ممنوع ہے۔

آئین کو تبدیل کرنا

امریکی آئین کو ایک ”زندہ دستاویز“ کہا جاتا ہے کیونکہ اپنے ریاستی اور وفاقی نمائندوں کے ذریعے امریکی عوام اسکو جب ضرورت ہو بدل سکتے ہیں۔ ان تبدیلیوں کو ”امینڈمنٹس“ (ترامیم) کہا جاتا ہے۔ آئین میں تبدیلی کرنا ایک طویل اور مشکل کارروائی ہے، چنانچہ ہماری تاریخ کے دوران یہ صرف 27 بار بدلا گیا ہے۔ بل آف رائیٹس کے علاوہ کچھ اہم ترامیم ہیں تیرھویں، جو غلامی کی ممانعت کرتی ہے، اور چودھویں، جو تمام شہریوں کے لئے قانون کے تحت یکساں تحفظ کی ضمانت دیتی ہے۔ انیسویں ترمیم عورتوں کو رائے دہی کا حق دیتی ہے۔

وفاقی حکومت کیسے کام کرتی ہے

اولّین 13 کالونیز برطانوی بادشاہ کے مکمل قابو میں رہ چکی تھیں۔ اپنی نئی وفاقی حکومت میں امریکی تمام اقتدار کسی ایک سرکاری اہلکار یا کسی ایک دفتر میں مرکوز ہونے سے بچنا چاہتے تھے۔ آئین نے وفاقی حکومت کے لئے تین شعبے بنائے تاکہ طاقت متوازن رہے۔ تینوں شعبوں کی علیحدہ زمّہ داریاں ہیں۔ ہم اسکو ''چیکس اینڈ بیلنسز'' کا نظام کہتے ہیں۔ حکومت کا کوئی ایک شعبہ بہت زیادہ قوی نہیں بن سکتا کیونکہ دوسرے دونوں شعبے توازن برقرار رکھتے ہیں۔

وفاقی حکومت

وفاقی حکومت کے تین شعبے ہیں:

لیجسلیٹو برانچ (قانون ساز شعبہ):
یو ایس کانگریس اور متعلقہ دفاتر

ایگزیکیوٹو برانچ (انتظامی شعبہ):
صدر، نائب صدر، اور وفاقی حکومت کے محکمے

جوڈشل برانچ (عدالتی شعبہ):
امریکا کا سپریم کورٹ اور ملک بھر میں پھیلے ہوئے فیڈرل کورٹس

قانون ساز شعبہ: کانگریس

امریکی شہری امریکی کانگریس میں اپنی نمائندگی کے لئے لوگوں کو منتخب کرنے کے لئے آزادانہ انتخابات میں رائے دہی کرتے ہیں۔ کانگریس کی ذمّہ داری ہے کہ ہماری قوم کے لئے قوانین بنائے۔ کانگریس ہاؤس آف ریپریزینٹیٹوز اور سینیٹ پر مشتمل ہے۔

امریکی ہاؤس آف ریپریزینٹیٹوز

ہر ریاست میں لوگ ہاؤس آف ریپریزینٹیٹوز کے اراکین منتخب کرنے کے لئے ووٹ دیتے ہیں۔ ہاؤس آف ریپریزینٹیٹوز، جو اکثر ''دی ہاؤس'' کہلاتا ہے، کے 435 ممبر ہیں۔ کسی ریاست کے نمائندوں کی تعداد کا انحصار اس پر ہے کہ اس ریاست میں کتنے لوگ رہتے ہیں۔ ریاستیں ڈسٹرکٹس میں تقسیم کی گئی ہیں۔ ہر ڈسٹرکت کے رہنے والے کسی کے لئے ووٹ دیتے ہیں جوہاؤس میں انکی ڈسٹرکٹ کی نمائندگی کرے۔ ہر نمائندہ دو سال کے لئے خدمت کرتا ہے، اور پھر لوگوں کے پاس ایک اور موقع ہوتا ہے کہ اپنی نمائندگی کے لئے اسکو ووٹ دیں یا کسی اور شخص کو۔ نمائندے کانگریس میں لا محدود مدّت کے لئے خدمت کر سکتے ہیں۔

ہاؤس میں پانچ رکن اور ہیں۔ یہ ہیں ان جگہوں کے نمائندے: ڈسٹرکٹ آف کولمبیا، کامن ویلت آف پورٹو ریکو، اور گوام، امریکی سموٗا، اور یو ایس ورجن آئیلینڈز کے علاقے۔ یہ رکن مباحثوں میں حصہ لے سکتے ہیں، لیکن پورے ہاؤس کی با ضابطہ رائے دہی میں حصّہ نہیں لے سکتے۔

حکومتی اہلکار عوام کی خدمت کرتے ہیں

امریکا میں ہر کوئی اپنے منتخب نمائندے اور سینیٹرز کو کال کر سکتا ہے۔ آپ 202-224-3121 کال کرکے اپنے نمائندے یا سینیٹرز کے آفسوں سے ملوا سکتے ہیں۔ آپ اپنے نمائندے یا سینیٹرز کو لکھ سکتے ہیں اگر آپ کوئی سوال پوچھنا چاہتے ہیں یا قانون سازی اور وفاقی حکومت کے بارے میں اپنی رائے دینی چاہتے ہیں، یا اگر آپکا کوئی مسلہ ہے اور آپکو وفاقی منفعت کے سلسلے میں مدد درکار ہے۔

اپنے نمائندے کو لکھنے کے لئے:
The Honorable (add Representative's full name)
U.S. House of Representatives
Washington, DC 20515

اپنے سینیٹر کو لکھنے کے لئے:
The Honorable (add Senator's full name)
United States Senate
Washington, DC 20510

آپ کانگریس کی ویب سائیٹ پر جا کر ہاؤس اور سینیٹ میں حالیہ سرگرمیوں کے بارے میں معلومات حاصل کر سکتے ہیں، اور آپکے اپنے نمائندے اور سینیٹرز کے بارے میں، بشمول انکی ویب سائیٹس کے پتے۔

- ہاؤس آف ریپریزینٹیٹوز کے لئے http://www.house.gov/ ویزٹ کریں۔
- سینیٹ کے لئے http://www.senate.gov/ ویزٹ کریں۔

ہاؤس آف ریپریزینٹیٹوز قوانین بناتا ہے، لیکن اسکی کچھ مخصوص ذمّہ داریاں ہیں۔ صرف ہاؤس آف ریپریزینٹیٹوز مندرجہ ذیل چیزیں کر سکتا ہے:

- ٹیکسز سے متعلق قوانین تجویز کرنا۔
- فیصلہ کرنا کہ آیا کسی حکومتی اہلکار کے خلاف، جس پر ملک کے خلاف کوئی جرم سرزد کرنے کا الزام لگا ہے، سینیٹ میں سماعت کی جائے۔ اسکو "امپیچمنٹ" کہتے ہیں۔

آپ کیا کر سکتے ہیں

اپنے نمائندے اور سینیٹرز کے بارے میں پتا کریں کہ وہ کانگریس میں آپکی نمائندگی کے لئے کیا کر رہے ہیں۔ ایسا کرنے کے لئے آپ اپنے مقامی اخبار میں انکے بارے میں خبریں تلاش کر سکتے ہیں اور کانگریس کی ویب سائیٹس کو ویزٹ کرسکتے ہیں۔ سب سینیٹرز اور نمائندے اپنی گھر کی کمیونٹیز میں مقامی دفتر رکھتے ہیں؛ انکو آپ اپنی فون بک کے نیلے صفحات میں ڈھونڈ سکتے ہیں۔ اگر آپ واشنگٹن ڈی سی کو ویزٹ کریں تو آپ یو ایس کیپٹل کا جہاں کانگریس کام کرتی ہے، ایک مفتٹ دورا کر سکتے ہیں۔

آپ صدر کے بارے میں معلومات کے لئے صدر کے گھر، وائیٹ ہاؤس کی ویب سائیٹ پر جا سکتے ہیں۔ ویزٹ کریں: http://www.whitehouse.gov/۔

یو ایس سینیٹ

امریکی سینیٹ میں 100 سینیٹر ہیں۔ ہر ریاست میں لوگ ووٹ دے کر دو سینیٹرز منتخب کرتے ہیں، جو کانگریس میں انکی نمائندگی کرتے ہیں۔ سینیٹرز چھہ سالوں کے لئے خدمت کرتے ہیں، اور پھر لوگوں کو ایک اور موقع ملتا ہے کہ اپنی نمائندگی کے لئے انکو ووٹ دیں یا کسی اور شخص کو۔ سینیٹرز کانگریس میں لامحدود مدّت کے لئے خدمت کر سکتے ہیں۔ سینیٹرز قوانین بناتے ہیں، لیکن انکی مخصوص ذمّہ داریاں بھی ہیں۔

یہ صرف سینیٹ کر سکتی ہے:

- کسی ایسے سمجھوتے کے لئے ''ہاں'' یا ''نہیں'' کہے جو صدر دوسرے ممالک یا دوسرے ممالک کی تنظیموں کے ساتھ کرتا ہے۔ انکو ''ٹریٹیز'' کہا جاتا ہے۔
- کسی ایسے شخص کی منتخبی کے لئے ''ہاں'' یا ''نہیں'' کہے جسکو صدر کسی اونچے منصب کے لئے منتخب کرتا ہے، جیسے سپریم کورٹ کا جج، یا وفاقی حکومت کے محکموں، مثلاً محکمہ تعلیم یا محکمہ صحت اور انسانی وسائل، کو چلانے والا اہلکار۔
- کسی ایسے حکومتی اہلکار کے مقدمے کی سماعت کرے جس کو ہاؤس آف ریپریزینٹیٹوز نے ''امپیچ'' کیا ہے۔

دی اگزیکیوٹو برانچ: دی پریزڈنٹ (انتّظامیہ شعبہ: صدر)

صدر انتظامی شعبے کا قائد ہے اور ملک کے قوانین کو برقرار رکھنے اور نافذ کرنے کا ذمّہ دار ہے۔ صدر کی اور بہت سی ذمّہ داریاں بھی ہیں، جیسے قومی پالیسیاں (حکمت عملی) بنانا، کانگریس کو قوانین تجویز کرنا، اور اونچے منصب کے اہلکاراور سپریم کورٹ کے ممبر منتخب کرنا۔ صدر امریکی ملٹری کا سربراہ بھی ہے اور کمانڈر ان چیف کہلایا جا سکتا ہے۔

لوگ ہرچار سال کے بعد صدر اور نائب صدر کے لئے انتخابات میں ووٹ دیتے ہیں۔ صدر اپنے عہدے پر صرف دو چار۔ سالہ میعاد کے لئے کام کرسکتا ہے۔ صدر کے معذور ہوجانے یا فوت ہو جانے کی صورت میں صدر کا عہدہ نائب صدرسمبھال لیتا ہے۔

دی جوڈشل برانچ: دی سپریم کورٹ (عدالتی شعبہ: سپریم کورٹ)

آئین نے سپریم کورٹ کو امریکا کا سب سے اونچا کورٹ بنایا۔ سپریم کورٹ پر نو ججز ہوتے ہیں۔ یہ ''جسٹسز'' کہلاتے ہیں۔ سپریم کورٹ کے اراکین صدر منتخب کرتا ہے، اور وہ جب تک کام کرسکتے ہیں اپنے عہدے پر خدمت کرتے ہیں۔ سپریم کورٹ ریاستی قوانین اور وفاقی قوانین، دونوں کو مسترد کر سکتا ہے اگر یہ آئین سے اختلاف کریں۔ اور فیڈرل عدالتیں بھی ہوتی ہیں، جیسے یو ایس ڈسٹرکٹ کورٹس اور سرکٹ کورٹس آف اپیلز (دوری یا گشتی عدالتیں برائے اپیلز)۔

امریکا کے سپریم کورٹ کے بارے میں مزید معلومات کے لئے، ویزٹ کریں http://www.supremecourtus.gov۔

ریاستی اور مقامی حکومت

وفاقی حکومت کے علاوہ ہر ریاست کے اپنے آئین اور اپنی حکومت ہوتی ہے۔ ہر ریاستی حکومت کے بھی تین شعبے ہوتے ہیں: قانون ساز، انتظامی، اور عدالتی۔

انتظامی شعبے کا سربراہ ''گورنر'' کہلاتا ہے۔ ہر ریاست کے لوگ اپنا گورنر اور اپنے ریاستی لیجسلیچر(قانون ساز ادارے) کے نمائندے انتخابات میں ووٹ دے کر منتخب کرتے ہیں۔ ریاست کا لیجسلیچر اس ریاست کے قوانین بناتا ہے۔ یہ قوانین امریکی آئین سے اختلاف نہیں کر سکتے۔ ہر ریاست کا عدالتی شعبہ اس ریاست کے قوانین برقرار رکھتا ہے۔

ہر ریاست کی مقامی حکومتیں بھی ہوتی ہیں۔ شہر کی حکومتیں یا کاؤنٹی کی حکومتیں اور بعض دفعہ دونوں کی حکومتیں ہو تی ہیں۔ یہ آپکی مقامی کمیونٹی میں کئی سروسز مہیّا کرتی ہیں اور انکی نگرانی کرتی ہیں، جیسے پبلک سکول اور کتبخانے، پولیس اور فائر کے محکمے، اور پانی، گیس، اور بجلی کی سروسز۔ مقامی کمیونٹی کے لوگ عام طور سے مقامی حکومتی اہلکاروں

کے لئے ووٹ دیتے ہیں، لیکن بعض مقامی اہلکاروں کو مقرر کیا جاتا ہے۔ مقامی حکومتوں کی مختلف شکلیں ہوتی ہیں۔ بعض کے سربراہ میئر ہوتے ہیں؛ بعض کی سٹی کاؤنسلز یا کاؤنٹی کاؤنسلز ہوتی ہیں۔ مقامی کمیونٹیز کے سکول بورڈز بھی ہوتے ہیں، جو ایسے شہریوں پر مشتمل ہوتے ہیں جو پبلک سکولوں کی نگرانی کرنے کے لئے منتخب یا مقرر کئے جاتے ہیں۔

آپ کیا کر سکتے ہیں

لوکل گورنمنٹ کے کئی اجلاس عوام کے لئے کھلے ہوتے ہیں۔ کئی رات کے وقت منعقد کئے جاتے ہیں تاکہ ہر کوئی حاضر ہو سکے۔ مثلاً، آپ کسی سٹی کاؤنسل میٹنگ یا سکول بورڈ میٹنگ میں جاکر اس بارے میں زیادہ پتا کر سکتے ہیں کہ آپکی کمیونٹی میں کیا ہو رہا ہے۔ ان میٹنگز کا اور انکے اوقات اور مقامات کا عموماً مقامی اخبار میں بتایا جاتا ہے۔ یہ میٹنگز مقامی حکومت کی ویب سائیٹ پر بھی درج ہوسکتی ہے۔ بعض مقامی حکومتی میٹنگزمقامی کیبل سٹیشنز پر ٹیلی وژن پر بھی ہوتی ہیں۔

امریکی سٹیزن (شہری) بننا

شہری بن جانے پرمستقل شہریوں کو نئے حقوق اورنئی مراعات ملتی ہیں۔ شہریت اپنے ساتھ نئی ذمّہ داریاں بھی لاتی ہے۔ یہ سیکشن امریکی شہری بننے کے لئے کچھ وجویات پیش کرتا ہے جن پر آپکو غور کرنا چاہیئے اور بیان کرتا ہے کہ آپکو شہری بننے کے لئے کیا کرنا ہوگا۔

شہری بننے کے لئے آپ کو امریکا سے اپنی وفاداری کا حلف اٹھانے کے لئے تیار ہونا چاہئے۔ آپکو کسی بھی اور ملک سے اپنی فرماںبرداری چھوڑ دینی ہوگی۔ آپکو حامی بھرنی ہوگی کہ آپ امریکی آئین کی تائید کرینگے اور اسکا دفاع کرینگے۔ جب آپ شہری بنتے ہیں تو آپ ایک امریکی ہونے کی تمام ذمّہ داریاں قبول کرتے ہیں۔ اسکے بدلے میں آپ کو شہریت کے مخصوص حقوق اور مراعات ملتی ہیں۔

امریکی شہری کیوں بنا جائے؟

مستقل شہریوں کو وہ زیادہ تر حقوق حاصل ہوتے ہیں جو امریکی شہریوں کے ہوتے ہیں۔ مگر کئی اہم وجویات ہیں جنکی بنا پر آپکو امریکی شہری بننے پر غور کرنا چاہیئے۔ کچھ اچھی وجوہات یہ ہیں:

- **اپنی حبّ الوطنی کا اظہار۔** شہری بننا اپنے نئے ملک سے اپنی سپردگی کا اظہار کرنے کا ایک طریقہ ہے۔
- **رائے دہی۔** وفاقی انتخابات میں صرف شہری ووٹ ڈال سکتے ہیں۔ زیادہ تر ریاستیں بھی زیادہ تر انتخابات میں ووٹ ڈالنے کا حق شہریوں تک محدود رکھتی ہیں۔
- **جیوری پر کام کرنا۔** صرف امریکی شہری کسی وفاقی جیوری پر کام کر سکتے ہیں۔ زیادہ تر ریاستیں بھی جیوری سروس امریکی شہریوں تک محدود رکھتی ہیں۔ جیوری پر کام کرنا امریکی شہریوں کی ایک اہم ذمّہ داری ہے۔
- **یو ایس پاسپورٹ پر سفر کرنا۔** اگر آپ کے پاس یو ایس پاسپورٹ ہے تو ضرورت پڑنے پر آپکو بیرون ملک امریکی حکومت کی مدد مل سکتی ہے۔
- **اپنی فیملی کے ممبروں کو امریکا لانا۔** امریکی شہری جب اپنی فیملی کے ارکان کو اس ملک میں مستقل طور پر لانے کے لئے درخواست دیتے ہیں تو عام طور سے انکو اولیّت ملتی ہے۔
- **بیرون ملک پیدا ہونے والے بچوں کے لئے شہریت حاصل کرنا۔** زیادہ تر صورتوں میں امریکی شہریوں کے بیرون ملک پیدا ہونے والے بچے خود کار طور پر امریکی شہری ہوتے ہیں۔
- **وفاقی ملازمتوں کے لئے اہلیّت حاصل کرنا۔** حکومتی ایجنسیوں کی مخصوص ملازمتوں کے لئے امریکی شہریت درکار ہے۔
- **ایک منتخب اہلکار بننا۔** صرف شہری کسی وقافی عہدے (یو ایس سینیٹ یا ہاؤس آف ریپریزینٹیٹوز) اور زیادہ تر ریاستی اور مقامی عہدوں کے لئے کھڑے ہو سکتے ہیں۔
- **اپنی ریزڈینسی برقرار رکھنا۔** ایک امریکی شہری کا امریکا میں رہنے کا حق اس سے نہیں لیا جا سکتا۔
- **وفاقی گرانٹس اور سکالرشپس کے لئے اہل ہونا۔** کئی مالی امداد کے گرانٹس، بشمول کالج کے سکالرشپس اور حکومت کی طرف سے مخصوص مقاصد کے لئے دی گئی رقوم، صرف امریکی شہریوں کو دستیاب ہوتے ہیں۔
- **حکومت سے منفعت حاصل کرنا۔** بعض حکومتی منفعنت صرف امریکی شہریوں کے لئے ہوتے ہیں۔

نیچرلائزیشن: شہری بننا

امریکی شہری بننے کے عمل کو ”نیچرلائزیشن“ کہتے ہیں۔ آپ نیچرلائزیشن کے لئے درخواست دے سکتے ہیں جب آپ ان شرائط پر پورا اترتے ہوں:

امریکا میں کم از کم پانچ برس مستقل رہائشی کی حیثیت سے رہے ہیں (یا تین سال، اگر آپ نے کسی امریکی شہری کے ساتھ شادی کی ہے اور اس کے ساتھ رہتے ہیں)۔

پچھلے پانچ سالوں میں سے کم از کم 30 ماہ امریکا میں موجود رہے ہیں (یا پچھلے تین سالوں میں سے 18 ماہ اگر آپ نے کسی امریکی شہری کے ساتھ شادی کی ہے اور اس کے ساتھ رہتے ہیں)۔

درخواست دینے سے پہلے کسی USCIS میں کم از کم تین ماہ رہائش کی ہے۔

آپکو شاید مختلف ضوابط پر چلنا پڑے اگر:

- آپ، یا آپکے فوتی پیرنٹ (ماں یا باپ)، سپاؤس (میاں یا بیوی)، یا بچے نے امریکی مسلح افواج میں خدمت کی ہے۔
- آپ امریکی نیشنل ہیں۔
- آپ نے مستقل شہریت 1986 کی ایمنیسٹی (عام معافی) لاء کے تحت حاصل کی تھی۔
- آپ مہاجر یا پناہ گیر ہیں۔
- آپکا سپاؤس (میاں یا بیوی) امریکی شہری ہے، جسکو باقاعدگی کے ساتھ ملک سے باہر سٹیشن کیا جاتا ہے۔
- آپ نے کسی غیر شہری سے شادی کر کے کسی پچھلے قانون کے تحت اپنی شہریت کھو دی تھی۔
- آپ مخصوص قسم کی کمپنیوں یا نان پرافٹ تنظیموں کے ملازم ہیں۔

مزید معلومات کے لئے ”اے گائیڈ ٹو نیچر لائزیشن“ *“A Guide to Naturalization”* سے رجوع کریں۔ آپ شاید کسی امیگریشن کے وکیل یا دیگر مستند پیشہ ور سے بھی مشورہ کرنا چاہیں۔

نیچرلائزیشن کی معلومات حاصل کرنا

18 سال یا اس سے زیادہ کی عمر کے لوگوں کو، جو شہری بننا چاہتے ہیں، Form M-476، ”اے گائیڈ ٹو نیچر لائزیشن“ *“A Guide to Naturalization”*، لینا چاہیئے۔ اس گائیڈ میں نیچرلائزیشن کی ضروریات کے بارے میں اہم معلومات ہیں۔ اس میں ان فارمز کا بھی بیان ہے جو آپکو نیچرلائزیشن کا عمل شروع کرنے کے لئے درکار ہیں۔

یہ پتا کرنے کو کہ آیا آپ نیچرلائزیشن کے لئے اپلائی کرنے کے اہل ہیں، ”گائیڈ ٹو نیچر لائزیشن“ *“A Guide to Naturalization”* کے آخر میں دیا ہوا Form M-480، نیچرلائزیشن ایلجبلٹی ورکشیٹ ”Naturalization Eligibility Worksheet“، دیکھیں۔ نیچرلائزیشن کے لئے اپلائی کرنے کے لئے Form N-400 استعمال کریں۔ Form N-400 داخل کرنے کی فیس ہے۔

فارمز M-476، M-480، اور N-400 حاصل کرنے کے لئے USCIS کی فارمز لائین کو 1-800-870-3676 پر کال کریں یا http://www.uscis.gov سے حاصل کریں۔

نیچرلائزیشن کے لوازمات

نیچرلائزیشن کے لئے عام لوازمات یہ ہیں:

1۔ امریکا میں مخصوص وقت کے لئے مستقل رہائشی کی حیثیت سے رہنا (مسلسل رہائش)۔

2۔ امریکا میں مخصوص مدّتوں کے دوران موجودگی (جسمانی موجودگی)۔

3۔ اپنی USCIS میں مخصوص مدتوں کے لئے وقت گزارنا (امریکی ڈسٹرکٹ یا ریاست USCIS میں وقت)۔

4۔ قانونی اور قابل قبول چال چلن رکھنا (اچھا اخلاقی کردار)۔

5۔ انگریزی جاننا اور امریکی تاریخ اور حکومت کے بارے میں واقفیّت رکھنا (انگریزی اور سیوکس یا شہریت)۔

6۔ امریکی آئین کے اصولوں کو سمجھنا اور قبول کرنا (آئین کے ساتھ وابستگی)۔

مستقل رہائشی کی حیثیت سے مسلسل رہائش برقراقر رکھنا

اگر آپ امریکا سے اس عرصہ کے لئے جاتے ہیں:	آپکی رہائشی حیثیت:	اپنی رہائشی حیثیت برقرار رکھنے کے لئے آپکو یہ کرنا ضروری ہے:
چھہ ماہ سے زیادہ	کے ختم ہونے کا امکان ہوتا ہے	ثابت کریں کہ اپنی غیر موجودگی کے دوران آپ نے امریکا میں رہائش جاری رکھی، ملازمت جاری رکھی اور/ یا امریکا سے تعلق جاری رکھا (مثلاً ٹیکسز ادا کیئے)۔
ایک سال سے زیادہ	ختم ہو جاتی ہے	اکثر صورتوں میں آپکو اپنی مسلسل رہائش از سر نو شروع کرنی ہوگی۔ اگر آپ ایک مستقل رہائشی کی حیثیت سے واپس آنے کا ارادہ رکھتے ہیں، تو امریکا سے جانے سے پہلے ایک "ری انٹری پرمٹ" کے لئے درخواست دیں۔

1. مسلسل رہائش

"مسلسل رہائش" کا مطلب ہے کہ آپکو امریکا میں ایک مستقل رہائشی کی حیثیت سے ایک مخصوص مدت کے لئے رہنا چاہیئے۔ اس سے پہلے کہ نیچرلائزیشن کی کارروائی شروع کی جاسکے، زیادہ تر لوگوں کے لئے لازم ہے کہ مستقل رہائشی کی حیثیت سے انکی پانچ سال مسلسل رہائش رہی ہو (یا، اگر آپ نے ایک امریکی شہری سے شادی کی ہے، تو تین سال) ۔ پناہ گزینوں کے لئے اسکا مطلب ہے کہ جس تاریخ کو آپ امریکا آئے تھے، جو عموماً وہی تاریخ ہوتی ہے جس پر آپکو مستقل رہائشی کی حیثیت ملی تھی، اس تاریخ سے پانچ سال کی مدّت گزر چکی ہو۔ ان لوگوں کے لئے جن کو امریکا میں اسائلم سٹیٹس ملا ہے، یہ عرصہ رہائشی حیثیت حاصل کرنے سے ایک سال قبل شروع ہوتا ہے۔ آپکے پانچ سال کے عرصے کا شماراس تاریخ سے کیا جاتا ہے جو آپکے پرمننٹ ریزڈنٹ کارڈ پر درج ہے۔ اگر آپ امریکا سے لمبے عرصے (عموماً چھہ ماہ یا زیادہ) کے لئے جاتے ہیں، تو ممکن ہے آپ اپنی رہائش کا تسلسل "توڑ" دیں۔

نیچرلائزیشن کے مقاصد کے لئے اپنی رہائش برقرار رکھنا: ایک سالہ غیر موجودگی کے لئے استثناء

اگر آپ امریکی حکومت، کسی تسلیم شدہ امریکی تحقیقاتی ادارے، یا مخصوص امریکی کارپوریشنز کے لئے کام کرتے ہیں، یا اگر آپ پادری ہوتے ہوئے بیرون ملک خدمت کررہے ہیں، تو ممکن ہے آپ اپنی مسلسل رہائش برقرار رکھ سکیں اگر آپ:

1- مستقل رہائشی بننے کے بعد امریکا میں کم از کم ایک سال تک، بغیر ملک سے باہر گئے، جسمانی طور پر موجود اور رہائش پذیر رہے ہیں۔

2- اس سے قبل کہ آپکو امریکا سے باہر ایک سال ہوا ہو آپ Form N-470 (نیچرلائزیشن کے مقاصد کے لئے رہائش کی برقراری کے لئے درخواست) "Application to Preserve Residence for Naturalization Purposes" داخل کرتے ہیں۔ Form N-470 فائل کرنے کی ایک فیس ہے۔

مزید معلومات کے لئے USCIS کی فارمز لائن سے 1-800-870-3676 پر رابطہ کرکے Form N-470 (نیچرلائزیشن کے مقاصد کے لئے رہائش کی برقراری کے لئے درخواست) "Application to Preserve Residence for Naturalization Purposes" طلب کریں۔ یہ فارم آپ USCIS کی ویب سائٹ، http://www.uscis.gov پر بھی حاصل کر سکتے ہیں۔

امریکا ایک سال یا اس سے زیادہ عرصے کے لئے چھوڑنے کی صورت میں، اگرآپ ری۔ اینٹری پرمٹ رکھتے ہیں تو ممکن ہے کہ آپ واپس آسکیں۔ اس ری۔اینٹری پرمٹ کے لئے آپکو امریکا کے باہر جانے سے پہلے اپلائی کرنا چاہیئے۔ ری۔اینٹری پرمٹ۔

کے لئے درخواست دینے کے طریقے پر معلومات کے لئے صفحہ 7 دیکھیں۔ زیادہ تر صورتوں میں، آپ نے ملک چھوڑنے سے پہلے جو وقت امریکا میں گزارا تھا، اسکا کوئی بھی حصّہ آپکی مسلسل رہائش کی مدت میں شمار نہیں ہوگا۔ اسکا مطلب ہے کہ امریکا واپس آنے کے بعد آپکو اپنی مسلسل رہائش کا عرصہ از سر نو شروع کرنا پڑیگا، اور نیچرلائزیشن کی درخواست دینے کے لئے آپکو شاید چار سال اور ایک دن تک انتظار کرنا پڑے۔

کام کی بات: ری۔اینٹری پرمٹ (فارم I-131) اور نیچرلائزیشن کے مقاصد کے لئے رہائش کی برقراری "Application to Preserve Residence for Naturalization Purposes" کے لئے درخواست (فارم N-470) مختلف چیزیں ہیں۔ جب آپ ایک عارضی غیر موجودگی کے بعد امریکا واپس آتے ہیں تو آپ ایک ری۔اینٹری پرمٹ دکھا سکتے ہیں اپنے پرمننٹ ریزیڈنٹ کارڈ کی جگہ (اگر آپ 12 ماہ سے کم عرصہ کے لئے باہر رہے ہیں) یا ایک ویزا کی جگہ (اگر آپ 12 ماہ سے زیادہ عرصہ باہر رہے ہیں)۔

فوجی کارکنوں کے لئے استثناء

اگرآپ ایکٹو ڈیوٹی کی حیثیت رکھتے ہیں، یا امریکی مسلح افواج سے حال میں ڈس چارج (سبکدوش) ہوئے ہیں، تو مسلسل رہائش اور جسمانی موجودگی کی ضروریات شاید آپ پر عائد نہ ہوں۔ آپکو مزید معلومات M-599 (ملٹری کارکنوں کے لئے نیچرلائزیشن پر معلومات) "Naturalization Information for Military Personnel" کے بروشر میں مل سکتی ہیں۔ ہر فوجی اڈے میں کوئی پوائنٹ آف کونٹیکٹ ہونا چاہیئے جو آپکی نیچرلائزیشن کی درخواست سے نبٹے اور ایک Form N-426 (فوج یا بحریہ میں سروس کی تصدیق کی درخواست) "Request for Certification of Military or Naval Service" کی تصدیق کرے۔ اپنے درخواستی فارمز کے ساتھ آپکو Form N-426 داخل کرنے کی ضرورت ہے۔ اپنی ضرورت کے فارم حاصل کرنے کےلئے ملٹری کی مدد کی مفت لائن کو اس نمبرپر فون کریں 1-877-CIS-4MIL (1-877-247-4645) آپ اور معلومات حاصل کرنے کے لئے اس ویب سائٹ پر جا سکتے ہی http://www.uscis.gov/military یا پھر کسٹمر سروس کو اس نمبر پر فون کر سکتے ہیں-(1-800-375-5283)۔

آپکو آگاہ ہونا چاہیئے کہ جس دوران آپکی نیچرلائزیشن کی درخواست زیر غور ہے، آپکی امریکا سےغیر موجودگی آپکی اہلیت کے بارے میں مسلے کھڑے کر سکتی ہے، خاص طور پر اگر آپ بیرون ملک ملازمت قبول کرتے ہیں۔

2۔ امریکا میں جسمانی موجودگی

"جسمانی موجودگی" سے مراد ہے کہ آپ در حقیقت امریکا میں موجود رہے ہیں۔ اگر آپ کم از کم 18 برس کی عمر کے مستقل رہائشی ہیں، تو آپکے لئے ضروری ہے کہ نیچرلائزیشن کے لئے اپلائی کرنے سے پہلے آپ پچھلے پانچ سالوں کے دوران کم از کم 30 ماہ کے لئے امریکا میں جسمانی طور پر موجود ہوں (یا، اگر آپکی شادی ایک امریکی شہری کے ساتھ ہوئی ہے، تو پچھلے تین سالوں کے دوران 18 ماہ کے عرصے کے لئے)۔

”جسمانی موجودگی“

س: ”جسمانی موجودگی“ اور ”مسلسل رہائش“ میں کیا فرق ہے؟

ج: ”جسمانی موجودگی“ سے مراد دنوں کی وہ کل تعداد ہے جب آپ امریکا میں موجود تھے اور جو وقت آپ نے امریکا سے باہر گزارا وہ اس میں شامل نہیں۔ ہر وہ دن جو آپ امریکا سے باہر گزارتے ہیں، آپکی جسمانی موجودگی کے مجموعے کو کم کرتا ہے۔ اگر آپ امریکا سے باہر لمبے عرصوں کے لئے رہتے ہیں، یا اگر آپ امریکا سے باہر کئی چھوٹے سفر کرتے ہیں، آپ شاید اپنی ”جسمانی موجودگی“ کی شرط پوری نہ کر سکیں۔ اپنی ”جسمانی موجودگی“ کے عرصہ کے حساب کے لئے اپکو چاہیئے کہ وہ تمام مدتیں جمع کریں جب آپ امریکا میں تھے۔ پھر اس میں سے جو ٹرپس یا سفر آپ نے امریکا سے باہر کئے ہیں نفی کردیں۔ ان ٹرپس میں کینیڈا یا میکسکو جانے کے لئے مختصر سفر بھی شامل ہیں۔ مثال کے طور پر، اگر آپ ایک ویک اینڈ کے لئے میکسکو جاتے ہیں، تو اسکا شمار ان دنوں میں کرنا ضروری ہے جو آپ نے ملک کے باہر گزارے۔

”مسلسل رہائش“ وہ کل عرصہ ہے جو نیچرلائزیشن کے لئے اپلائی کرنے سے پہلے آپ نے امریکا میں مستقل رہائشی کی حیثیت سے گزارا ۔ اگر آپ کسی ایک ٹرپ یا سفر میں امریکا کے باہر بہت زیادہ وقت گزارتے ہیں، تو آپ اپنی ”مسلسل رہائش“ کو توڑ سکتے ہیں۔

3. عرصہ بطور ریاست یا USCIS ڈسٹرکٹ کا رہائشی

زیادہ تر لوگوں کے لئے ضروری ہوتا ہے کہ جس ریاست یا USCIS ڈسٹرکٹ میں وہ نیچرلائزیشن کے لئے درخواست دیتے ہیں، وہاں کم از کم تین ماہ کے لئے رہیں۔ طالبعلم نیچرلائزیشن کے لئے یا تو اس جگہ کے لئے اپلائی کر سکتے ہیں جہاں وہ سکول جاتے ہیں یا جس جگہ انکا خاندان رہتا ہے (اگر وہ مالی امداد کے لئے اپنے والدین پر انحصار کرتے ہیں)۔

4. اچھا اخلاقی کردار

نیچرلائزیشن کی اہلیت کے لئے آپکو ایک اچھے اخلاقی کردار والا شخص ہونا چاہیئے۔ وہ شخص ”اچھے اخلاقی کردار“ کا نہیں گردانا جاتا جس نے نیچرلائزیشن کے لئے اپلائی کرنے سے پچھلے پانچ سالوں کے دوران مخصوص جرائم کئے ہوں، یا جو اپنے نیچرلائزیشن کے انٹرویو کے دوران جھوٹ بولے۔

ایسے چال چلن جو اچھا اخلاقی کردار نہ ہونے کا اظہار کر سکتے ہیں

- نشے کی حالت میں گاڑی چلانا، یا زیادہ تر وقت نشے کی حالت میں رہنا۔
- غیر قانونی جوا کھیلنا۔
- پراسٹیٹیوشن (عصمت فروشی)۔
- امیگریشن کے فائدے حاصل کرنے کی غرض سے جھوٹ بولنا۔
- چائلڈ سپورٹ (بچے کے لئے خرچہ) ادا نہیں کرنا، جبکہ عدالت نے اسکا حکم دیا ہے۔
- دہشت گردی کی کارروائیاں کرنا۔
- کسی کو نسل، مذہب، ابتدائی قومیت، سیاسی رائے، یا معاشرتی طبقے کی بنا پر اذیّتیں پہنچانا۔

اگر آپ سے بعض مخصوص جرائم کا ارتکاب ہوا ہے، تو آپ کبھی امریکی شہری نہیں بن سکتے اور زیادہ امکان ہے کہ آپکو ملک سے نکال دیا جائے۔ ان جرائم کو نیچرلائزیشن کے ”بارز“ کہا جاتا ہے۔ جرائم جنکو ”ایگراویٹڈ فیلونیز“ (اگر 29 نومبر، 1990، کو یا اسکے بعد کئے گئے ہوں) کہا جاتا ہے، بشمول: قتل، زنابالجبر، کسی بچے کے ساتھ جنسی بد فعلی، شدید حملہ، غداری، اور نبشیات، آتشین اسلحہ یا انسانوں کی ناجائزتجارت، نیچرلائزیشن کے کچھ مستقل بارز کی مثالیں ہیں۔ زیادہ تر حالات میں ایسے امیگرنٹس جو

امیگرنٹس ہونے کی وجہ سے امریکی مسلح افواج میں سرو کرنے سے مستثنی یا سبکدوش کر دئے گئے، اور ایسے امیگرنٹس جو امریکی مسلح افواج کو چھوڑ بھاگے بھی امریکی شہریت حاصل کرنے سے مستقل طور پر بار کردئے (روک دئے) جاتے ہیں۔

آپکو شہریت ایسے میں بھی نا منظور کی جاسکتی ہے کہ آپ اپنے اور رویّوں سے ظاہر کریں کہ آپ میں اچھے اخلاقی کردار کی کمی ہے۔

دیگر جرائم نیچرلائزیشن کے عارضی بارز ہیں۔ عارضی بارز عام طور سے آپکو جرم کرنے کے بعد پانچ سال یا اس سے کم مدّت تک شہری بننے سے روکتے ہیں۔ ان میں شامل ہیں:

- کسی شخص کے خلاف جرم اسکو نقصان پہنچانے کے ارادے کے ساتھ۔
- جائداد یا حکومت کے خلاف کوئی دھوکے بازی والا جرم۔
- دو یا دو سے زیادہ جرائم جنکی سزائیں ملکر پانچ یا پانچ سے زیادہ سالوں کی قید ہو۔
- زیر حکومتی کنٹرول اشیاء کے قوانین کی خلاف ورزی (مثلاً ناجائز منشیات کا استعمال یا فروخت)۔
- پچھلے پانچ سالوں میں 180 یا اس سے زیادہ دن جیل یا قید خانے میں گزارنا۔

نیچرلائزیشن کی درخواست دیتے وقت آپکے لئے وہ جرائم رپورٹ کرنا ضروری ہے جو آپ سے سرزد ہوئے ہوں۔ ان میں وہ جرائم شامل ہیں جو آپ کے ریکارڈ سے ہٹا دئے گئے ہوں یا جو آپ نے اپنی اٹھارویں (18th) سالگرہ سے پہلے کئے ہوں۔ اگر آپ USCIS کو انکے بارے میں نہیں بتاتے تو آپکی شہریت کی درخواست نامنظور ہو سکتی ہے اور آپ پر مقدمہ چلایا جاسکتا ہے۔

5. انگریزی اور سیوکس (شہریّت کا علم)
عام طور سے آپکو یہ دکھانا ہوگا کہ آپ انگریزی پڑھ سکتے، لکھ سکتے، اور بول سکتے ہیں۔ آپکو امریکی تاریخ اور حکومت (جسکو ''سیوکس'' بھی کہتے ہیں) کی بنیادی معلومات بھی ہونی چاہیئں۔ اپنے علم کے ثبوت میں آپکو ایک انگریزی اور ایک سیوکس کا ٹیسٹ پاس کرنا ہوگا۔

کئی تعلیمی ادارے اور کمیونٹی کی تنظیمیں لوگوں کو شہریّت کے ٹیسٹس کی تیاری میں مدد کرتے ہیں۔ ٹیسٹ کے سوالوں کے نمونے آپکو ''اے گائیڈ ٹو نیچرلائزیشن'' *''A Guide to Naturalization''* میں مل سکتے ہیں۔ USCIS کا شہریّت کا دفتر آپکی سٹڈی میں مدد کے لئے سیوکس فلیش کارڈز ''Civics Flash Cards'' اور ''لرن اباؤٹ دی یونائٹڈ سٹیٹس: کوئک سیوکس لیسنز'' *''Learn About the United States: Quick Civics Lessons''* کی قسم کی چیزیں مہیّا کرتا ہے۔ یہ آپکو مفت حاصل ہو سکتی ہیں http://www.uscis.gov پر۔

6. آئین کے ساتھ وابستگی
آپکو امریکا اور اسکے آئین کی تائید اور دفاع کرنے کے لئے تیار ہونا چاہیئے۔ جب آپ ''اوتھ آف الیجیئنس'' (فرماں برداری کا حلف) لیتے ہیں، آپ امریکا اور اسکے آئین کے ساتھ ''وابستگی'' یا وفاداری کا اعلان کرتے ہیں۔ جب آپ اوتھ آف الیجیئنس لیتے ہیں تو آپ امریکی شہری بن جاتے ہیں۔

انگریزی اور سیوکس کی ضروریات سے استثناء

بعض نیچرلائزیشن کے درخواست دہندگان کے لئے، انکی عمر کی وجہ سے یا امریکا میں انکی رہائش کی مدّت کی وجہ سے، ٹیسٹ کی ضروریات مختلف قسم کی ہوتی ہیں۔

اگر آپکی عمر:	امریکا میں پرمننٹ ریزڈنٹ کے طور سے قیام کا عرصہ ہے	آپ کو لینے کی ضرورت نہیں	آپکو لینا ضر وری ہے
50 یا اس سے اوپر ہے	20 سال	انگریزی کا ٹیسٹ	سیوکس کا ٹیسٹ اپنی زبان میں
55 یا اس سے اوپر ہے	15 سال	انگریزی کا ٹیسٹ	سیوکس کا ٹیسٹ اپنی زبان میں
65 یا اس سے اوپر ہے	20 سال	انگریزی کا ٹیسٹ	زیادہ سادہ سیوکس کا ٹیسٹ اپنی زبان میں

اگر آپکو انگریزی ٹیسٹ لینے کی ضرورت نہیں ہے، تو سیوکس ٹیسٹ کے لئے آپکو اپنا مترجم لانا ہوگا۔ مخصوص حالات میں، اگرآپکی کوئی ایسی معذوری ہے جسکی وجہ سے آپکا انٹرویو کے لئے آنا ناممکن ہے، تو خاص انتظامات کئے جا سکتے ہیں۔ مزید معلومات کے لئے USCIS کی فارمز لائن کے ساتھ 1-800-870-3676 پر رابطہ کرکے فارم N-648 طلب کریں، یا USCIS کی ویب سائٹ: http://www.uscis.gov سے ایک کاپی حاصل کریں۔

ایسے لوگوں کے لئے اوتھ آف الیجیئنس لینا ضروری نہیں ہے جو یہ دکھا ئیں کہ جسمانی یا نشوونما سے متعلق معذوری کی وجہ سے وہ اوتھ کا مطلب سمجھنے سے قاصر ہیں۔

اگر آپکی نیچرلائزیشن کی درخواست زیر غور ہے اور آپ اپنی رہائش منتقل کرتے ہیں، تو آپکے لئے ضروری ہے کہ آپ USCIS کو اپنے نئے پتے سے مطلع کریں۔ اپنا نیا پتا درج کرنے کے لئے آپ 1-800-375-5283 کال کر سکتے ہیں۔ آپکو DHS کے پاس فارم AR-11 داخل کرانا بھی ضروری ہے۔ آپ اون لائن اپنا پتہ ویب سائٹ http://www.uscis.gov پر الیکٹرونک AR-11 form کے ذریعے تبدیل کر سکتے ہیں۔ ہدایات کے لئے صفحہ 8 دیکھیں۔

نیچرلائزیشن کی تقریبات

اگر USCIS آپکی نیچرلائزیشن کی درخواست منظور کرلیتا ہے تو آپکو ایک تقریب میں شرکت کرنی ہوگی اور اوتھ آف الیجیئنس لینی ہوگی۔ آپکی تقریب کا وقت اور تاریخ بتانے کے لئے USCIS آپکو ایک فارم N-445، نوٹس آف نیچرلائزیشن اوتھ سیریمونی "Notice of Naturalization Oath Ceremony"، بھیجیگا۔ آپکو چاہیئے کہ اس فارم کو پر کرکے اپنے ساتھ تقریب میں لائیں۔

اگر آپ تقریب میں نہیں جاسکتے تو آپ اسکی تاریخ بدلوا سکتے ہیں۔ تقریب کے اوقات بدلوانے کے لئے آپکو فارم N-445 اپنے مقامی USCIS کے دفتر کو ایک خط کے ساتھ واپس کرنا ہوگا، جس میں آپکی تقریب میں شرکت نہ کر سکنے کی وجہ کی وضاحت ہوگی۔

اوتھ کی تقریب میں شمولیت (چیک-ان) کرتے وقت آپ اپنا پرمننٹ ریزڈنٹ کارڈ USCIS کو واپس کردینگے۔ اس کارڈ کی اب آپکو ضرورت نہیں ہوگی کیونکہ تقریب میں آپکو ایک سرٹیفکیٹ آف نیچرلائزیشن "Certificate of Naturalization" ملیگا۔

آپ اسوقت تک شہری نہیں ہیں جبتک آپ اوتھ آف الیجیئنس نہیں لےلیتے۔ ایک اہلکار اوتھ کا ہر جز آہستگی کے ساتھ پڑھکر سنائےگا اور آپ سے الفاظ دہرانے کو کہیگا۔ اوتھ لینے (حلف اٹھانے) کے بعد آپ اپنا سرٹیفکیٹ آف نیچرلائزیشن "Certificate of Naturalization" وصول کرینگے۔ یہ سرٹیفکیٹ ثابت کرتا ہے کہ آپ امریکی شہری ہیں۔ آپ جبتک ایک باقاعدہ تقریب میں اوتھ آف الیجیئنس نہیں لیلیتے، اسوقت تک شہری نہیں ہیں۔

اوتھ آف الیجیئنس کی تقریب ایک عوامی واقعہ ہے۔ کئی کمیونٹیز ہر سال 4 جولائی، یوم آزادی کے دن خصوصی تقاریب کرتی ہیں۔ پتا کریں آیا آپکی کمیونٹی ایک خصوصی 4 جولائی کی سٹیزنشپ (شہریّت) تقریب کا اہتمام کرتی ہے اور آپ اس میں کس طرح حصّہ لے سکتے ہیں۔ بہت لوگ اپنے خاندان والوں کو ساتھ لاتے ہیں اور تقریب کے بعد خوشی مناتے ہیں۔

امریکا آج کے روز*



* گوام، امریکی سموئا، اور یو ایس ورجن آئلینڈز کے علاقے اور ناردرن ماریانا آئلینڈز اور پورٹو ریکو کی کامن ویلتھس بھی یونائٹڈ سٹیٹس میں شامل ہیں، جو اس نقشے میں نہیں دکھائی گئی نہیں۔

وفاقی تعطیلات

وفاقی حکومت مندرجہ ذیل سرکاری تعطیلات مناتی ہے۔ زیادہ تر وفاقی دفاتر ان دنوں کے لئے بند ہوتے ہیں۔ اگر کوئی چھٹی ہفتے کے روز پڑتی ہے تو وہ اس سے پچھلے دن جمعہ کو منائی جاتی ہے۔ اگر کوئی چھٹی اتوار کے روز پڑتی ہے تو وہ اگلے دن پیر کو منائی جاتی ہے۔ کئی آجر بھی اپنے ملازمین کو ان دنوں پر چھٹی دیتے ہیں۔

نیو یرز ڈے (نئے سال کا دن)	1 جنوری
برتھڈے آف مارٹن لیوتھر کنگ	جنوری کا تیسرا سوموار
پریزڈنٹس ڈے (صدروں کا دن)	فروری کا تیسرا سوموار
مموریئل ڈے (یاد منانے کا دن)	مئی کا آخری سوموار
انڈیپینڈنس ڈے (یوم آزادی)	4 جولائی
لیبر ڈے (مزدوروں کا دن)	ستمبر کا پہلا سوموار
کولمبس ڈے	اکتوبر کا دوسرا سوموار
ویٹرنز ڈے (آزمودہ سپاہیوں کا دن)	11 نومبر
تھینکسگونگ ڈے (شکر گزاری کا دن)	نومبر کی چوتھی جمعرات
کرسمس ڈے	25 دسمبر

فوٹو کریڈڑس

صفحہ 8، دایاں فوٹوگراف از مہربانی http://www.goarmy.com۔

صفحہ 25، ٹیکسٹ بک، سب سے اوپر کا فوٹوگراف از جیرلڈ ایل نینو۔

صفحات1, 19, 42, اور43، فوٹوگراف از جان واوریکا۔

آپ اپنی منزل کی طرف گامزن ہیں

ہمیں امید ہے کہ آپکو یہ گائیڈ کارآمد لگےگا۔ اب جو آپ امریکا میں اپنی نئی زندگی کا آغاز کررہے ہیں تو یہ گائیڈ اس میں آپکی مدد کرنے کے لئے لکھا گیا ہے اور اس لئے کہ آپ ایک مستقل شہری کی حیثیت سے اپنے حقوق اور ذمہ داریاں بہتر سمجھ سکیں۔ گائیڈ آپکو طریقے بتاتا ہے کہ آپ اپنی کمیونٹی کی سرگرمیوں میں بہتر حصّہ لےسکیں۔ اس میں ان میں سے کچھ چیزوں کا بھی ذکر ہے جنکے بارے میں، اگر آپ ایک نیچرلائزڈ شہری بننا چاہتے ہیں، تو آپکو سیکھنا پڑینگا۔ اگر آپ USCIS کی ویب سائٹ پر جائیں (http://www.uscis.gov) تو آپکو دیگر چیزیں ملینگی جو آپکو مزید سیکھنے میں مدد کرینگی۔

اب جو آپ یہاں پر ہیں، آپکو یہ دیکھنے کا موقع ملیگا کہ امریکا میں زندگی کیا کچھ ہو سکتی ہے۔ ہم آپکا ایک مستقل رہائشی کے طور پر خیر مقدم کرتے ہیں اور چاہتے ہیں کہ آپکی امریکا میں ایک کامیاب زندگی ہو۔